اس نقش کے فوائد تحریر کرنے سے قلم عاجز زبان قاصر ہے۔ مال و دولت کی زیادتی، لاعلاج امراض سے شفا، تسخیر خلائق، تجارت میں برکت، بگڑی ہوئی اولاد، تابع فرمان ہو جائے۔ اولاد کی شادی ہو جائے، دشمن زیر ہو جائیں۔ بھاگے ہوئے شخص کی واپسی ہو جائے۔ مقابلہ میں فتح ہو، ہر کام میں کامیابی، اگر عورت اپنے مرد کو گھول کر پلائے تو وہ مرد دوسری عورت کی طرف مائل نہ ہوگا اور مرد ایسا کرے تو عورت شوہر ایک منٹ جدا نہ ہوگی۔ اولاد نرینہ پیدا ہو۔ اور استقرار حمل وغیرہ۔ الغرض کسی مقصد میں گھول کر پلادے تو بحکم خدا وہ جائز مقصد پورا ہوگا۔

ادارہ روحانیات رحیمیہ بہاولپور

نقطہ خاکی ہے (نوٹ: نقطہ آبی ∴ خانہ ۷ میں قوی ہے اس لئے اس کو طالع تصور کریں)

۱۱۰. لائن ۷: چودھواں نقطہ آتش ∴ ہے (پھر آپ نقطہ آتش کی بجائے خاک ∴ سے ۱۴ نقطہ آتش ∴ ہے" لائن ۸ بادی کے بجائے خانہ آب ہے، لائن ۹ (∴ خانہ پنجم) کے بجائے خانہ ۲ ہے (اس کے ساتھ آب ۰۰۰) قبض الداخل میں آبی نقطہ نہیں ہے

۱۱۳. نقطہ باد ∴ خانہ ۸ میں کمزور ہے اس لئے باد ∴ کو طالع تصور کیا جائے۔

۱۱۴. لائن ۶. ∴ بادی کے بجائے ∴ ، نقطہ ۷ ∴ کی بجائے ∴ آبی ہے یہ شکل سعد ممتزج ہے جبکہ آبی خانہ آتشی ۹ میں موجود ہے نقطہ ۹ قبض الخارج ∴ آتشی نہیں بلکہ خاکی ∴ ہے

۱۱۷. نقطہ میزان ∴ نقطہ خاکی فرح خانہ ۵ میں ہے لیکن طالع خاک ∴ لیا گیا ہے

۱۱۸. منتہی بہ سے پانچواں نقطہ بجائے ∴ کے ∴ بنتا ہے اس کا مطلوب مستقبل ∴ کی بجائے خاک ∴ ہے اس کا مطلوب غائبانہ باد ∴ ہے۔ خانہ اول میں نہیں ۱۱ میں ہے۔

۱۱۹. طالع سائل نقطہ آبی ∴ ہے لیکن نقاط مرتبہ خاک کے لیے گئے

۱۲۵. لائن ۶: چونکہ نقطہ آتش بھی ۷ کے بجائے نقطہ آب ہوگا نقطہ ششم (بیاض ∴) نہیں ∴ ہے

۱۲۷. لائن ۲: نصرۃ الخارج کی جگہ نصرۃ الداخل ∴ ، لائن ۶): قبض الخارج کی جگہ نقب الحرس

۱۲۸. لائن ۶: خانہ دوست آب کے بجائے خاک دوست ہے۔

۱۲۹. ساتواں نقطہ ∴ کے بجائے ∴ ہے۔

۱۳۰. لائن ۶: خانہ میزان کے عدد تین ہیں - بروج ابدح

۱۳۲. لائن ۲. خانہ ۱۲ کے بجائے خانہ ۱۴ ، لائن ۵ (یعنی عقبۃ الداخل ∴ نقطہ آبی لکھیں)

۱۳۳. مطلوب مستقبل عقبۃ الخارج باد کا آب عقبۃ الخارج ہے نہ کہ ∴ ۔

۱۳۴. نقطہ میزان آبی نے خانہ دو بادی میں مقام کیا ہے لیکن نقطہ آبی ہے اس لئے یہ صاحب المرکز نہیں۔ اب بیاض کا حاکم اصغر نقطہ عقبۃ الخارج۔

منسوبات نقطہ

علمائے رمل نے چار عنصر کو تسلیم کیا ہے۔ آتش، باد، آب، خاک۔ علم رمل کا مدار ان چار نقاط پر ہے۔ لہذا اس علم میں بحث ان نقاط کی ضروری ہے

نسبت نقطہ آتش	نسبت نقطہ باد	نسبت نقطہ آب	نسبت نقطہ خاک	نسبت نقطہ آتش	نسبت نقطہ باد	نسبت نقطہ آب	نسبت نقطہ خاک
نور	رحمت	مغفرت	رحمت	نورِ خدا	عقل	نفس	کیفیت
انسان	حیوان	پرند	حشرات الارض	ا	ب	د	ج
دماغ	لب	کلتوڑی	حلق	روح آدمی	روح حیوان	نباتات	جمادات
بچہ	جوان	درمیانی عمر	بوڑھا	علوی دن	علوی دن	سفلی رات	سفلی رات
خارج	داخل منقلب	داخل	ثابت خارج	مذکر	مذکر	مونث	مونث
روح	عقل	نفس	جسم	متحرک (روشنی)	متحرک (در روشنی)	متحرک (تاریکی)	متحرک کمال تاریکی
ناطق	ناطق	ناطق	صامت	شیرینی	شیرین	مشور	ترش
روشن دن	روشن دن	رات	تاریک رات	گرم خشک	گرم تر	سرد تر	سرد خشک
خلط صفراوی	دموی	بلغمی	سوداوی	خارج	منقلب	ثابت	داخل
قوت ہاضمہ	قوت جاذب	قوت دافعہ	قوت ماسکہ	آتش معدنی	باد حیوانی	آب نباتی	خاک جمادی
شرقی	غربی	شمالی	جنوبی	فاعل	فاعل	مفعول	مفعول
خون سر	صفرا ہاتھ	بلغم دھڑ	سودا پاؤں	زرد [illegible] پ	سرخ [illegible]	سفید مخفیہ کام	سیاہ دفینہ
ناظر	ناطق	واصل	خشک	ارزانی	گرانی	ارزانی	گرانی
ساعت	روز	ماہ	سال	تابستانی	بہاری	سرما	زمستانی
نقصان	مخالف	ضد	غائب	علم [illegible]	برادر حشرات (۱)	جواہر و آثار [illegible] (۱۰۰)	خواب آشفتہ الوقت (۱۰۰۰)
سوال	فرزند	ہدیہ	نعمت	نشو	افلاس	میراث	مرگ
مال تقاری، نذر جان دینا	دوست مددگار نطق فصاحت	معاملہ معاش نفسانی	قدوم غائب انفعال	سفر دیکھنا	علوم بولنا	ملنا جھوٹ	جدا ہونا دین
معشوق (۱)	مطلوب (۲)	سبب (۳)	خلوت (۹)	بادشاہ	عمل	نادر	ضعیف
مریض	ملازم	حیوان خورد	خوف و خطر	خوشی	سرکشی	خوف	رنج
دشمن	دعویٰ	حیوان بزرگ	قیدی	دیکھنا	بولنا	ملنا	جدائی
عشق	طلب	تردد	حصول	روحِ انسانی	روحِ حیوانی	روح پرند	روح حشرات
سعادت جبرئیل	دوستان اسرافیل	اعداء میکائیل	طرفداران عزرائیل	—	—	—	—

نسبت اشکال وقت و دن، رات

غرض یہ ہے کہ علم رمل میں رمل کی اشکال کا تعلق اوقات یوم اور انکی رات دن سے ہے۔ سیر نقاط میں وقت مطلوب شکل کے نقط کے لحاظ سے ستارہ اور وقت اور روز و شب کو معلوم کیا جاتا ہے۔

ا سلیئے نقشہ ذیل پیش ناظرین ہے

شکل								
نام منسوبہ یوم	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	سنیچر	خمیس	منگل	سنیچر
نام منسوبہ رات	خمیس کی رات	اتوار کی رات	اتوار کی رات	جمعہ کی رات	بدھ کی رات	سوموار کی رات	سنیچر کی رات	بدھ کی رات
نام منسوبہ ستارہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	راس ذنب
وقت در یوم	عصر و ظہر	ظہر و صبح	صبح مجہول	مغرب عشاء	مغرب ظہر	مغرب کی صبح	عصر صبح	مجہول

شکلوں کی نسبت حروف سے

اشکال ابدج									
منسوبہ حروف	ق ا	ص ب	ت ج	ر د	ش ھ	ث و	ث ک	ح خ	—
اشکال ابدج									—
منسوبہ حروف	ظ ذ	ض ف	ک ظ	ل غ	م ا	ن ب	س ج	ع د	—
	—	—	—	—	—	—	—	—	—

خانوں کی نسبت حروف سے

خانہ	ا	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
منسوبہ حروف	ی	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ

نقاط کی رنگ سے نسبت کا نقشہ

عنصر نقطہ	آتشی	بادی	آبی	خاکی
عنصر والے خانے	۱، ۵، ۹، ۱۳	۲، ۶، ۱۰، ۱۴	۳، ۷، ۱۱، ۱۵	۴، ۸، ۱۲، ۱۶
خانہ آتش میں	زرد مطلق	نارنجی	نخودی	جگری
خانہ باد میں	نارنجی	سرخ مطلق	گلابی	بنجانی
خانہ آب میں	سفید مائل بہ زردی	سفید مائل بہ سرخی	سفید مطلق	سیاہ
خانہ خاک	جگری	قرمزی	قدرے سیاہ	سیاہ مطلق

اشکال نقطہ کی زمانہ سے نسبت

یاد رہے کہ لحیان ☲ اور نصرۃ الخارج ☵ قبض الخارج ☶ اور عصبۃ الخارج ☳ یہ آتشی شکلیں ہیں۔ خانہ آتشی میں ہونگی تو یہ زمانہ حال کی خبر دیں گی۔ حمرہ ☲، اجتماع ☳، فرح ☵، قبض الداخل ☶ یہ بادی شکلیں ہیں اگر یہ خانہ بادی میں ہونگی تو زمانہ حال کی خبر دیں گی۔ اور اگر خانہ آب میں ہونگی تو مستقبل کی اور خاک میں زمانہ ماضی کی خبر دینگی۔ اگر آتشی خانہ میں ہونگی تو زمانہ حال در حال کی خبر دیں گی اور بیاض ☲، قبض الخارج ☵ نقی ☵ طریق ☳ یہ آبی شکلیں ہیں۔ اگر خانہ آب میں ہوں تو زمانہ حال، خانہ خاک میں مستقبل اور آتش میں زمانہ ماضی اور خانہ باد میں زمانہ حال در حال کی خبر دیں گی۔ اور اگر انحیس ☲، عقلہ ☵، قبض الداخل ☵ اور جماعت ☲ یہ خاکی شکلیں خانہ خاک میں ہوں تو زمانہ حال کی، خانہ آتش میں مستقبل کی اور خانہ باد میں ماضی کی اور خانہ آب میں زمانہ حال در حال کی خبر دیں گی۔ زیادہ تشریح کے لئے یہاں نقشہ پیش کرتا ہوں۔

شمار ترتیب اشکال	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
دائرہ ابدج	☲	☲	☵	☵	☵	☳	☳	☲	☲	☵	☵	☵	☵	☳	☳	☲
زمانہ حال کی خبر	آتشی	بادی	آتشی	آبی	آتشی	بادی	آتشی	خاکی	خاکی	خاکی	بادی	آبی	آبی	بادی	آبی	خاکی
زمانہ مستقبل کی خبر	بادی	آبی	بادی	خاکی	بادی	آبی	بادی	آتشی	آتشی	آتشی	آبی	خاکی	خاکی	آبی	خاکی	آتشی
زمانہ ماضی کی خبر	آبی	خاکی	آبی	آتشی	آبی	خاکی	آبی	بادی	بادی	بادی	خاکی	آتشی	آتشی	خاکی	آتشی	بادی
حال در حال کی خبر	خاکی	آتشی	خاکی	بادی	خاکی	آتشی	خاکی	آبی	آبی	آبی	آتشی	بادی	بادی	آتشی	بادی	آبی

نظرات نقطہ

علمائے رمل نے اشکال رمل یعنی نقطہ کی نظرات کو پانچ قسم پر تقسیم کیا ہے۔

۱۔ نظر مقارنہ :۔ جسے نظر اقرب کہتے ہیں۔ اور نظر متعارفہ بھی کہتے ہیں۔ یعنی دونوں اشکال ساتھ ساتھ ہوں۔ اسے نظر مقارنہ کہتے ہیں۔ مثلاً دائرہ ابدج میں پہلی شکل لیحان ☰ ہے اور اس کے بعد دوسری شکل حمرہ ☲ ہے۔ یہ دونوں شکلیں ایک دوسرے سے نظر مقارنہ رکھتی ہیں اور اسطرح شکل نمبر ۱۲ ☵ شکل اول لیحان سے مقارنہ رکھتی ہے۔

۲۔ نظر تسدیس :۔ یہ نظر شکل م۱ سے شکل م۳ اور شکل م۱ سے شکل م۱۱ سے تسدیس رکھتی ہے مثلاً لیحان یہ شکل ابدج کی م۱ ☰ ہے اور شکل م۳ نصرۃ الخارج ☶ سے نظر تسدیس رکھتی ہے۔ اسطرح لیحان ☰ سے شکل م۱۱ ☴ فرح نظر تسدیس رکھتی ہے۔ اسطرح دوسرے خانے کی شکل ☲ حمرہ نظر تسدیس خانہ چہارم شکل بیاض ☱ سے رکھتی ہے۔ علیٰ ہذا القیاس بارہ خانے بارھویں خانہ کی شکل نصرہ الداخل ☳ خانہ دوم کی شکل ☲ سے بالکل اسی طرح نظر تسدیس رکھتی ہے۔

۳۔ نظر تربیع :۔ طالع شکل م۱ سے شکل م۴ اور شکل م۱۰ مثلاً خانہ م۱ شکل لیحان ☰ ہے۔ اور دائرہ ابدج کی چوتھی شکل بیاض ہے ☱ اور اس سے لیحان شکل کی نظر تربیع ہے۔ اسطرح لیحان ☰ سے دسویں شکل قبض الداخل ☵ شکل لیحان ☰ کی نظر تربیع ہے۔ اسطرح ہر چوتھی شکل دسویں شکل کے نظر تربیع ہوتی جائے گی۔

— دائرہ ابدج —



۴۔ نظر تثلیث :۔ یہ شکل م۱ رکھتی ہے۔ شکل م۵ اور شکل م۹ مثلاً دائرہ ابدج کی شکل م۱ لیحان ☰ ہے اور خانہ م۵ کی شکل ☶ قبض الخارج ہے خانہ م۹ کی شکل ☷ عقلہ ہے۔ یہ ایک دوسرے کو نظر تثلیث دیکھ رہی ہیں۔ علیٰ ہذا القیاس اسطرح عمل کریں۔

۵۔ نظر مقابلہ :۔ شکل م۱ اور شکل م۷ کا نظر مقابلہ ہے۔ اور شکل م۲ کا اور شکل م۸ کا مقابلہ ہے اور شکل م۳ اور شکل م۹ کا مقابلہ ہے۔ مثلاً دائرہ ابدج کی شکل م۱ ☰ لیحان ہے۔ شکل م۷ ☶ عبتہ الخارج ہے۔ اسطرح شکل م۲ ☲ حمرہ ہے اور شکل م۸ انکیس ہے۔ ان دونوں کی نظر مقابلہ ہے۔ اسطرح تمام عمل کریں۔

غور :۔ دائرہ ابدج کے لحاظ سے مذکورہ بالا مختصر سا خاکہ پیش کیا گیا تھا۔ آپ کی آسانی کے لئے جدول پیش کی جاتی ہے۔

نوٹ :۔ لیحان کی بجائے لفظ لیجان لکھا گیا ہے جو کہ غلط ہے۔ درست لفظ "لحیان" ہے

جدول درج ذیل ہے

نمبر شمار	زائچہ خانے	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
۱	نظر مقارنہ	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱
۲	نظر تسدیس	۳/۱۱	۴/۱۲	۵/۱	۶/۲	۷/۳	۸/۴	۹/۵	۱۰/۶	۱۱/۷	۱۲/۸	۱/۹	۲/۱۰
۳	نظر تربیع	۴/۱۰	۵/۱۱	۶/۱۲	۷/۱	۸/۲	۹/۳	۱۰/۴	۱۱/۵	۱۲/۶	۱/۷	۲/۸	۳/۹
۴	نظر تثلیث	۵/۹	۶/۱۰	۷/۱۱	۸/۱۲	۹/۱	۱۰/۲	۱۱/۳	۱۲/۴	۱/۵	۲/۶	۳/۷	۴/۸
۵	نظر مقابلہ	۱/۷	۲/۸	۳/۹	۴/۱۰	۵/۱۱	۶/۱۲	۷/۱	۸/۲	۹/۳	۱۰/۴	۱۱/۵	۱۲/۶
۶	نظر سواقط	۶/۱۲	۷/۱	۸/۲	۹/۳	۱۰/۴	۱۱/۵	۱۲/۶	۱/۷	۲/۸	۳/۹	۴/۱۰	۵/۱۱

زائچہ کے خانوں کی اعضاء جسمانی سے تعلق



نظرات لقطے کا اثر

۱۔ نظر مقارنہ :۔ یہ نظر قدرے محبت کی ہے۔
۲۔ نظر تسدیس :۔ یہ نظر محبت ہے۔ لیکن نیم دوستی کی ہے
۳۔ نظر تربیع :۔ یہ نظر نیم دشمنی کی ہے۔
۴۔ نظر تثلیث :۔ یہ نظر نہایت محبت کی ہے۔
۵۔ نظر مقابلہ :۔ یہ نظر دشمنی کی ہے۔
۶۔ نظر ساقط :۔ اجنبیت اور دشمنی کی ہے۔

گھروں سے جواب کس طرح حاصل کیا جاتا ہے تفصیل درج ذیل ہے

زائچہ کے خانوں میں سیر رمل معلوم کرنا بہت مشکل ہے۔ اسلئے میں نے بڑی محنت سے اسکی تفصیل کا نقشہ مختصر پیش کیا۔ عام طور پر بازاری اور اشتہاری علم رمل کا دعویٰ کرنے والوں سے سائل کی تسلی تشفی نہیں ہوتی۔ انہیں معلوم نہیں ہوتا کہ سوال زائچہ کے کس خانے سے تعلق رکھتا ہے۔ اور صحیح جواب کس طرح سائل کو دیا جائے۔ تاکہ جواب درست ہو۔ ناظرین کی آسانی کیلئے یہ جدول پیش کیجاتی ہے۔ تاکہ ایسے سوالات کا متعلقہ خانہ معلوم ہوسکے۔ اہل علم حضرات ایسی باتوں کو پوشیدہ رکھتے ہیں۔ لیکن بندے نے واضح کر

— جدول درج ذیل ہے —

X	X	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
X	X	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ
سوال متعلق	خانہ سائل سے خانہ مطلوب تک	حیات	مال	بھائی بہن	ماں باپ	اولاد	مرض	زوجہ	عمر اور موت	علم و سفر	عزت و حکومت	آمدنی	دشمنی
سائل	۱	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
بھائی بہن	۱ سے ۳	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
ماں باپ	۱ سے ۴	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
لڑکے لڑکیاں	۱ سے ۵	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
نانا نانی	۴ سے ۷	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲
زوجہ	۱ سے ۷	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲
زوجہ کا ماں باپ	۷ سے ۱۰	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵
زوجہ کے بہن بھائی	۷ سے ۹	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴
باپ کے بھائی بہن	۴ سے ۶	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱
ماں کے بھائی بہن	۴ سے ۶	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱
ماموں کے لڑکے لڑکیاں	۶ سے ۷	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵
چچا کے لڑکے لڑکیاں	۶ سے ۱۰	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵
دوست	۱ سے ۱۱	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶
دشمن	۱ سے ۱۲	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
دوست کی اولاد	۱۱ سے ۱۵	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
دشمن کی اولاد	۱۲ سے ۱۶	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
دوست کا دشمن	۱۲ سے ۷	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲
—	—	—	—	—	—	—	—	—	—	—	—	—	—

باقی اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیے

گذشتہ سے پیوستہ

×	×	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
×	×	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ
سوال متعلق	خانہ سائل سے خانہ مطلوب تک	[illegible]	مال	[illegible]	[illegible]	اولاد	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	دوستانہ	دشمن
دوست کا دشمن	۱۲ سے ۶	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱
دوست کا دوست	۱۱ سے ۵	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
اولاد کا دشمن	۵ سے ۱۶	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
چچا کا دشمن	۶ سے ۱	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
ماموں کا دشمن	۶ سے ۸	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳
اولاد کا دوست	۵ سے ۱۵	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
زوجہ کا دشمن	۷ سے ۲	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
زوجہ کا دوست	۷ سے ۱	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
بھتیجے بھتیجیاں	۳ سے ۷	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲
ماموں زاد کی اولاد	۱۲ سے ۱۶	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
دوست کی اولاد کا دشمن	۱۵ سے ۱۰	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵
معشوق سائل	۱ سے ۵	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
معشوق کا معشوق	۵ سے ۹	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴
عورت کا معشوق	۷ سے ۵	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
لڑکی و لڑکے کا معشوق	۵ سے ۹	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴
باپ کا معشوق	۴ سے ۸	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳
بھائی کا معشوق	۳ سے ۷	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲
چچا کا معشوق	۶ سے ۱۰	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵
ماموں کا معشوق	۷ سے ۱۱	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶
ماموں زاد کا معشوق	۱۱ سے ۱۵	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
دوست کا معشوق	۱۱ سے ۱۵	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰



قانون ۱: یہ ہے کہ پہلا خانہ سائل کا ہے۔ دوسرا اسکے مال کا تیسرا اس کے بہن بھائی۔ چوتھا خانہ اس کے ماں باپ کا پانچواں اس کے اولاد معشوق کا ہے۔ علیٰ ہذا القیاس ۱۲ خانوں تک اور پھر تیسرا سائل کے بھائی بہن کا طالع ہے۔ چوتھا بھائی بہن کا مال ہے۔ پانچواں بھائی بہن کے بھائی بہن کا چھٹا بھائی بہن کے ماں باپ کا ہے۔ اور ساتواں بھائی بہن کے اولاد و معشوق ہے۔ علیٰ ہذا القیاس اسی طرح بارہ خانوں تک حال معلوم کئے جا سکتے ہیں۔

اور چوتھا خانہ باپ کا طالع ہے۔ پانچواں خانہ باپ کے مال کا اور چھٹا خانہ باپ کے بہن بھائیوں کا ہے۔ ساتواں خانہ مال باپ کے ماں باپ کا ہے۔ اور پانچواں خانہ اولاد کا ہے۔ پانچواں خانہ اولاد کے طالع کا ہے چھٹا خانہ اولاد کے مال کا ہے۔ ساتواں خانہ اولاد کے بہن بھائی کا ہے۔ آٹھواں خانہ اولاد کے ماں باپ کا اسی طرح بارہ خانوں تک معلوم کرتے چلے جائیں۔

فوائد ضروری نقطے

منسوبات خانہ وشکل تحریر ہو چکے ہیں۔ اور منسوباتِ نقاط بھی درج ہو چکے ہیں۔ کچھ مزید اضافہ کرونگا۔

۱۔ اب نقشہ مراتب ہشتگانہ افرادی ۲۔ نقطہ کے ہر چہار مطلوب بہ زمانہ ماضی وحال ومستقبل وغائبانہ ۳۔ دور نقاط یعنی نظرِ رمل ۴۔ ضعف وقوتِ نقطہ ۵۔ دوستی ودشمن نقطہ ۶۔ خانوں کی طبع ۸۔ حاکمانِ نقطہ ۸۔ سیرِ رمل وغیرہ وغیرہ درج ہونگے۔ جو شائقینِ رمل مذکورہ بالا قانون سے ناآشنا ہوگا وہ کبھی صحیح جواب رمل سے اخذ نہ کر سکے گا۔

نقاط کے جان مراتب ہشتگانہ افرادی

مراتب ہشتگانہ افرادی سیرِ نقطہ میں اسکی روح ہے۔ بغیر اس کے نقطۂ رمل سے کوئی حکم نہیں لگا سکے گا اور یہ مراتب ہر ایک زائچہ سے مرتب ہو سکتے ہیں۔ قبل ازیں متعدد بار عرض کر چکا ہوں۔ عمل نقطہ کے قانون عام طور پر دائرۂ ابدج سے تعلق رکھتے ہیں۔ لہٰذا مراتب ہشتگانہ کا جدول دائرہ ابدج سے یہ ہے۔

اس کا قاعدہ یہ ہے :۔ یعنی آپ دائرہ ابدج سے ہر ایک عنصر کی اشکال علیحدہ ترتیب سے لکھیں۔ مثلاً جس شکل میں آتشی نقطہ ہے اور جس میں آبی، بادی اور خاکی نقطے ہیں۔ ان کو علیحدہ علیحدہ لکھ لیں۔ اس کا نام جدول مراتبِ ہشتگانہ افرادی ہے۔

مراتب ہشتگانہ افرادی

—		۷	۸	۱	۲	۳	۴	۵	۶
ہمدور		۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
۱	مراتب آتش	☰	☲	☳	☴	☵	☶	☷	☰
۲	مراتب باد	☴	☲	☳	☴	☵	☶	☷	☰
۳	مراتب آب	☵	☲	☳	☴	☵	☶	☷	☰
۴	مراتب خاک	☶	☲	☳	☴	☵	☶	☷	☰

علمائے رمل نے نظرات کی کیفیت کو اسطرح بیان کیا ہے



وضاحت

۱ ۔ نظرِ مقارنہ :۔ یہ نظر قدر سے محبت کی ہے۔
۲ ۔ نظرِ تسدیس :۔ یہ نظر محبت اور دوستی کی ہے۔ مگر نیم دوستی کی۔
۳ ۔ نظرِ تربیع :۔ یہ نظر نیم دشمنی کی ہے۔
۴ ۔ نظرِ تثلیث :۔ یہ نظر نہایت محبت کی ہے۔
۵ ۔ نظرِ مقابلہ :۔ یہ نظر نہایت دشمنی کی ہے۔
۶ ۔ نظرِ ساقط :۔ کوئی اثر نہیں ہے۔

مطلوباتِ نقطہ

مراتبِ ہشتگانہ افرادی کا نقشہ لکھا جا چکا ہے۔ اس سے مطلوبِ نقطہ بھی دیکھتے ہیں۔ یہ مطلوب چار قسم کے ہوتے ہیں۔ ۱۔ مطلوب ماضی ۲۔ مطلوب حال ۳۔ مطلوب مستقبل ۴۔ مطلوب غائبانہ۔ ان کے دیکھنے کا فائدہ یہ ہے۔ کہ کسی سائل کے گذرے ہوئے زمانہ و موجودہ و آنے والے زمانہ اور غائبانہ کا حال معلوم کیا جاتا ہے۔ مثلاً آپ نے دائرہ ابدح کی شکلِ اوّل آتشی ☲ لیجان کا مطلوب ماضی، حال، مستقبل و غائبانہ معلوم کرنا ہے۔ تو وہ اسطرح سے معلوم کیا جاتا ہے۔ اور یاد رکھیئے کہ مطلوب ماضی ہر ایک نقوط کا وہ نقطہ ہوتا ہے۔ جو اس سے اوّل اور مطلوب

حال ہر ایک نقطہ کا اس سے آگے والا نقطہ دوم ہے اور مطلوب مستقبل ہر ایک نقطہ اس نیچے والے ..... عنصر دوم سے ہے۔ اور مطلوب غائبانہ ہر ایک نقطہ کا اس سے عنصر چہارم ہے۔ مثال کے طور پر ایک زائچہ بنا کے اس کے مطلوبات بتاتے جائیں گے۔ میں سیر نقطہ اور حرکتِ نقطہ کو آگے چل کر عرض کرونگا۔ مثلاً شکل لیحان ☰ کے ہر چہار مطلوبات معلوم کرنے ہیں۔ ب نقشہ مراتب ہشتگانہ سامنے رکھئے اور دیکھئے کہ مراتب آتش کے خانے میں ☰ کے پیچھے شکل طریق ہے ⁞ یہ شکل لیحان ☰ کا مطلوب ماضی ہے۔ کیونکہ لیحان ☰ سے پہلے مراتب آتش میں کوئی نقطہ نہیں ہے۔ اور مطلوب حال لیحان ☰ کا اس کے آگے والا نقطہ نصرۃ الخارج ☰ ہے۔ اور مطلوب مستقبل لیحان ☰ کا نیچے کے عنصر مراتب باد کا نقطہ حمرہ ☰ ہوگا۔ اور مطلوب غائبانہ لیحان ☰ کا اس سے چوتھا عنصر آتشی سے چوتھا عنصر مراتب خاک میں لیحان کے نیچے نقطۂ خاک انکیس ☰ ہوگا۔ دوبارہ پھر غور کریں۔ ہر نقطہ کا ماضی مطلوب اس کے پہلے کا نقطہ ہے۔ اور مطلوب حال اس سے آگے کا اور مطلوب غائبانہ اس مرتبہ کا اس سے چوتھے عنصر کا نقطہ ہے۔ تشریح زائچہ ہذا پر غور فرمائیے۔



دیکھئے نقطہ آتش میزان حرکت کر کے خانہ ۱۴ میں پہنچا اور پھر خانہ نمبر ۱۴ سے خانہ نمبر ۱۱ میں چلا گیا وہاں سے خانہ پنجم میں منتہی ہوا۔ اور وہاں سے حرکتِ ارضی کر کے خانہ ۱ ☰ لیحان میں پہنچا۔ اس زائچہ میں لیحان ☰ کا مطلوب ماضی طریق ⁞ زائچہ میں دو مقام پر موجود خانہ نمبر ۳ میں بھی ہے۔ اور مطلوب مستقبل حمرہ ☰ زائچہ کے خانہ ۹ میں موجود ہے۔ اور مطلوب غائبانہ انکیس ☰ زائچہ کے خانے ۱۲ میں موجود ہے۔ اور مطلوب حال زائچہ کے خانہ ۲ نصرۃ الخارج ☰ میں موجود ہے۔ مذکورہ بالا زائچہ سے چاروں مطلوبات کا استخراج سمجھ لیا ہوگا۔ آپکی آسانی کیلئے چاروں عنصر نقاط کے مطلوب نقاط کا جامع نقشہ پیش کرنا چاہتا ہوں۔ تاکہ آپکو بخوبی اور آسانی سے سمجھ جائیں۔

نوٹ :- اس کتاب کے سمجھنے میں دقت یا کوئی مشکل پیش آئے تو ادارہ روحانیات رحیمیہ سے رجوع کریں۔

نقشہ مطلوبات افراد آتش

مرتبہ نمبر	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
شکل کہ جس کا نقطہ مطلوب ہے و مطلوب زمانہ	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀
شکل مطلوب ماضی	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀
شکل مطلوب حال	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀
شکل مطلوب مستقبل	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀
شکل مطلوب غائبانہ	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀

نقشہ مطلوبات افراد باد

مرتبہ نمبر	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
شکل جس کا نقطہ مطلوب ہے	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀
شکل مطلوب ماضی	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀
شکل مطلوب حال	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀
شکل مطلوب مستقبل	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀
شکل مطلوب غائبانہ	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀

نقشہ مطلوبات افراد آب

مرتبہ نمبر	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
شکل کہ جس کا نقطہ مطلوب ہے	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀
شکل مطلوب ماضی	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀
شکل مطلوب حال	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀
شکل مطلوب مستقبل	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀
شکل مطلوب غائبانہ	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀	⠀⠀⠀⠀

نقطۂ مطلوب افرادِ خاک

مرتبہ نمبر	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
شکل کہ جس کا نقطہ کا مطلوب ہے	⠿	⠁	⠉	⠊	⠋	⠍	⠏	⠓
شکل مطلوب ماضی	⠓	⠿	⠁	⠉	⠊	⠋	⠍	⠏
شکل مطلوب حال	⠁	⠉	⠊	⠋	⠍	⠏	⠓	⠿
شکل مطلوب مستقبل	⠁	⠁	⠉	⠓	⠁	⠊	⠍	⠓
شکل مطلوب غائبانہ	⠿	⠉	⠉	⠓	⠋	⠍	⠏	⠓

نوٹ :۔ جس شکل پر جس عنصر کا نقطہ منتہی ہوگا۔ اس شکل کے ہر چہار مطلوبات مذکورہ بالا نقشوں سے بآسانی معلوم کئے جا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ازواج عنصری کو میری کتاب رحیم الرمل حصہ اول میں دیکھیں۔

دورِ نقاط کا معلوم کرنا

معلوم رہے کہ رمل کے دورِ نقاط کو علمأ رمل نے نااہلوں سے محفوظ رکھنے کیلئے مرموز کیا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ ہر عام آدمی کی سمجھ میں نہیں آسکتا۔ اس کا حل رہنمایانِ فن کے سینہ بسینہ چلا آرہا ہے۔ علمِ رمل کی کتب مدونہ میں دورِ نقاط کا حال قابلِ اذہان اشخاص کے لئے بخوبی عیاں ہے۔ مگر وہ اسقدر مرموز ہے اور اشارہ و کنایوں میں مملو ہے جو استاد کے بغیر کسی کو محض پڑھ لینے سے نہیں آسکتا۔ اس گوہرِ مقصود سے کوئی آدمی سوائے استادِ کامل کے حاصل نہیں کر سکتا۔ مجھے اسمیں کامل ہونے کا دعویٰ نہیں ہے۔ لیکن جسقدر میں نے سمجھ کر حاصل کیا ہے۔ وہ حاضرِ خدمت ہے۔ رمال جب تک دورِ رمل سے واقف نہ ہوگا وہ حکم لگانے میں عاجز رہیگا۔ دورِ نقاط کا دوسرا نام نزد علمأ رمل سیرِ رمل بھی ہے۔ جو بارہ خانوں سے زیادہ نہیں۔ اس کا صحیح حکم بارہ خانوں سے ہی کیا جاتا ہے۔ باقی زائچہ کے چار خانے خانہ ۱۳، خانہ ۱۴، خانہ ۱۵، خانہ ۱۶ گواہ بتلائے گئے ہیں۔ یعنی خانہ ۱۳ خانہ ۱ کا حکم رکھتا ہے۔ اور خانہ ۱۴ کا حکم ایک ہے۔ اور خانہ ۱۵، خانہ ۷ کا حکم ایک ہے۔ اور خانہ ۱۶ کا خانہ ۱۰ کا حکم ایک ہے۔ (۱) جو میزان سے حرکت کر کے نقطہ جس شکل پر منتہی ہو وہ شکل سائل کا طالع ہے۔ اس شکل سے شکل سے خانہ اوّل کی منسوبات کے مطابق حکم لگایا جاتا ہے۔ اور باقی نقاط مراتبِ ہشتگانہ سے پیدا ہوتے ہیں۔

۲۔ جو شکل اس صورت میں طالع قرار پا چکی ہے۔ اس کو مراتبِ ہشتگانہ افرادی میں دیکھو کہ اسمیں کس درجہ کی ہے۔ پس اس شکل سے آگے بائیں جانب جو شکل ہوگی۔ اس سے سائل کے مال و دولت اور جو جملہ منسوبات خانہ دوم

کا حال معلوم کیا جائے گا۔ یہ خانہ درجہ دوم ہوگا۔

۳۔ درجہ دوم کی شکل کے آگے مرتبہ نمبر سوم ہوگا۔ سائل کے بھائی بہن اور عزیز و اقارب اور جملہ منسوبات خانہ سوم کا حال دیکھا جاتا ہے۔

۴۔ درجہ چہارم کی شکل درجہ سوم کی شکل کے بعد ہے۔ اس سے سائل کے ماں باپ اور جملہ منسوبات خانہ ۴ معلوم کیا جاتا ہے۔

۵۔ اسطرح پانچویں درجہ کی شکل سے سائل کی اولاد، معشوق، خبر خط اور جملہ منسوبات خانہ ۵ معلوم کیا جاتا ہے۔

۶۔ اسطرح چھٹے درجہ کی شکل سے سائل کی مرض، غلام، کنیز، وجملہ منسوبات خانہ ۶ معلوم کیا جاتا ہے۔

۷۔ اسطرح ساتویں درجہ کی شکل سے سائل کی عورت و مال غائب، ضد و مقابلہ وجملہ منسوبات خانہ ۷ سے معلوم کیا جاتا ہے۔

۸۔ آٹھویں درجہ کی شکل سے سائل کی خوف و خطر اور قرضہ و حادثہ وغیرہ جملہ منسوبات خانہ نمبر ۸ سے معلوم کیا جاتا ہے۔

۹۔ نویں درجہ کی شکل سے سائل کے علم روحانی، سفر دور دراز خواب وغیرہ جملہ منسوبات خانہ ۹ سے معلوم کیا جاتا ہے۔

۱۰۔ دسویں درجہ کی شکل سے سائل کا شغل و عمل اور ملازمت وغیرہ منسوبات خانہ ۱۰ سے معلوم کیا جاتا ہے۔

۱۱۔ گیارہویں درجہ کی شکل سے سائل کے دوست قدیم وغیرہ اور جملہ منسوبات خانہ ۱۱ سے معلوم کیا جاتا ہے۔

۱۲۔ بارھویں درجہ کی شکل سے سائل کے دشمنوں اور خلاصی محبوس وغیرہ جملہ منسوبات خانہ ۱۲ سے معلوم کیا جاتا ہے۔

ضروری ہے۔ کہ اس حاصل شکل اور اس کے مطلوب اور اسکی قوت و ضعف اور سعادت و نحوست اور دخول و خروج کا لحاظ کر کے احکام بیان کرنے چاہئیں۔

دور نقاط کی تشریح

معلوم ہونا چاہیے کہ دور نقاط کیلئے دائرہ مراتب ہشتگانہ کے ہر عنصر کی آٹھ آٹھ شکلیں ہیں۔ لیکن شمار دور بارہ پر ختم ہوتا ہے۔ ان ہی امور کی وجہ سے یہ علم ذرا مشکل ہو گیا ہے۔ یہاں مزید تشریح کے طور پر عرض ہے۔ کہ جس وقت اور جب کسی عنصر کے دور کی آخری شکل طریق ۱ پہنچی ہے۔ (کیونکہ طریق پر ختم ہو جاتا ہے۔) تو پھر اول اسی عنصر سے شمار کیا جاتا ہے۔ کیونکہ مراتب ہشتگانہ آٹھ شکلوں سے زیادہ نہیں ہے۔ رمال کو چاہیئے کہ جب شکل منتہی سے آٹھویں شکل پر پہنچے گا۔ تو اس کے بعد پھر وہی منتہی شدہ شکل آجاوے گی۔ پس وہاں آٹھ نمبر کر کے عنصر دوم جو اس کے بعد ہے۔ اسی مرتبہ سے عنصر نانواں اور باترتیب دسواں، گیارہواں، بارہواں دائیں بائیں طرف سے لینا چاہیئے۔ یہ دور نقاط ہیں۔ یہی طریقہ ہے۔ آپکی مزید آسانی کے لئے ایک مثالی زائچہ بنا کر اس دور نقاط کی وضاحت کرتا ہوں۔ جواب کے لئے مفید ہوگا۔ مطلوب نقطہ کے ضمن میں ایک زائچہ بنایا گیا ہے۔ آپ اس پر غور کریں۔ اسی زائچہ سے ہم اس جگہ دور نقاط پر مزید روشنی ڈالیں گے۔

دور کے نقاط کا معلوم کرنا

هُوَ العَلیم الخبیر



اب غور سے دیکھیں کہ زائچہ کی پندرھویں خانہ کی شکل میزان عقبۃ الخارج ⁝̈ کو کسی سوال پر حکم لگانے کے لئے نقطۂ اب کو حرکت دی یہاں سے خانہ نمبر ۱۳ خانہ آتشی میں پہنچا اور یہاں سے حرکت کر کے خانہ ۱۵ کی شکل اجتماع ⁝̈ میں گیا اور وہاں سے حرکت کر کے تیسرے خانہ کی شکل طریق میں منتہی ہوا۔ یہ شکل سائل کی **طالع** کی ہے۔ اس خانہ اول کے جملہ منسوبات کے لئے حکم لگایا جاسکتا ہے۔ پس معلوم رہے کہ منتہی شکل طریق ⁝̈ کو مراتب ہشتگانہ کے نقشہ میں دیکھا تو معلوم ہوا کہ مرتبہ آب کی آٹھویں شکل ہے۔ جو طالع سائل قرار پائی ہے۔ دور مراتب ہشتگانہ پر توجہ کرو۔

۲۔ طریق سے دوسری شکل مراتب آب کی پہلی شکل بیاض ⁝̈ اس سے سائل کے لئے خانہ دوم کے جملہ احکام بیان کرو۔

۳۔ بیاض ⁝̈ سے دوسری شکل مراتب آب کی دوسری شکل قبض الخارج ⁝̈ ہے۔ اس سے سائل کے خانہ سوم کے جملہ احکام بیان کئے جائیں گے۔

۴۔ مراتب آب تیسری شکل ⁝̈ اجتماع ہے۔ اس خانہ چہارم کے سائل کے متعلق سارے احکام کہنے چاہئیں۔

۵۔ مراتب آب کی چوتھی شکل عقبۃ الخارج ⁝̈ ہے۔ اس سے سائل کے خانہ پنجم کے حالات بتائے جائیں گے۔

۶۔ مراتب آب کی پانچویں شکل نصرۃ الداخل ⁝̈ ہے۔ اس سے سائل کے خانہ ششم کے حالات بتائے جائیں گے۔

۷۔ مراتب آب کی چھٹی شکل ⁝̈ نقی ہے۔ اس سے سائل کے خانہ ہفتم کے جملہ منسوبات کے متعلق حکم بیان کیا جائیگا۔

ضروری نوٹ:۔ جس عنصر کا نقطہ حرکت کرے گا۔ نقشہ ہشتگانہ میں اسی عنصر میں دیکھنا چاہیئے۔

۸۔ مراتب آب کی ساتویں شکل عقبۃ الداخل ⁝̈ ہے اس شکل سے سائل کو خانہ ہشتم کے جملہ منسوبات کے متعلق حکم لگایا جائے گا۔

اب چونکہ مراتب آب کے آٹھوں مراتب ختم ہو چکے ہیں۔ حسب قاعدہ وقانون اس سے دوسرے عنصر اسی درجہ اشکال کی جائیں گی۔ لہٰذا مراتب ہشتگانہ میں مراتب آب کے نیچے مرتبہ خاک ہے اور مرتبہ آب کی ساتویں درجہ کی شکل عقبۃ الداخل ⁝̈ کے نیچے مرتبۂ خاک پر کے ساتویں درجہ پر بھی شکل عقبۃ الداخل ہے۔ یہ اس دور کے لحاظ سے نانویں شکل ہو گی۔

۹ ۔ مراتب خاک کی ساتویں شکل عتبۃ الداخل ہے ⁝ اس شکل سے سائل کو خانہ نہم کے جملہ منسوبات بیان کئے جائینگے
۱۰ ۔ مراتب خاک کی آٹھویں شکل طریق ⁝ ہے ۔ اس سے سائل کو خانہ دہم کے جملہ منسوبات بیان کئے جائیں گے ۔
۱۱ ۔ پھر ہم مراتب خاک خانہ اول سے شروع کریں گے ۔ اس سے مراتب خاک کی اول شکل ≡ انکیس ہے ۔ اس سائل کے متعلق والے منسوبات کے تحت احکام خانہ گیارہ بیان کئے جائیں گے ۔
۱۲ ۔ مراتب خاک کی دوسری شکل ≑ عقلہ ہے ۔ اس سے سائل کو خانہ بارہ ان کے تمام منسوبات کے احکام لگائے جائینگے

سائل کسی غائب کے بارے میں سوال دریافت کرے

یہ ایک ایسا قانون ہے جس سے مبتدی حیران رہ جاتا ہے ۔ علم رمل کا قانون ہے کہ جو شخص موجودہ سائل ہوگا ۔ وہ قرعۂ رمل پھینکے گا ۔ زائچہ رمل کی پہلی شکل اسکی طالع ہوگی اور اگر عمل نقطہ سے ہو رہا ہے ۔ تو منتہی شکل سائل کا طالع ہوگی ۔ یہ بیان نقطہ کے تحت شاید آپکو کسی دوسری کتاب سے حاصل نہ ہو سکے ۔ میں یہاں دوبارہ تفصیل کے ساتھ عرض کر رہا ہوں ۔ اس لحاظ سے جس شکل پر نقطہ منتہی ہو وہ شکل طالع سائل کی ہے ۔ لیکن سائل کسی دوسرے کے متعلق دریافت کر رہا ہوں ۔ اگر وہ اس کا تعلق دار ہے تو حسب منسوبات خانہ رشتہ دار کا حکم بیان کیا جائے گا ۔ مثلاً سائل اپنے باپ کے متعلق پوچھتا ہے ۔ تو اس صورت میں شکل منتہی نقطہ سائل طالع کا ہوگا ۔ اور جہاں مراتب ہشتگانہ میں ہوگی ۔ اس عنصر کے لحاظ سے اس سے چوتھی شکل سائل کے باپ کا طالع خیال کریں ۔ چوتھی سے دوسری شکل سائل کے باپ کے عامل کی ہوگی ۔ تیسری شکل قریبی رشتہ دار اور چوتھی شکل جائیداد زمین وغیرہ کی تصور کریں ۔ اسطرح بارہ خانوں یا شکلوں کا حکم لگائیں ۔ اسطرح شکل منتہی مراتب ہشتگانہ سے ہر رشتہ دار اور دوست دشمن کے متعلق کا طالع معلوم کریں ۔ اس کے جملہ امور کو مراتب کے لحاظ سے ظاہر کریں ۔ اور زیادہ واضح کرتا ہوں ۔ شکل منتہی طالع سائل اس سے مراتب ہشتگانہ کے لحاظ سے بھائی بہن کا طالع تیسرا اور چوتھا ماں باپ کا طالع پانچواں اولاد محبوب کا طالع ہے ۔ چھٹا مرض سائل ساتواں عورت کا آٹھواں حادثہ اور موت کا نواں علم دین دسواں بادشاہ گیارہواں دوست اور بارہواں دشمن کا طالع ہے ۔ منسوبات کے لحاظ سے قانون یہ ہے ۔ کہ نقطہ کے لحاظ سے خانہ مقصد معلوم کرنے کے لئے شکل منتہی یہ ہے ۔ رشتہ داروں کا نقطہ معلوم کرنے کے واسطے سائل سوال کا جو رشتہ ہے اسے دیکھو وہ رشتہ دار کا طالع ہوگا ۔ اس سے دوسری شکل اس کا مال تیسری شکل اقرباء چوتھی جائیداد پانچویں اولاد وغیرہ حسب مراتب ہشتگانہ اس طرح عمل جاری کریں ۔ نام اور بیماری کا نام لکھ کر شافعی علاج دریافت کر سکتے ہیں ۔

نقشہ طالع از دور نقاط



← جو شکل منتہی ہو دے مراتب ہشتگانہ نقاط ہو۔ وہ سائل کا خانہ اوّل تصوّر ہوگا۔ مراتب ہشتگانہ بلحاظ ترتیب احکام لگائیں۔

منسوبات نقطہ باعضاء جسم بلحاظ شکل ۱۶

پیشتر ازیں اعضاء سے خانوں کے منسوبات بیان ہو چکے ہیں۔ اس جگہ شکل کے لحاظ سے اعضاء جسم سے منسوبات نقطہ عرض کرتا ہوں۔

۱۔ نقطہ آتشی :۔ نقطہ آتش لیحان ☲ سر سے اور نقطہ آتش نصرۃ الخارج ☶ چشم راست سے اور نقطہ آتش قبض الخارج ☶ چشم چپ سے اور نقطہ آتش عبتہ الخارج ☶ دماغ سے اور نقطہ عقلہ ☶ زبان اور دانت سے اور نقطہ آتش فرح ☶ گوش چپ سے اور نقطہ آتشی نقی ☶ گوش راست سے اور نقطہ آتش طریق ☶ ناف سے تعلق رکھتی ہے۔

۲۔ نقطہ بادی :۔ نقطہ باد حمرہ ☲ دوش چپ سے نقطہ باد نصرۃ الخارج ☶ دوش راست سے اور نقطہ اجتماع ☶ باد سپرد سے اور نقطہ باد عبتہ الخارج ☶ دل سے اور نقطہ باد قبض الداخل ☲ زیر بغل چپ سے اور نقطہ باد فرح ☶ زیر بغل راست سے اور نقطہ باد عبتہ الداخل ☲ زیر سینہ سے و نقطہ باد طریق ☶ از شکم ناف سے نسبت رکھتا ہے۔

۳۔ نقطہ آب :۔ نقطہ آب بیاض ☲ سر ناف سے نقطہ آب قبض الخارج ☶ کمر گاہ سرین سے اور نقطہ آب اجتماع ☶ مقام ذہار سے و نقطہ آب عبتہ الخارج ☶ آسیتین سے اور نقطہ آب نصرۃ الداخل ☲ مقعد سے و نقطہ آب نقی ☶ ران راست سے و نقطہ آب عبتہ الداخل ☶ بائیں ران سے تعلق رکھتا ہے۔ نقطہ آب طریق ☶ زانو سے نسبت رکھتا ہے۔

۴۔ نقطہ خاک :۔ نقطہ ☲ انگیس خاک زانو اور نقطہ ☶ عقلہ خاک جوڑ دایاں و نقطہ خاک قبض الداخل ☲ بایاں جوڑ سے تعلق رکھتا ہے۔ فرح ☶ خاک پیڈو و نقطہ خاک نصرۃ الداخل ☲ پیٹھ اور نقی ☶ نقطہ خاک پاؤں اور نقطہ خاک

عبتہ الداخل : وطریق : کف پاؤں سے تعلق رکھتا ہے۔

نقطہ کی قوت اور کمزوری لحاظ خانہ سے

زائچہ کے خانے ہوتے ہیں جس میں خانے نمبر کے لحاظ سے علماء رمل نے کیا ہے نقشہ دوست دشمن لقشہ درج ذیل ہے

خانہ	۱	۲	۳	۴	خام	۱	۲	۳	۴
آتشی خانہ	۱	۵	۹	۱۳	نام	آتش	باد	آب	خاک
بادی خانہ	۲	۶	۱۰	۱۴	مساوی	خاک	آب	باد	آتش
آبی خانہ	۳	۷	۱۱	۱۵	دشمن	آب	خاک	آتش	باد
خاکی خانہ	۴	۸	۱۲	۱۶	دوست	باد	آتش	خاک	آب

کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے ؎ زندگی کیا ہے عناصر میں ظہور و ترتیب
موت کیا ہے انہی اجزاء کا پریشان ہونا

عرض خدمت عالی ہے کہ آتشی نقطہ اپنے خانہ آتشی میں پہنچ جائے تو اسے بہت قوت اور طاقت نصیب ہو جاتی ہے وہ بادشاہ ہوتا ہے۔ ۲۔ اگر یہ آتشی نقطہ خانہ باد میں چلا جائے تو گویا دوست کے گھر چلا گیا۔ اسے اپنے گھر والی طاقت تو ملیں لیکن پھر دوست کے گھر چلے جانے سے خوشی نصیب ہوگی۔ ۳۔ اگر آتشی خانہ آب میں چلا جائے تو اسے یہاں ضعف اور کمزور ہو جائے گا۔ کیونکہ دشمن کے گھر چلا گیا ہے۔ ۴۔ اگر آتشی خانہ خاک میں منتہی ہو۔ یعنی پہنچ جائے قوت تو رکھتا ہے لیکن اپنی طاقت کو استعمال نہیں کر سکتا یعنی اسے مساوی کا درجہ حاصل ہے۔ علی ہذا القیاس باقی نقاط نقطہ باد نقطہ آب نقطہ خاک دوستی و دشمنی کا خاص خیال رکھا جاتا ہے۔

زمانہ نمبر کے لحاظ سے خانہ جات کی تقسیم

عرض ہے۔ کہ نقطہ آتش مرکز آب میں یا نقطہ آب آتشی خانہ میں پہنچ جائے تو علماء رمل کے نزدیک بہت اہم بات ہے اگر آتشی نقطہ خانہ آب میں چلا جائے تو آپس میں دشمنی کی دلیل ہے۔ اسلئے سائل کا کام نہ ہوگا۔ اگر نقطہ آب خانہ آتش میں منتہی ہو۔ یہ نقطہ کی مخالفت اور ضد میں ہوا ہے۔ لیکن سائل اگر سخت محنت اور کوشش کریگا تو کامیاب ہو جائے گا۔ اسطرح سے

زمانہ حال	۱	۴	۷	۱۰
زمانہ مستقبل	۲	۵	۸	۱۱
زمانہ ماضی	۳	۶	۹	۱۲
غائبانہ	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶

نقطہ خاک خانۂ باد میں چلا جائے تو اس جگہ کمزور ہو جاتا ہے اور سائل کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا۔ اگر نقطۂ باد خانہ خاکی میں منتہی ہو جائے اگرچہ مرکز مخالف ہے۔ لیکن سائل سخت کوشش اور محنت کرے کامیاب ہو جائے گا۔ اس قاعدے پر چہار مطلوبوں کی موجودگی پر توجہ دینی چاہیئے کہ نقطہ ہائے موجودہ مطلوب اپنے دشمن کے گھر میں ہے یا دوست کے گھر پہنچا ہے۔ علماء رمل نے بھی ایک باریکی پوشیدہ رکھی ہے۔

نقاط کے مابین دوستی و دشمنی ہونے کا طریقہ

— تین قسم کی دوستی اور تین قسم دشمنی بلحاظ عنصر ہوتی ہے۔ ذرا توجہ فرمائیں—

۱۔ عام دوستی نقطہ آتش کی نقطہ باد سے ۲۔ نقطہ آب کی نقطہ خاک سے ہے اور دوستی خاص درمیان نقطہ آتش و نقطہ باد، آب، خاک میں ہے جو مراتب ہشتگانہ کے لحاظ سے مساوی درجہ ہو۔ اور دوستی خاص الخاص نقطۂ آتش و باد کے درمیان ہے جو اصل دائرہ مالبعد کے حساب سے ہے۔ یاد رہے۔ ہمیشہ دوستی مراتب ہشتگانہ سے معلوم کی جاتی ہے۔ نقشہ مراتب ہشتگانہ پیش نظر رکھا کریں۔ آتش درجہ اوّل دوست باد درجہ اول کا ہے اور آتش دوم باد درجہ دوم کا دوست ہے۔ مثال کے طور پر ☲ لحیان شکل میں مرتبہ آتش درجہ اوّل کی شکل ہے اور ☲ شکل باد کی اول ہے۔ اسطرح لحیان ☲ میں نقطہ آتش درجہ اوّل ہے۔ اور مرتبہ باد میں شکل حمرہ ☲ اول پر نقطہ باد اول رکھتی ہے۔ اسلئے ان دونوں نقطوں میں دوستی خاص ہے۔

دوستی خاص الخاص :۔ یہ دوستی بحساب اصل دائرہ مالبعد کی حیثیت سے ہوتی ہے۔ غور کرو کہ شکل حمرہ ☲ دائرہ ابدح کے دوسرے خانے کی شکل ہے۔ اسمیں نقطہ بادی موجود ہے۔ اس کا خاص الخاص دوست اسکی شکل نصرۃ الخارج ☶ ہے۔ جو دائرہ ابدح میں تیسرے خانہ کی مالک ہے۔ اور اس میں نقطہ آتش دائرہ ابدح کے بموجب حمرہ ☲ سے مالبعد ہے اسطرح دشمنی عام درمیان آتش و آب اور باد و خاک میں ہے۔ اور دوستی و دشمنی خاص درمیان آتش و باد مراتب ہشتگانہ کے بموجب ہوتی ہے۔ مثلاً آتش مرتبہ چہارم کی دوست باد مرتبۂ چہارم کی ہے۔ اور دشمن آب مرتبہ چہارم کی ہے۔

غور کا مقام :۔ از روئے علم احکام کے لگانے میں اس کا بہت فائدہ ہے۔ نقطہ جس مقام پر منتہی ہو اس پر غور کریں۔ کہ وہ نقطہ اپنے مرکز میں انتہا پذیر ہوا یا دشمن کے گھر پہنچا یا اپنے کسی دوست کے مرکز میں ٹھہرا ہے۔ جس مقام پر پہنچا ہے۔ اس مقام سے نقطے کا ضعف و قوت کو پہچانو اور اس خانہ کی منتہی شکل پر توجہ کریں کہ جالنشین اس کی کونسی شکل ہے۔ اگر اس میں وہی مطلق پایا جائے۔ تو سائل کی اپنی محنت اور کوشش سے مراد پوری ہو جائے گی۔ اس کے علاوہ نقطہ دوست عام بھی نظر آئے گا۔ تو حکم کیا جاوے کہ سائل کا کام میں بہترین فائدے سے پورا ہو جائے گا۔ اگر نقطہ دوست خاص ہو تو سائل اپنے محنت اور کوشش سے کام کو پایۂ تکمیل کریگا۔ دیگر صورت کسی وفادار

دوست کی مدد سے کام ہو جائے گا۔ اور اگر نقطہ خاص الخاص دوست ہو تو بغیر کسی دوسرے انسان کے کامیاب ہو جائے گا۔ اور اگر کوئی نقطہ موجود نہ ہو تو سائل کے قریبی رشتہ داروں کی مدد سے کام ہو جائے گا۔

اگر نقطہ دشمن موجود ہو تو دوسرا شخص سائل کے کام میں رکاوٹ پیدا کریگا۔ اور اس میں اس کے جانشین کے مطلوب پر بھی نظر ڈالو کہ وہ کس خانے میں ہے یا وہ اپنے مرکز یا دوست کے خانہ میں یا دشمن کے گھر ہے۔ اور پھر اگر مطلوب جانشین کسی جگہ پر نظر آئے تو معلوم کرے کہ نقطہ حال، مستقبل، ماضی یا خانہ میں ہو۔ پس جس جگہ پہ نقطہ مطلوب ہو اسکی ضعف و قوت کو مدنظر رکھ کر جواب دینا چاہیئے۔ اگر نقطہ مطلوب زائد میں ہوگا تو وہ کام طاقت سے ہو جائے گا۔ ۲ر اگر نقطہ مطلوب مائل زائد میں ہوگا۔ تو کام زیادہ مشقت سے ہوگا۔ ۳ر اگر نقطہ مطلوب زائل وتر میں ہوگا تو کام بہت جلدی ہو جائے گا۔ اس کو مزید عیاں کرنے کے لئے عنصر نقطہ کے دشمنی، دوستی کی جدول پیش کیجاتی ہے

عنصر آتش

عنصر	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
عنصر آتش	۱۱۱	۰۱۱	۰۱۰	۰۰۱	۱۱۰	۰۱۰	۰۱۰	۰۰۰۰
نام	لیجان	نقرۃ الخارج	قبض الخارج	عقلہ الخارج	عقلہ	فرح	نقی	طریق
دوست	۱۰۱	۰۱۱	۱۰۱	۰۰۱	۰۱۰	۰۱۰	۱۰۰۰	۰۰۰۰
نام	حمرہ	نقرۃ الخارج	اجتماع	عقلہ الخارج	عقلہ	فرح	نقی	طریق
دشمن	۱۱۰۱	۱۱۰۱	۱۰۰۱	۰۰۱	۱۱۰۰	۰۱۰۰	۱۰۰۰	۰۰۰۰
نام	بیاض	اجتماع	عقلہ الخارج	نقرۃ الداخل	نقرۃ الداخل	نقی	عقلہ الداخل	طریق
عنصر آب	۱۱۰۱	۱۰۰۱	۰۰۰۱	۱۱۰۰	۱۱۰۰	۰۱۰۰	۱۱۰۰	۰۰۰۰
نام	بیاض	اجتماع	عقلہ الخارج	نقرۃ الداخل	نقرۃ الداخل	نقی	عقلہ الداخل	طریق
دوست	۱۱۱۰	۱۱۰۰	۰۱۰۰	۰۰۱۰	۱۱۰۰	۱۰۰۰	۰۱۰۰	۰۰۰۰
نام	انگیس	عقلہ	قبض الداخل	نقرۃ الداخل	نقرۃ الداخل	نقی	عقلہ الداخل	طریق
عنصر خاک	۱۱۱۰	۰۱۱۰	۱۰۱۰	۰۰۱۰	۰۱۰۰	۰۱۰۰	۱۰۰۰	۰۰۰۰
نام	انگیس	عقلہ	قبض الداخل	فرح	فرح	نقی	نقرۃ الداخل	طریق
دوست	۱۱۰۱	۰۱۰۱	۱۰۰۱	۰۰۰۱	۱۱۰۰	۱۰۰۰	۰۱۰۰	۰۰۰۰
نام	بیاض	قبض الخارج	اجتماع	عقلہ الخارج	نقرۃ الداخل	نقی	نقرۃ الداخل	طریق

عنصر باد

عنصر	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
عنصر باد	۱۰۱۱	۰۱۱۰	۱۰۰۱	۰۰۰۱	۱۰۱۰	۰۱۰۰	۱۰۰۰	۰۰۰۰
نام	حمرہ	نقرۃ الخارج	اجتماع	عقلہ الخارج	قبض الداخل	نقی	عقلہ الداخل	طریق
دوست	۰۱۱۱	۰۰۱۱	۰۱۰۱	۰۰۰۱	۰۱۱۰	۰۱۰۰	۱۰۰۰	۰۰۰۰
نام	لیجان	نقرۃ الخارج	قبض الخارج	عقلہ الخارج	عقلہ الداخل	فرح	نقی	طریق
دشمن	۱۱۱۰	۰۱۱۰	۱۰۱۰	۰۰۱۰	۱۱۰۰	۰۱۰۰	۱۰۰۰	۰۰۰۰
نام	انگیس	عقلہ	قبض الداخل	فرح	نقرۃ الداخل	نقی	عقلہ الداخل	طریق
عنصر خاک	۱۱۱۰	۰۱۱۰	۱۰۱۰	۰۰۱۰	۰۱۰۰	۰۱۰۰	۱۰۰۰	۰۰۰۰
نام	انگیس	عقلہ	قبض الداخل	فرح	نقرۃ الداخل	نقی	عقلہ الداخل	طریق
دوست	۱۱۰۱	۰۱۰۱	۱۰۰۱	۰۰۰۱	۱۱۰۰	۱۰۰۰	۰۱۰۰	۰۰۰۰
نام	بیاض	قبض الخارج	اجتماع	عقلہ الخارج	نقرۃ الداخل	نقی	نقرۃ الداخل	طریق

	عنصر آتش			گذشتہ سے پیوستہ			عنصر باد							
دشمن	☰	☲	☲	☲	☲	☲	☲	☲	☲	☷	☷	☷	☷	☷
نام	لیجان	نقرۃ الخارج	قبض الخارج	عقبۃ الخارج	نحفد	فرح	نقی	طریق	حمرہ	نقرۃ الداخل	عقبۃ الداخل	قبض الداخل	عقبۃ الخارج	طریق

چونکہ قبل ازیں عرض کر چکا ہوں۔ اوّل سے لے کر آخیر تک دوستی ہو یا دشمنی ہر دو سے دائرہ ابدج ظاہر ہوگی۔ جیسے لیجان ☰ شکل دائرہ ابدج کی پہلی شکل ہے۔ اس کے آتشی نقطہ کا نقطۂ باد شکل ☴ کا نقطہ دوست نقطہ ہے۔ چونکہ شکل حمرہ ☲ شکل لیجان ☰ کی بعد کی شکل ہے۔ اسی طرح شکل لیجان ☰ کا شکل بیاض ہے۔ جو اس دائرے کے بعد کی شکل تیسرے گھر کی ہے اور نقطہ بھی آبی رکھتی ہے۔ اب بخوبی آپ کو علم ہو گیا ہوگا۔ لیجان شکل ☰ کے نقطہ آتشی کی دوستی شکل ☲ حمرہ کے نقطہ باد سے ہے اور دشمنی شکل ☱ بیاض سے ہے کیونکہ شکل بیاض کا نقطہ آب ہے۔ آپ کی آسانی کیلئے ایک جدول پیش کر رہا ہوں۔ توجہ فرماویں۔

جدول درج ذیل ہے

—	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
عنصر شکل آتش	☰	☲	☴	☵	☶	☳	☷	☱	☰	☲	☴	☵	☶	☳	☷	☱
نام	لیجان	نقرۃ الخارج	قبض الخارج	عقبۃ الخارج	نحفد	فرح	نقی	طریق	حمرہ	نقرۃ الداخل	قبض الداخل	عقبۃ الداخل	نحفد	فرح	طریق	بیاض
دوست	☰	☲	☴	☵	☶	☳	☷	☱	☰	☲	☴	☵	☶	☳	☷	☱
نام	حمرہ	اجتماع	قبض الداخل	قبض الداخل	قبض الداخل	قبض الداخل	عقبۃ الداخل	حمرہ	اجتماع	نقرۃ الخارج	اجتماع	عقبۃ الخارج	عقبۃ الخارج	نحفد	فرح	لیجان
دشمن	☲	☱	☰	☷	☷	☷	☷	☳	☲	☱	☰	☷	☷	☷	☳	☰
نام	بیاض	اجتماع	نقرۃ الداخل	نقرۃ الداخل	نقرۃ الداخل	عقبۃ الداخل	حمرہ		انکیس	انکیس	انکیس	انکیس	انکیس	فرح	طریق	نقرۃ الداخل

عنصر آب اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

نوٹ:۔ لفظ لیجان غلط ہے۔ اصل لفظ "لحیان" ہے

گذشتہ سے پیوستہ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
عنصر آب	۱۱۰۱	۰۱۰۱	۱۰۰۱	۰۰۰۱	۱۱۰۰	۰۱۰۰	۱۰۰۰	۰۰۰۰	۱۱۱۰	۰۱۱۰	۱۰۱۰	۰۰۱۰	۱۱۰۰	۰۱۰۰	۱۰۰۰	۰۰۰۰
نام	بیاض	قبض الخارج	اجتماع	عتبۃ الخارج	نصرۃ الداخل	نقی	عتبۃ الداخل	طریق	انکیس	عقلہ	قبض الداخل	فرح	نصرۃ الداخل	نقی	عتبۃ الداخل	طریق
دوست	۱۱۱۰	۱۱۱۰	۱۱۱۰	۱۱۱۰	۰۱۰۰	۱۰۰۰	۰۰۰۰	۱۱۱۰	۱۱۰۰	۱۱۰۰	۱۱۰۰	۱۱۰۰	۰۱۰۰	۱۰۰۰	۰۰۰۰	۱۱۰۱
نام	انکیس	انکیس	انکیس	انکیس	نقی	عتبۃ الداخل	طریق	انکیس	نصرۃ الداخل	نصرۃ الداخل	نصرۃ الداخل	نصرۃ الداخل	نقی	عتبۃ الداخل	طریق	بیاض
دشمن	۰۱۰۱	۰۰۰۱	۰۰۰۱	۰۱۱۰	۰۱۰۰	۰۰۰۰	۰۰۰۰	۰۱۱۱	۱۰۱۰	۱۰۱۰	۰۰۱۰	۱۰۰۰	۱۰۰۰	۱۰۰۰	۰۰۰۰	۱۰۱۱
نام	قبض الخارج	عتبۃ الخارج	عتبۃ الخارج	عقلہ	نقی	طریق	طریق	لیحان	قبض الداخل	قبض الداخل	فرح	عتبۃ الداخل	عتبۃ الداخل	عتبۃ الداخل	طریق	حمرہ

اس خانہ میں نقطہ منتہی ہووے اسے غور سے دیکھو کہ دائرہ ابدع کی رو سے یہ شکل کس گھر کی مالک ہے اور پھر دیکھو کہ اس خانے میں کونسی شکل موجود ہے۔ پس اس شکل کو جو نقطہ منتہی کی جانشین ہے اس میں بھی وہی عنصر موجود ہے جو منتہی ہوا ہے تو سائل اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہو جائیگا۔ اگر نقطہ دوست عام ہو تو سائل کسی کی مدد اور اعانت سے اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائے گا۔ اگر نقطہ خاص ہو تو اپنے مخلص دوست کی مدد سے کامیاب ہوگا۔ اگر اس میں کوئی نقطہ نہ ہو تو پرانے دوستوں کی حمایت سے کامیابی منہ چومے گی۔ اگر منتہی نقطہ کے جانشین کی شکل میں دشمن عام کا نقطہ ظاہر ہو تو سائل کے لوگ سخت دشمن ہو جائیں گے اور کام میں نقص ہو جائے گا اگر دشمن خاص کا نقطہ موجود ہو تو سائل اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہوگا۔ اگر دشمن خاص الخاص کا نقطہ موجود ہو تو سائل اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہوگا۔ بلکہ کام کو چھوڑ دے گا۔

نظرات نقطہ اور اس کا حکم لگانا

اگر نقطہ خانہ مقصود کا مطلوب اپنے طالب کو زائچہ میں نظرِ تثلیث سے دیکھتا ہو تو سائل اپنے مقصد میں بہت جلد کامیاب ہو جائے گا۔ اگر نظرِ تسدیس سے دیکھتا ہو تو پھر بھی اسے کامیابی نصیب ہوگی۔ اگر نظر مقابلہ سے دیکھتا ہو تو کسی صورت میں کامیاب نہ ہوگا۔ بلکہ پریشانی اٹھانی پڑے گی۔ بہتر ہے یہ کام چھوڑ دے اگر نظر تربیع ہو تو پھر بھی پریشانی اور پشیمان ہوگا۔ اگر نظرِ مقارنہ سے "۳۰" تیس فیصدی امید ہو جاتی ہے اور نظر ساقط سے ہرگز کام سرانجام نہ ہوگا۔ نظرات کا ذکر میں پیشتر ازیں بیان کر چکا ہوں۔

نقطہ کا مرتبہ علم الرمل میں

علماء رمل نے نقاط اربعہ کے حاکم مقرر فرمائے ہیں اور پوزیشن مراتب ہشتگانہ سے معلوم کئے جاتے ہیں۔ قبل ازیں میں متعدد بار عرض کر چکا ہوں کہ نقاط کا قانون مراتب ہشتگانہ پر قائم ہے۔ اس لئے قاعدہ کو بار بار ازبر کریں۔ پھر آپ حکم صادر کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ انشاء اللہ حاکمان نقطہ کے دریافت کرنے کا قانون یہ ہے۔ نظر غائر سے دیکھیں! ہر ایک عنصر کا نقطہ کا حاکم اس کا نقطہ چوتھا ہے اور حاکم اکبر نقطہ دسواں ہوتا ہے۔ اب دوبارہ پھر توجہ کریں کہ افراد آتش کے درجات میں سے نقطہ اوّل آتش لیحان ☲ اس کا حاکم چھوٹا ہوتا ہے۔ اس مرتبہ کا نقطہ چوتھا نقطہ آتش عتبۃ الخارج ☶ ہوگا۔ مراتب ہشتگانہ کی رُو سے مرتبہ آتش کی یہ چوتھی شکل ہے۔ اور حاکم اعلیٰ اس سے نقطہ دسواں اجتماع ☳ ہے۔ دوبارہ پھر دیکھیں کہ اشکال آتش مراتب ہشتگانہ از شکل لیحان اوّل سے لیکر طریق تک! آٹھ شکلیں ہوتی ہیں۔ یہاں تک آتش خانہ ختم ہو جاتے ہیں۔ اور نقطہ نویں ۹ کیلئے مراتب باد کی آخری شکل دوبارہ طریق! ہوگی۔ قاعدہ یہ ہے کہ جس نقطہ پر دور مراتب ہشتگانہ کسی عنصر کا ختم ہوگا۔ اسی عنصر کے نیچے والا عنصر نقطہ نواں ہوتا ہے۔ اس قانون سے آتش لیحان ☲ کا نقطہ نواں باد طریق! ہوتا ہے اور دسواں نقطہ باد ☴ حمرہ حاکم اعلیٰ ہوگا۔ دوبارہ سیر نقاط کو دیکھیں۔

بروئے قانون سرخاب آتش لیحان ☲ کا حاکم نقطہ باد حمرہ ☴ ہے اسطرح مطلب (مقصد) دونوں قاعدوں سے صرف ایک ہی ہے۔ بس جس نقطہ کی ضرورت ہو اسے استخراج کر لیا جائے۔ دوبارہ اعادہ کریں۔ ہر ایک عنصر کی شکل مراتب ہشتگانہ کی رو سے خانہ چہارم کی شکل حاکم ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر نقطہ آتش شکل لیحان ☲ کا حاکم ہے۔ اوپر نقطہ آتش شکل خود سے چہارم عتبۃ الخارج ☶ ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مراتب آتش کے لحاظ سے لیحان ☲ آتشی خانے کی پہلی شکل ہے۔ اس سے عتبۃ الخارج اس سے چوتھے خانہ میں ہے۔ اس طریقے سے اجتماع خانہ مرتبہ باد کی حاکم ہے۔ نقطہ بادی شکل فرح ☵ پر کیونکہ شکل اجتماع ☳ مرتبہ باد میں تیسرے گھر کی ہے۔ اور شکل فرح ☵ مرتبہ باد کی چھٹی شکل ہے۔ جو اجتماع ☳ سے چہارم ہے۔ اسی قانون کے تحت دوسری اشکال حسب ضرورت حاکم دیکھے جا سکتے ہیں۔ یعنی تلاش کئے جا سکتے ہیں۔

قبل ازیں متعدد بار عرض کر چکا ہوں کہ زائچہ کے پندرھویں شکل کو غور سے دیکھو۔ اگر یہ دو نقطے رکھتی ہے۔ تو زائچہ درست اور ٹھیک ہے۔ اگر ایک نقطہ رکھے تو زائچہ غلط ہے۔ دوبارہ چیک کریں۔ بہر حالت میں پندرھویں شکل میں دو نقطوں کا ہونا لازمی ہے۔ نقطہ اوّل سے سوکت صعودی کر کے جس شکل میں نقطہ پہنچ جائے اور اس کے حاکم کو تلاش کرو۔ پھر یہ دیکھا جائے کہ وہ کہاں بیٹھا ہوا ہے یعنی کس خانہ میں موجود ہے۔ جس خانہ میں نظر آجائے اسی خانہ کی شکل سے ضمیر تصور کریں اگر حاکم دا نقطہ کسی خانہ میں نظر نہ آئے تو اس سے اندازہ کریں کہ سائل

نے مذاق کیا ہے اور دوسرا نقطہ کسی عنصر سے تعلق رکھتا ہو۔ وہ حکم کا کام دے گا۔ وہ نقطہ جس خانے میں پہنچ جائے اس کے حاکم کو دیکھنا پڑتا ہے۔ کہ نقطہ حاکم زائچہ کے خانہ حال یعنی خانہ ۱، خانہ ۴، خانہ ۶، خانہ ۱۰ میں ہو۔ پہلے خانہ میں (طالع) میں ہو۔ یا منتہی نقطہ خانہ ضمیر کو محبت کی نظر سے دیکھ رہا ہو تو سائل کی ہر آرزو پوری ہو جائے گی اگر حاکم نقطہ زائچہ میں نظر نہ آئے تو سائل کا کوئی مقصد بھی پورا نہ ہوگا۔

حرکتِ صعودی و حرکتِ عرضی کیا ہے

علمائے رمل نے نقطہ کی حرکت کو دو طریقے سے بیان کیا ہے۔ جو کہ خانہ ۱۵ سے اوپر کی طرف حرکت کرے اسے حرکتِ صعودی کہتے ہیں۔ عملی زائچہ کا نمونہ پیش ہے۔



ضمیر کا نقطہ خانہ ۱۵ قبض الخارج اوپر کا نقطہ ضمیر کو حرکت دی وہ خانہ ۱۴ میں پہنچا اور ۱۴ سے خانہ ۱۱ میں چلا گیا۔ پھر خانہ ۱۱ سے خانہ ۵ میں پہنچ چکا ہے۔ اس حرکت کو حرکت صعودی کہتے ہیں۔ اگر یہ نقطہ دائیں یا بائیں حرکت کرے۔ مثلاً خانہ ۵ سے حرکت کر کے خانہ ۴ میں چلا گیا اور خانہ ۴ میں پہنچا اور پھر خانہ ۴ سے خانہ ۱ میں چلا گیا اور پھر خانہ ۱ سے خانہ ۱ میں منتہی ہوا۔ اس حرکت کو حرکت عرضی کہتے ہیں۔

یاد رکھیے: کہ جہاں حرکت صعودی کر کے پہلی آٹھ خانوں میں کسی ایک خانہ میں منتہی ہوتا ہے۔ وہاں سے اسے کسی جانب کی شکل کا ذہنی عنصر کھلا ہوتا ہے تو پھر نقطہ کو حرکت دی جاتی ہے ورنہ اسی شکل سے احکام بیان کئے جاتے ہیں۔ مثلاً نقطہ ضمیر کا خانہ ۵ تک پہنچ گیا اور آتشی عنصر اسے آگے دائیں طرف کھلا ملا اور پھر وہ سیر کرتا ہوا۔ خانہ ۱ میں پہنچ گیا۔ لیکن حکم کا نقطہ خانہ ۱۳ میں پہنچا۔ اور خانہ ۱۳ سے خانہ ۱ تک چلا گیا اور خانہ ۱ سے خانہ ۱ میں چلا گیا۔ آگے اس عنصر کا خانہ دائیں کھلا ہوا ہے اور نہ بائیں۔ اسلئے اسی خانہ سے حکم بیان کیا جائے گا۔

عنصر کے مزاجوں کا تعلق ایک دوسرے کے ساتھ اور اس کے اثرات

رمل کے سولہ خانوں میں خانہ ۱، خانہ ۵، خانہ ۹، خانہ ۱۳ آتشی ہیں۔ ان کا مزاج گرم خشک ہے اور یہ خانے مرکز نقطہ آتشی کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں اور خانہ ۲، ۶، ۱۰، ۱۴ ہوائی ہیں۔ مزاج انکا گرم تر

یہ خانہ مراکز نقطہ باد کے ہیں اور خانہ ۳، ۷، ۱۱، خانہ ۱۵ آبی سے منسوب ہیں۔ جن کا مزاج سرد تر ہے اور یہ خانے نقطہ آب کے مراکز ہیں۔ خانے ۴، ۸، ۱۲، ۱۶ خاکی ہیں۔ مزاج سرد خشک ہے۔ مراکز نقطہ خاک کے ہیں۔ ذرا غور کریں۔ نقطہ آتش اگر خانہ میزان سے حرکت کر کے خانہ آتش میں جاوے تو اس کا ظاہر و باطن گرم خشک تصور ہوتا۔ اور مراکز باد میں جاوے تو ظاہر میں گرم خشک اور باطن میں سرد تر ہوگا اور مرکز خاک میں جاوے تو بظاہر گرم خشک اور باطن میں سرد خشک ہوگا۔ علیٰ ہذا القیاس باقی عناصر کا مزاج مرکز معلوم کرنا چاہیئے اسکی ضعف اور قوت معلوم کرنی چاہیئے۔

هُوَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْر



ایک اہم بات کی :- عملی مثال پیش کرتا ہوں۔ میزان سے نقطہ آتشی حرکت کر کے خانہ ۱۳ میں گیا اور وہاں سے حرکت کر کے خانہ ۹ میں گیا اور خانہ ۹ سے حرکت کر کے خانہ ۱ آتشی میں منتہی ہوا ان تینوں خانوں میں جو شکلیں زائچہ میں موجود ہیں۔ ان میں سوائے آتشی نقطہ کے اور کوئی نقطہ نہ ہو تو بے حد گرمی خشکی کا اظہار کرتا ہے اور نتیجہ یہ ہوگا کہ سائل مختلف نکبات میں مبتلا ہوگا۔ اگر اسمیں نقطہ آب موجود ہوگا تو بوجہ رطوبت یبوست آتش کو کم کر کے اس میں اعتدال پیدا کریگا۔ اسلئے ہم یہ کہنے میں حق بجانب ہونگے کہ سائل کا کام اعتدال پر رہے گا۔ علیٰ ہذا القیاس باقی عناصر کو مدنظر رکھ کر احکام لگانے چاہیئں۔

حکم لگانے کا قانون

نقطہ آتشی اپنے مرکز ۱، ۹، ۱۳ خانہ میں پہنچ جائے اور بادی نقطہ اپنے مرکز بھی خانہ ۲، ۶، ۱۰ چلا جائے اور نقطہ آب اپنے مرکز خانہ ۳، ۷، ۱۱ یا نقطہ خانہ آب میں یا نقطہ آب مرکز آتش میں پہنچ جائے تو سائل کے تمام کام کسی دوسرے کی مدد سے سرانجام پائیں گے۔ اگر آتش خانہ ۱ میں پہنچ جائے اور وہ شکل نقطہ باد بھی رکھتی ہو جیسے ☍ نصرہ الخارج تو سائل کا کام نامکمل انجام پائے گا۔ اگر نقطہ آب اس شکل میں جیسے شکل ☌ قبض الخارج کے ہو تو سائل کا کام جلد اور خوشی سے ہوگا۔ اگر اس شکل یعنی خانہ اول میں جہاں نقطہ آتشی منتہی ہوا ہے۔ نقطہ باد اور آب موجود نہ ہو اور خانہ دوم وسوم کی شکل بھی نقطہ آب و باد نہ رکھتی ہو تو سائل کا کام مکمل نہ ہوگا بلکہ پریشان رہے گا۔

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب

نقاط کے گواہ

اصول ہے۔ عنصر آتشی کے گواہ خانہ آتشی سے اور باد کے گواہ خانہ بادی سے، آب کے گواہ خانہ آبی سے اور خاک کے گواہ خانہ خاکی سے شہادت پیش کریں گے۔ مثال کے طور پر نقطہ خاکی ☶ انیس خانہ اول میں مشتبہ ہو۔ تو شکل موجودہ زائچہ خانہ ۱۲، ۸، ۱۲ کی گواہی ان خانوں کی لی جائیں۔ کیونکہ یہ خانے خاکی ہیں۔ پس اسی قاعدے قوت اور کمزوری کو مدنظر رکھ کر سائل کو حکم سنایا جائے۔

نقاطِ اتصال و انفعال کا قانون

صاحب علم کا قول ہے کہ اگر آتشی خانہ نقطہ آتشی میں پہنچ جائے تو تمام خانہ ہائے آتشی کے مزنبہ آتش سے ایک شکل بناؤ۔ اگر بادی میں ہو تو بادی سے اور اگر آبی میں ہو تو آبی سے اگر خاکی میں ہو تو خاکی سے بناؤ۔ حاصل شدہ شکل اسکی قوت، کمزوری و تکرار زائچہ دیکھ کر سائل کا جواب دیں۔

نقطے کا حاکم اسطرح معلوم کیا جاتا ہے :۔ قاعدہ یہ ہے کہ نقطہ میزان سے سیر کرتا ہوا جس شکل میں پہنچ جائے اسکے حاکم کو دیکھو۔ اگر حاکم نقطہ موجود ہو تو سائل کا کام بخوبی سرانجام پائے گا۔ خصوصاً حاکم نقطہ خانہ ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶ قوی ہو اور طالع کو نظر تسدیس یا تثلیث دیکھتا ہو اگر موجودہ زائچہ میں نہ ہو تو سائل کا کام پایۂ تکمیل نہ ہوگا۔

نقشۂ حاکمان نقطہ

حاکم	ـ	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	حاکم	ـ	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
حاکم نقطہ آتش	اشکال	☰	☲	☱	☳	☴	☵	☶	☷	حاکم نقطہ آب	اشکال	☰	☲	☱	☳	☴	☵	☶	☷
	حاکم	☳	☲	☱	☰	☷	☴	☵	☶		حاکم	☳	☲	☱	☰	☷	☴	☵	☶
حاکم نقطہ باد	اشکال	☰	☲	☱	☳	☴	☵	☶	☷	حاکم نقطہ خاک	اشکال	☰	☲	☱	☳	☴	☵	☶	☷
	حاکم	☶	☲	☱	☳	☴	☵	☰	☷		حاکم	☶	☲	☱	☳	☴	☵	☰	☷

حلیۂ انسانی نقاط کی رو سے

نقشۂ حاکمان کی مدد سے ہم حلیۂ انسان کا اور امراض انسانی نہایت اچھے طریقے سے معلوم کر سکتے ہیں۔ علمائے رمل نے نقاط رمل کے ذریعے انسان کی شکل شباہت معلوم کرنیکا قاعدہ لکھا ہے دو، تین یا چار نقطے ہونگے۔ اس کا حلیہ بھی مخلوط ہوگا۔ اس قانون کو پیش نظر رکھتے ہوئے حلیہ معلوم کرے

۱۔ ☰ شکل لیحان میں نقطہ آتشی موجود ہے۔ اسلئے انسان لمبے قد، چوڑا سینہ، کمزور بدن، موٹی آنکھیں مشاہدہ پیشانی، ابرو درمیان میں کھلے ہوئے، تیز مزاج، سر چھوٹا، چرب زبان، عقلمند، دانا، رنگ گندمی، چہرہ کتابی عالمانہ وضع رکھنے والا۔ ستارہ مشتری، برج قوس کا۔

۲۔ ☷ شکل محمرہ ہے اس میں نقطہ بادی ہے۔ بڑا قد، لحیم جسیم جسم، تند خو و جنگجو، دموی مزاج سے تعلق رکھنے والا۔ تمام جسم پر پھوڑوں کے داغ دھبے۔ ستارہ قمر برج سرطان سے تعلق رکھتا ہے۔

۳۔ ☲ شکل بیاض ہے اور اسمیں نقطہ آبی موجود ہے، میانہ قد، شیریں سخن، سفید مائل بسبزی بدن خوبصورت سیاہ چشم، خوش مزاج، خوشش گفتار، بلغمی مزاج کا مالک۔ ستارہ زحل، برج دلو سے تعلق رکھتا ہے۔

۴۔ ☵ انکیس شکل ہے۔ اس میں نقطہ خاک موجود ہے۔ چھوٹے قد کا آدمی، موٹے سیاہ لب، کشادہ پیشانی ملے ہوئے ابرو، ظاہر باطن میں فرق، دانت بڑے، دل کا کھوٹا، سوداوی مزاج رکھنے والا ہوتا ہے۔ ستارہ زحل برج جدی سے تعلق رکھتی ہے۔

اصول :۔ حلیہ انسان کیلئے مذکورہ نقشہ حاکمان نقطہ کو ہمیشہ مدنظر رکھنا نہایت ضروری ہے۔ مثلاً ایسی شکل جس میں دو، تین، چار نقطے ہوں۔ تو اس صورت میں ملا جلا کر حلیہ بیان کریں۔ مثال کے طور پر شکل حاصلہ نقرۃ الخارج ☶ آئی ہو تو اس کا نتیجہ ملا جلا کر اس طرح بیان کریں۔ اس شکل میں ایک نقطہ آتشی ہے اور دوسرا نقطہ بادی ہے۔ اس لئے دونوں کے خواص ملا کر اسطرح بیان کریں۔ بڑا دراز قد، متوسط جسم، درمیانی آنکھیں وغیرہ۔

مندرجہ ذیل جدول پر عمل کریں۔

۱۔ ☶ عقلہ ستارہ زحل برج اس کا دلو ہے۔ نحس اکبر ہے۔ منقلب ہے۔ عنصر خاکی۔ اس شکل میں ایک نقطہ آتشی ہے اور اسے نقشہ حاکمان نقطہ آتشی میں دیکھا۔ تو پانچویں درجہ پر ہے اور دوسرا نقطہ خاکی ہے۔ اسے پھر نقشہ حاکمان نقطہ خاک میں دیکھا تو دوسرے نمبر پر موجود ہے۔ اب دونوں نقطوں کے خواص ملا کر حلیہ بیان کریں۔ آدمی چھوٹے قد کا، رنگ سیاہ، بدشکل، بدوضع، موٹے لب، چوڑا سینہ، پیشانی کھلی ہوئی، سر چھوٹا، تیز طبیعت، بلی جیسی آنکھوں والا۔

امراض :۔ پیٹ کا درد، بدن میں خشکی، مالیخولیا، کابوس، تپ سوداوی، درد اعضاء، امراض معدہ، کینکہ یہ شکل بروکے نقشہ حاکمان نقطہ پنجم ہے۔ اور خاکی بروکے شکل دوئم ہے۔

مقام :۔ قید خانہ، اندھیری جگہ، مکان ویران، قبرستان وغیرہ۔

۲۔ ☶ اجتماع ستارہ عطارد برج اس کا جوزا ہے۔ اس شکل میں ایک نقطہ باد اور دوسرا نقطہ آبی ہے۔ یہ شکل باد کے نقشہ میں دیکھو تو تیسرے درجہ کی ہے۔ اور یہی شکل مذکورہ بالا نقشہ میں آب کے

کے خانے میں دیکھو تو تیسرے درجہ پر ہے ۔ آدمی کنکر نما رنگ ، کشادہ بھویں ، خوبصورت منہ ، سیاہ آنکھیں ناک لمبی ، چوڑا منہ بڑا سر ، سینہ پر تل ، بغل میں کسی زخم کا نشان ہوگا ۔

امراض :۔ امراض سر ، خرابی معدہ بوجہ بلغم ، ورم پیٹ ، دمہ ، درد ناف ، درد کمر وغیرہ (باد و آب مدّ پر)

جگہ :۔ شراب خانہ ، جوا گھر ، فوٹو گرافی ، دیوان خانہ ، بازار وغیرہ ۔

۳ ۔ ث قبض الخارج ستارہ راس ذنب برج اس کا کوئی نہیں کچھ لوگ عطارد اور برج ، سنبلہ جوزا سے منسوب کرتے ہیں ۔ اس شکل میں ایک نقطہ آتشی مذکورہ بالا نقشہ میں تیسرے نمبر پر ہے اور دوسرا نقطہ آب ہے جو نقشہ مذکورہ بالا خانہ آب دوسرے نمبر پر ہے ۔ آدمی سیاہ ، چھوٹی گردن ، بڑی پنڈلی چھوٹا سر ، بڑی بھویں ، منہ پر چیچک کے داغ ، بدفعل ، بدخواہ ، دانت شکستہ وغیرہ

امراض :۔ آتشک ، دست ، تپ محرقہ ، دماغ کی کمزوری ، پھوڑا ، پھنسی وغیرہ ۔

مقام :۔ پاخانہ ، شراب خانہ ، قصاب خانہ ، ویرانہ ، پرانا مقام اور تنگ و شکستہ وغیرہ ۔

۴ ۔ ج عقبۃ الخارج ستارہ ذنب ہے ۔ برج اسکا کوئی نہیں ۔ لیکن رمال اسکا ستارہ عطارد اور برج اس کا سنبلہ و جوزا کہتے ہیں ۔ اس شکل میں تین نقطے ہیں ۔ ایک آتش مذکورہ بالا نقشے میں آتشی خانہ میں اس کا چوتھا نمبر ہے ۔ دوسرا نقطہ باد کا مذکورہ بالا نقشہ باد میں اسکا چوتھا نمبر ہے ۔ تیسرا نقطہ آب کا ہے ۔ نقشہ آب میں اس شکل کو مذکورہ بالا شکل میں دیکھو ۔ یہ بھی چوتھا نمبر ہے ۔ اب ملا جلا کر حلیہ اسطرح بیان کیا جائے گا ۔ آدمی درمیانہ قد ، دبلا بدن ، بدصورت ، چھوٹی آنکھ جسم پر بال زیادہ ہوں ۔ آنکھیں موٹی ، سر کا گنجا ، نیچے دانت ٹوٹے ہوئے ۔

امراض :۔ نقطہ آتش درجہ مدّ باد چوتھے نمبر پر اور آب بھی چوتھے نمبر پر دئے نقشہ مذکور ۔ آتشک ، زخم مہلک سکتہ ، دل کے امراض ۔ تپ محرقہ ، ضعف دماغ ، ناسور ، درد سینہ وغیرہ ۔

مقام :۔ تنور ، چولہا ، مقام سوختہ وغیرہ ۔

۵ ۔ ح عقبۃ الداخل ستارہ زہرہ برج اس کا ثور ہے ۔ اس شکل میں تین نقطے ہیں مدّ باد مدّ آب مدّ خاک یہ شکل بروئے نقشہ باد میں ساتواں نمبر ہے ۔ دوسرا نمبر آب یہ شکل آب میں ساتواں نمبر ہے ۔ اسطرح خاک نقطہ ساتویں نمبر پر ہے ۔ تینوں نقاط سے مخلوط حلیہ ۔ آدمی دراز قد ۔ دبلا پتلا ، سفید رنگ ، چھوٹا سر ، چوڑی پیشانی ، اونچی ناک ، بینائی کمزور ، خوش خلق ، سیاہ چشم ، زبان دراز ، داہنے ہاتھ تل کا نشان ، گلے کے اندر یا نیچے رسولی ۔

امراض :۔ دموی امراض ، امراض غلبہ خون ، قے ، تپ دق ، امراض باردہ ، حرارت جگر ، عشق ۔ کیونکہ تینوں باد درجہ مدّ آب درجہ مدّ خاک درجہ مدّ

مقام :۔ مقام پاکیزہ جائے پکہ ، باغ کے قریب ، جائے عشرت ، مقدس مقام وغیرہ ۔

۶ ۔ ♑ نقی ستارہ مریخ برج اس کا عقرب ہے ۔ اس شکل میں تین نقاط ہیں ۔ ۱ آتشی، ۲ آبی، ۳ خاکی ۔ آتشی نقط بروئے نقشہ مذکور ساتویں درجہ پر ہے ۔ ۲ آبی نقط بروئے نقشہ آب درجہ ششم پر ہے ۔ ۳ نقط خاک بروئے نقشہ خاک درجہ ششم پر ہے ۔ تینوں نقاط مشترکہ حلیہ ۔ آدمی لمبا قد، گندمی رنگ، بنیائی کمزور لمبی ناک، لمبی انگلیاں، منہ پر داغ، ٹوٹے ہوئے دانت، ٹھوڑی پر زخم وغیرہ ۔

امراض :۔ نزلہ، زکام، بلغمی امراض، بواسیر، درد دانت و کان، دنبل، عرق النساء وغیرہ ۔

مقام :۔ قیدخانہ، حمام، شراب خانہ، قمارخانہ، لڑائی کی جگہ، مقام فسق وفجور، باغ میوہ وغیرہ ۔

۷ ⋮ طریق، اس کا ستارہ قمر، برج اس کا سرطان ہے ۔ اس شکل میں چار نقاط ہیں ۔ ۱ آتشی بروئے نقشہ مذکور اس کا درجہ آٹھواں ہے ۔ ۲ نقطہ باد بروئے نقشہ باد کے خانے میں اسکا نمبر آٹھواں ہے ۔ ۳ نقطہ آب بروئے نقشہ مذکور اس کا نمبر ۸ ہے ۔ نقطہ خاک بروئے نقشہ مذکور اس کا نمبر بھی آٹھواں ہے ۔ چاروں نقاط کا مشترکہ حلیہ آدمی دراز قد، گندمی رنگ، لاغر جسم، باریک بال، ہاتھ پاؤں چھوٹے، سفید رنگ، سینہ پر تل یا کوئی دوسرا نشان۔

امراض :۔ عرق النساء، امراض بادی، استسقاء، درد سر، بلغمی کھانسی، فالج، لقوہ، امراض رحم وثانہ ۔ زیابلیس، مرگی وجنون سے منسوب ہے ۔

مقام :۔ نزدیک دریا، پکہ مکان، ٹوٹی ہوئی دیوار، سرائے، آب رواں وغیرہ ۔

۸ ۔ ☰ جماعت، ستارہ عطارد، برج اس کا سنبلہ ہے ۔ اس شکل میں کوئی نقطہ موجود نہیں ہے ۔ لیکن علماء رمل نے بھی حلیہ لکھا ہے ۔ رنگ سانولا بڑا سر، فراخ پیشانی، بڑا پیٹ، منہ پر تل، لمبی داڑھی بھویں ملے ہوئے، بڑا ناک، جسم پر دنبل کے نشان ۔

امراض :۔ گلنت، سوجن پیٹ، دمہ، درد کمر وران، خرابیٔ معدہ، تپ دموی دسواوی، سانس کا پھولنا سے منسوب ہے ۔

مقام :۔ مسجد، خانقاہ، مدرسہ، کتب خانہ و نقاشی خانہ، مجلس علماء و حکیم کا گھر وغیرہ

——— مذکورہ بالا قانون کے تحت باقی اشکال کا حکم لگائیں ۔ ———

زیادہ وضاحت کی ضرورت ہو تو "رحیم الرمل" حصہ سوم کو زیر مطالعہ لائیں ۔

——— نقاط کے اہم اصول ———

یاد رہے کہ پیشتر ازیں جن قوانین کا ذکر کیا ہے ۔ انکو خوب ذہن نشین کرلیں اور یہاں ان کو طے جلے دوبارہ اصول پیش کئے جائیں گے ۔ جو رمال ان اصولوں کی پابندی نہیں کرے گا ۔ وہ احکام نقط سے عاجز رہیگا ۔

اصولوں کی تعداد تو کافی ہے۔ میں نے رحیم الرمل حصہ سوم میں بیان کیا ہے۔ مگر یہاں پر سات موٹے موٹے قوانین کا ذکر کروں گا۔ ان سب میں سے زیادہ اہم مراتبِ ہشتگانہ ہے۔ جو چار عناصر میں ترتیب دیکر ہر عنصر کے آٹھ حصے کئے گئے ہیں۔ یہ نقاط کی جان ہیں۔ میں پھر آپکی یاد دہانی کیلئے مراتب ہشتگانہ کی تشریح کرتا ہوں بلکہ ہر عملی مثال کے ساتھ اسکا نقشہ پیش کرتا ہوں۔ تاکہ آپ کو اس پر عبور حاصل ہو سکے۔ غور کیجئے۔

نقشہ مراتبِ ہشتگانہ

نمبر	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
مراتب آتش	طالب	مطلوب حال						مطلوب ماضی
مراتب باد	مطلوب مستقبل							
مراتب آب								
مراتب خاک								

مزید تشریح دوبارہ پھر کرتا ہوں۔ قرعہ ڈالو!
یہ شکل پیدا ہوئی۔ ذرا توجہ کریں۔



نقطہ آتش میزان سے حرکت کر کے خانہ ۱۲ میں گیا۔ پھر خانہ ۱۱ میں گیا اور سیر کرتا ہوا خانہ ۵ طریق میں چلا گیا۔ پھر وہ حرکت عرضی کرتا ہوا خانہ ۳ ، خانہ ۴ اور خانہ ۱ لیمان میں منتہی ہوا۔ غور یہ کرنا ہے کہ ⁝ لیمان آتشی شکل ہے نقشہ مراتب ہشتگانہ کو دیکھا۔ تو ۱ پر طالب کی شکل ہے۔ لیمان کا مطلوب ماضی خانہ ۸ طریق ⁝ ہے۔ ہمیشہ یاد رہے منتہی شکل کا پہلا خانہ ماضی ہوتا ہے۔ اسلئے مطلوب خانہ ۸ طریق ⁝ ہوا۔ پھر اس شکل کو اپنے زائچہ میں تلاش کیا کہ واقعی زائچہ میں ہے۔ غور سے دیکھا۔ مطلوب ماضی زائچہ میں دو مقام پر نظر آئی خانہ ۳ اور خانہ ۵ پھر مطلوب حال تلاش کیا۔ ہمیشہ یاد رہے کہ مطلوب حال اسی عنصر نقشہ مراتب ہشتگانہ کی رو سے طالب کا دوسرا خانہ ہوتا ہے



لہذا عنصر آتشی کا دوسرا خانہ میں ☲ نصرۃ الخارج ہے اور زائچہ کے خانہ ۱۲ میں موجود ہے۔ اب ہم نے مطلوب مستقبل تلاش کرنا ہے۔ قانون یہ ہے۔ کہ اسی عنصر کے نیچے کا عنصر مطلوب مستقبل ہوگا لہذا عنصر آتشی لیعنی ☲ کا نیچے کا عنصر ہوا ہے۔ اور اس کے نیچے کا عنصر خانہ ☳ حمرہ ہے۔ اور یہ شکل زائچہ کے خانہ ۹ میں موجود ہے۔ اب ہم نے مطلوب اسی عنصر یعنی آتشی شکل لیعنی کا تلاش کرنا ہے۔ یاد رہے اسی عنصر کا چوتھا خانہ غائبانہ ہوتا ہے۔ لہذا نقشہ مراتب مشتملہ کی رو سے چوتھا عنصر خاک کا ہے۔ اسی خانہ کے نیچے شکل انگیس ☵ ہے۔ یعنی اس شکل لیعنی مطلوب غائبانہ ہے۔ اور اس زائچہ میں خانہ نمبر ۱۲ میں موجود ہے۔ اس مثال سے آپ نے زائچہ کی شکل پر چاروں مطلوب کا استخراج سمجھ لیا ہوگا۔

نقشہ زائچہ قانون نظرات



جسطرح نجوم میں نظرات ہوتی ہیں۔ اسی طرح رمل کا قانون بھی وہی ہے۔

۱۔ اگر نقطہ طالب اپنے نقطہ مطلوب کو خانہ نمبر ۳ اور خانہ ۱۱ دیکھے تو نظر تسدیس ہے۔ اور آدھی... درست کی نظر ہے۔ اسلئے آغاز کام کا اچھا ہوا اور انتہا مشکل سے ہوگا۔

۲۔ اگر نقطہ طالب اپنے نقطہ مطلوب کو زائچہ کے خانے ۵ اور خانہ ۹ کو دیکھے تو نظر تثلیث ہے اور نیک نظر ہے۔ تمام امیدیں بحکم خدا پوری ہونگی۔

۳۔ اگر نقطہ طالب اپنے نقطہ مطلوب کو زائچہ کے خانہ ۴ و خانہ ۱۰ دیکھ رہا ہو تو اس کو نظر تربیع کہتے ہیں۔ یہ آدھی دشمنی کی دلیل ہے۔ جو کچھ کام ہو اور کچھ نہ ہو۔

۴۔ اگر نقطہ طالب اپنے نقطہ مطلوب کو خانہ ۷ میں دیکھ رہا ہو۔ اُسے نظر مقابلہ کہتے ہیں۔ یہ نحس نظر ہے۔

دشمنی کی دلیل ہے۔ کام میں رکاوٹ، پریشانی، دشواری پیدا ہوگی

۵۔ اگر نقطہ مطلوب نقطہ طالب سے خانہ ۱۰ میں ناظر ہو۔ اسے نظر مقارنہ کہتے ہیں۔ کام متوسط درجہ تک رہیگا۔

۶۔ خانہ ۸ خانہ ۱۱ و خانہ ۱۲ ساقط ہیں۔ اگر ان خانوں میں مطلوب ہو تو دلیل نامرادی ہے۔

قانون ۱۳ :۔ مرکز مطلوب :۔ اگر نقطہ مطلوب ماضی اپنے مرکز میں ہو۔ اور اپنے طالب کو نیک نظر سے دیکھ رہا ہو۔ تو گذرے ہوئے ہر کام کی نشاندہی کی دلیل ہے۔ اسطرح مطلوب نقطہ حال و مستقبل کی حالت کو ظاہر کرتا ہے۔ اگر مطلوب غائبانہ اپنے مرکز میں طالب کو دوستی کی نظر سے دیکھ رہا ہو تو مدعا میں کامیابی یقینی ہے۔ اللہ تعالیٰ غیب سے سامان پیدا کریگا۔ اور اگر مطلوب حال میں آیا ہے تو اس سے معلوم ہو کہ سائل کو ماضی میں کوئی مراد حاصل نہیں اور اب خدا کے فضل سے کامیابی کی امید ہے۔ اگر مطلوب زائچہ میں نظر نہ آئے تو باطن میں اسکو دیکھو۔ جس کا قانون قبل ازیں بیان کر چکا ہوں۔ دوبارہ پھر عرض کر دینا چاہتا ہوں۔ ذرا غور فرمائیں۔

در باطن تلاش کرنے کا قاعدہ کلیہ یہ ہے :۔ کہ دائرہ ابدع کی مذکل کو موجودہ زائچہ کی پہلی شکل دوسری کو دوسری شکل اور تیسری کو تیسری شکل سے ضرب دو تاکہ دائرہ ابدع کی سولہویں شکل سے ضرب دیکر نئی شکل پیدا کرتے جاؤ۔ جہاں مطلوب شکل ظاہر ہو جائے اسکے مطابق حکم لگاؤ اگر در باطن بھی ظاہر نہ ہو تو اس امر کیلئے قطعی مایوسی تصور کریں۔ اگر باطن میں نقطہ پیدا ہو جائے تو جس گھر میں وہ نقطہ نظر آئے تو اس گھر کے منسوبات سے حکم لگائیں۔ بحکم خدا تمام خواہشات سائل کی پوری ہوں گی۔ اگر مطلوب زائچہ ظاہر باطن میں نقطہ نہ آئے تو پھر دیکھے خانہ مطلوب میں کونسی شکل ہے اگر اس شکل میں جو نقطہ مطلوب کا ظاہر ہو اب اس نقطہ موجودہ خانہ مطلوب پر غور کریں اگر ظاہر میں موجود ہے تو جلدی مراد پوری ہوگی۔ اگر باطن میں نظر آئے تو دیر سے پوری ہوگی

ضروری نوٹ :۔ اگر جانشین کو خانہ مطلوب سے دیں۔ اگر نقطہ عنصر مطلوب معلوم ہو جائے تو اس کے مطلوب سے حکم لگائیں اگر مطلوب اسکا بھی نظر نہ آئے تو مراد کسی صورت میں پوری نہ ہوگی۔ اگر اس صورت میں شکل منتہی کو صاحب خانہ سے ضرب دیں اگر نتیجہ میں نقطہ نہ ہو تو سائل کی آرزو پوری نہ ہوگی۔

۴۔ **قانون تکرار** :۔ علماء رمل نے چاہے شکل میں ہو یا نقطہ میں ہو تکرار ایک اہم راز ہے۔ ہزار پوشیدہ رازوں کو عیاں کرتا ہے۔ جو رمال اس کے قانون سے واقف نہیں۔ وہ حکم لگانے میں ناکام ہو جاتا ہے۔

۱۔ کوئی نقطہ یا شکل نحس خانے میں تکرار کر کے سعد خانہ میں واقع ہو تو یہ حکم لگانا چاہیئے کہ مصیبت کے بعد آرام ملے گا۔ نامرادیوں کے بعد کامیابی نصیب ہوگی۔

۲۔ اگر کوئی نقطہ یا شکل خانہ سعد میں تکرار کر کے پھر نحس خانے میں چلی جائے تو اس کا نتیجہ اخذ کرنا چاہئے

آغاز میں کامیابی اور انجام میں ناکامی کا منہ دیکھنا نصیب ہوگا۔

۳۔ اگر طالع میں کوئی شکل نیک آئی ہو یا نقطہ اپنے مرکز میں پہنچ گیا ہو اور اس کا تکرار بھی نیک خانہ میں کرتا ہو تو بحکم خدا کامیابی ہی کامیابی مقدر میں ہے۔

۴۔ یاد رہے طالع میں شکل نیک ہو یا نقطہ اپنے مرکز میں ہو لیکن وہ تکرار کسی نحس خانہ میں کرے تو اس کی سعادت کا کوئی فائدہ نہیں۔

۵۔ اگر طالع میں بھی شکل نحس ہو یا نقطہ اپنے دشمن کے گھر منتہی ہو اور اسکی تکرار بھی نحس خانے میں ہو تو نقصان پہنچنے کا احتمال ہے۔

۶۔ اگر نقط یا اشکال ضعیف طالع میں ہو اور تکرار خانہ نحس میں تو پریشانی کا سبب ہوگا۔

۷۔ یاد رہے کہ اگر کوئی شکل خانہ دوم میں آئے اور پھر خانہ ۹ میں تکرار کرے تو اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ سائل زمانی کا امتحان لینا چاہتا ہے۔ تکرار کا مفصل اور مکمل تشریح مثالوں کے ذریعہ سے میں نے اپنی کتاب "رحیم الرّمل" حصہ سوم میں پیش کیا ہے۔ صرف یہاں ایک مثال پیش کرتا ہوں۔ غور کریں۔ ہر سوال کا جواب اسطرح دیا جاتا ہے۔ اگر آپ نے غور کیا تو انشاء اللہ ہر قسم کے سوالات کے جوابات دینے میں قادر ہوجائیں گے۔ نقطہ حکم سے سوال کا جواب دیا جاتا ہے۔ کام کا ہونا یا نہ ہونا اور کب ہوگا؟ وغیرہ۔ اسی حکم سے سب کچھ معلوم ہوجاتا ہے۔ مگر یاد رہے۔ کہ سوال کی عبارت دیکھ کر معلوم کریں۔ کہ سوال کس خانے سے تعلق رکھتا ہے۔ اسی خانہ پر نظر رکھنی چاہیئے اور ایسا کرنا بہت ضروری ہے۔ باقی اصول بعد میں دیکھے جائیں گے۔ اب میں آپ کے سامنے ایک مثالی زائچہ پیش کرتا ہوں۔

سائل نے سوال کیا :۔ کہ میری بیویاں کتنی ہونگی اور کونسی موزوں رہیں گی؟



نقطہ ضمیر کو چھوڑ دیا اور نقطہ حکم خاک کو چلایا۔ وہ نقطہ خانہ ۱۲ میں پہنچا۔ اور پھر خانہ ۱۱ میں چلا گیا۔ اور پھر خانہ ۵ پر پہنچ گیا۔ یہ خانہ آتشی ہے اور نقطہ خاکی ہے۔ اس نے پھر حرکت عرضی خانہ ۴ میں کی پھر خانہ ۳ پھر خانہ ۲ پھر خانہ ۱ ⁝ شکل طریق میں منتہی ہوا۔ یہ شکل خاک منتہی ہے ⁝ نقطہ خاکی شکل کے نام سے منسوب ہو گی۔ ہر سوال کا جواب اسی شکل سے دیا جائے گا۔ لیکن سائل کا سوال بیوی کے متعلق ہے لہذا بیوی کا خانہ ساتواں ہے۔ اب اس منتہی نقطہ کو نقشہ دور بہشتگانہ میں دیکھیں گے۔

اگر موجودہ زائچہ میں مل جائے تو بہتر ورنہ در باطن تلاش کریں گے جس کا قاعدہ قبل ازیں میں پیش کر چکا ہوں۔ اب اس زائچہ میں منتہی نقطہ طریق ⁝ میں پہنچا ہے۔ اب آپ نقشہ دور بہشتگانہ پر نظر دوڑائیں۔ مراتب خاک شکل طریق ⁝ سے ساتواں خانہ تلاش کریں تو معلوم ہوا کہ ساتواں خانہ خاک ⁝ نقی ہے جو موجودہ زائچہ میں دو مقام پر نظر آیا۔ ایک جگہ خانہ نمبر ۴ مرکز خاک میں ہے اور دوسری جگہ خانہ ۵ مرکز آتش میں موجود ہے۔ خانہ ۴ میں نقطہ قوی ہے۔ کیونکہ خاکی نقطہ خاک میں موجود ہے۔ اسلئے قوت حاصل ہے۔ زمانہ حال میں ہے۔ اور مرکز میں ہے۔ اور دوسری جگہ خانہ ۵ میں ہے اور مستقبل میں ہے۔ اب ہم نے ان دونوں نقاط کو منتہی شکل ⁝ طریق کا نظرات دیکھیں گے۔ ان تینوں شکلوں کی آپس میں کیا نظرات ہے غور کریں نقطہ ۱ کی نقطہ ۴ میں نظر تربیع ہے اور یہ نحس ہے اور دوسری نقطہ اول کی نقطہ پنجم کے ساتھ نظر تثلیث ہے۔



چونکہ اس زائچہ میں تکرار دو جگہ ہے۔ اسلئے معلوم ہوا۔ کہ اس کی دو بیویاں ہونگی۔ ایک موجودہ بیوی ہے اس سے اسکی دشمنی ہے۔ اس سے سائل کو نفرت ہے۔ اسے پسند نہیں کرتا۔ حلیہ اس کا یہ ہے۔ سیاہ رنگ موٹی تازی ہے۔ اور بدصورت ہے۔ سائل اس سے عداوت رکھتا ہے۔ دوسری بیوی سائل آگے جاکر شادی کریگا۔ وہ خوبصورت، چھوٹا قد، انکھیں موٹی موٹی۔ رنگ خوبصورت بروئے خانہ ۵ حلیہ بیان کیا جائیگا۔ اس بیوی کے ساتھ سائل کو بہت پیار کیونکہ نظر تثلیث ہے۔ اور زمانہ مستقبل ہے۔ اسطرح تکرار اور نظرات کا خیال رکھتے ہوئے احکام لگائیں خدا آپ کی محنت رائیگاں نہیں کریگا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

قانون ۴۲ :۔ اگر شکل مطلوب سوال کے مطابق نہ ہو تو دیکھنا چاہیئے۔ کہ دوسری شکل کسی مطلوب موافق ہو۔ تو بھی آرزو پوری ہو گی۔ مثال کے طور پر مریض کی مرض دریافت کرنے کیلئے ایک زائچہ بنایا

میں قبض الداخل شکل ☵ موجود تھی۔ منتہی نقطہ اس خاک میں چلا گیا۔ برائے مریض شکل مطلوب خارج از نقطہ آتش تھا۔ اب قبض الداخل ☵ کو صاحب خانہ ۵ طریق ☶ سے ضرب کیا تو شکل قبض الخارج ☶ پیدا ہوئی۔ اور تو رخانہ ۵ میں کیا۔ آتش خانہ آتش میں طاقت ور ہوتا ہے۔ تو اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مریض کو بحکم خدا شفا ہو جائے گی۔ مرض سے نجات ملے گی۔

قانون ۵ :۔ نقاط کی دوستی و دشمنی :۔ ہر نقطہ اپنے دوست بھی رکھتا ہے اور دشمن بھی دوست خاص بھی اور دشمن خاص بھی۔ دوست خاص الخاص بھی اور دشمن خاص الخاص بھی۔ انکی مکمل تشریح بہت طویل ہے۔ میں نے اپنی کتاب رحیم الرمل حصہ سوم میں کی ہے۔ یہاں پر مختصر عرض کرونگا۔

مثلیئے :۔ آتش کے نقاط کو باد کے نقاط سے اور اسطرح باد کے نقاط کو آتش کے نقاط سے دوستی ہے۔ اسطرح آب و خاک کی آپس میں دوستی ہے۔ اسطرح آتش نقطہ آب نقطہ اور باد نقطہ سے دشمنی خاک نقطہ سے دشمنی ہے۔ یاد رہے۔ جس شکل میں نقطہ حکم منتہی ہو جائے۔ اس کا مطلوب معلوم کیا جاتا ہے۔ کہ وہ زائچہ کے کس خانے میں موجود ہے۔ اور اس مطلوب کے خانے میں کونسی شکل موجود ہے۔ اور یہ شکل مطلوب کی دوست ہے۔ یا دشمن ہے۔ اسکو دیکھ کر احکام لگائیں۔ مثال کے طور پر نقطہ آتش نصرۃ الخارج ☲ کا تھا اور اسکے خانہ میں قبض الداخل ☵ کھڑی ہے اور باد قبض الداخل ☵ کی موافق مرتبہ نقطہ آتش نصرۃ الخارج ☲ کے نہ تھی۔ کیونکہ آتش کا نقطہ شکل نصرۃ الخارج ☲ کا مرتبہ دوم ہے۔ اور باد قبض الداخل ☵ کی مقام پنجم کی ہے یہ نقطہ دوست عام ہے۔ اس کی وجہ سے سائل اپنے کسی دوست کی حمایت میں کامیاب ہوگا۔ اگر خانہ نصرۃ الخارج ☲ میں مطلوب خود نصرۃ الخارج نظر آئے۔ نقطہ آتش و باد آپس میں دوست ہیں اور نتیجہ یہ نکلا۔ کہ سائل اپنے مقصد میں دوست کی اعانت سے کامیاب ہو جائیگا۔ اسطرح دشمنی کا حساب کر کے حکم لگائیں۔

قانون احکام نقطہ :۔ میں نے مذکورہ بالا صفحات میں لکھ دیا ہے۔ اسے بار بار دہرائیں۔

۱۔ منتہی نقطہ کو کریں۔ دیکھیں وہ نقطہ اپنے مرکز میں ہے۔ یا دوست کے خانے میں یا دشمن کے خانے میں تلاش کر کے احکام صادر کریں۔

۲۔ نظرات نقطہ :۔ مثال کے ذریعہ واضح کر چکا ہوں۔ تکرار شکل و نقطہ بھی قبل ازیں عرض کر چکا ہوں۔

۳۔ تلاش نقطہ اگر زائچہ میں موجود نہ ہو تو در باطن تلاش کیا جائے۔

۴۔ حکم نقطہ :۔ جس مقام پر نقطہ منتہی ہوتا ہے اگر سعد ہے اور اپنے مرکز میں ہے۔ تو حکم سعادت لگائیں۔ ورنہ نحوست کا لگائیں۔

۵۔ نقطہ منتہی کے حاکم کو غور سے دیکھیں اور تلاش کریں اگر موجودہ زائچہ میں نظر آئے اور یہ بھی معلوم کرو کہ

وہ کس نظر سے دیکھ رہا ہے۔ اگر وہ دوستی کی نظر سے دیکھ رہا ہے تو کام ہو جائے گا اگر دشمنی کی نظر سے دیکھ رہا ہے تو کام ہرگز ہرگز نہ ہوگا۔

مثالی زائچے پیش کرتا ہوں :۔ زائچہ بنانے کے بعد خانہ ۱۵ غور سے دیکھو۔ جیسے علمائے رمل میزان الرمل اور آئینہ رمل کے نام سے پکارتے اور لکھتے ہیں۔ اگر اس شکل میں ہمیشہ دو نقطوں والی شکل آئے گی تو درست زائچہ ہوگا اگر اسمیں ایک نقطہ یا تین نقطے آجائیں تو زائچہ غلط تصور ہوگا۔ دوبارہ دیکھیں کہاں غلطی ہوئی ہے۔ صحیح زائچہ میں ۱۵ خانے میں دو نقاط ضروری ہیں۔ ان دو نقطوں میں سے اوّل نقطہ ضمیر کا ہوتا ہے۔ جس کو سیر دینے سے ضمیر معلوم کیا جاتا ہے۔ اور دوسرا نقطہ حکم کا ہوتا ہے۔ چاہے کسی عنصر کا کیوں نہ ہو۔ یہ نقطہ حکم جس خانہ میں منتہی ہو۔ اس سے زندگی بھر کے حالات معلوم کئے جاتے ہیں اور ہر سوال کا جواب دیا جاسکتا ہے۔

سائل سوال کرتا ہے ۔ میری زندگی کے حالات بتائیں ؟





نقشہ مراتب ہشتخانہ

	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
مراتب آتش	⁞	⁞	⁞	⁞	⁞	⁞	⁞	⁞
مراتب باد ②	⁞	⁞	⁞	⁞	⁞	⁞	⁞	⁞
مراتب آب ①	⁞	⁞	⁞	⁞	⁞	⁞	⁞	⁞
مراتب خاک	⁞	⁞	⁞	⁞	⁞	⁞	⁞	⁞

طالع کا خانہ حال ۲ حال کے نیچے کا عنصر مستقبل ۲

خانہ ۱۵ میں دو نقاط ہیں اول نقطہ آتش اور نقطہ دوم باد ہے۔ اول نقطہ ضمیر کو چھوڑ دیا حکم کو جو نقطہ باد ہے سیر دی۔ وہ نقطہ باد خانہ ۱۳ میں پہنچا اور پھر نقطہ باد خانہ ۱۰ اجتماع میں گیا۔ وہاں سے سیر کرتا ہوا خانہ ۳ قبض الداخل خانہ آب میں منتہی ہوا یہ شکل سائل کے طالع کی ہے اور خاکی داخل سعد ہے اور یہ نقطہ باد خانہ آب میں پہنچ گیا ہے اور باد اور آب میں پیار ہے۔ لہٰذا دوست کے گھر میں مقیم ہے۔ اور اس شکل میں نقطہ خاک بھی موجود ہے باد اور خاک میں دشمنی ہے۔ نتیجہ یہ نکلا۔ سائل کا طالع نیک ہے۔ کیونکہ نقطہ باد خانہ آبی میں مقیم ہے۔ لیکن اس کے ساتھ نقطہ خاک کی موجودگی اس بات کی دلیل ہے۔ کہ دوست ظاہری امداد کریں گے۔ لیکن اندرونی مخالفت کریں گے۔ میں متعدد بار عرض کر چکا ہوں کہ نقشہ مراتب ہشتخانہ پر جب تک عبور نہ ہوگا۔ اس وقت تک آپ احکام نقط پر قادر نہ ہو سکیں گے۔ اس لئے میں ہر سوال کے ساتھ یہ نقشہ پیش کرونگا۔ طالع قبض الداخل ☵ کا مغلوب حا

ظاہر ہوا کہ سائل آئندہ مندرجہ ذیل امراض میں یعنی سحر اور پیٹ کے جملہ امراض میں مبتلا ہو جائے گا۔

۶۔ نقطہ بروئے نقشہ ہشتگانہ اجتماع ⁝ ثابت ممتزج بادی ستارہ عطارد برج جوزا سعد ہے۔ جو زائچہ کے خانہ ۱۰ میں موجود ہے۔ اس سے نتیجہ یہ نکلا کہ سائل کی بیوی موجود ہے۔ شکل بادی اپنے مرکز باد میں قوی ہے۔ اس کا مطلوب مستقبل حال عتبۃ الخارج ⁝ شکل نحس خارج آتشی ستارہ ذنب برج دلو زندہ سے تعلق رکھتی ہے۔ لیکن یہ نقطہ طالع سے ۷ پر ہے اور نظر مقابلہ دیکھتا ہے۔ اس سے یہ نتیجہ برآمد ہوتا ہے۔ کہ سائل اپنی بیوی سے جھگڑا رکھتا ہے۔ اس کا ⁝ حاکم نقطہ ⁝ عتبۃ الداخل زائچہ میں موجود نہیں اور اجتماع ⁝ کا حکم نقطہ طریق ⁝ بھی نظر نہیں آتا جو فریقین میں فساد اور جھگڑے کا سبب ہے۔

۸۔ نقطہ باد ۸ ⁝ عتبۃ الخارج نحس خارجی آتشی ستارہ ذنب برج دلو زندہ ہے۔ موجودہ زائچہ میں خانہ ۱۱ میں مقیم ہے۔ اور کمزور ہے۔ مگر نقطہ آتشی کے ساتھ ہے۔ خانہ آب میں اس شکل میں نقطہ آب بھی موجود ہے۔ اور آتش اور آب میں دشمنی ہے۔ اسلئے کہیں گے کہ سائل کے لئے سخت اندیشہ اور مصیبت ہے۔ اس کا مطلوب حال قبض الداخل ⁝ خاکی جنوبی مونث برج اسد ستارہ آفتاب ہے۔ موجودہ زائچہ میں خانہ ۳ و خانہ ۷ آب میں مقیم ہے۔ شکل خاکی خانہ آب میں طاقت ور ہوتی ہے۔ اس سے نتیجہ یہ نکلا۔ بحکم خدا سائل مصائب سے نجات پائے گا۔

۹۔ بروئے نقشہ ہشتگانہ خانہ ۹ کو دیکھا۔ (جو خانہ ۸ کے نیچے کا عنصر ہے۔) عتبۃ الخارج مذکورہ بالا منسوبات سے تعلق رکھتی ہے۔ موجودہ زائچہ میں خانہ ۷ آب میں مقیم ہے۔ اور طاقت ور ہے۔ اور خانہ سفر دور دراز سے تعلق رکھتا ہے۔ اس سے ظاہر ہوا کہ سائل کا سفر کوئی اچھا ثابت نہ ہوگا۔ اور اس شکل کا مطلوب بھی خود شکل ہے۔ جو اس بات کی قوی دلیل ہے۔

۱۰۔ بروئے نقشہ ہشتگانہ نصرۃ الداخل ⁝ سعد آبی شمالی، ستارہ مشتری برج حوت مؤنث مردہ جو موجودہ زائچہ میں خانہ ۴ اور خانہ ۸ میں مقیم ہے۔ یہ خانہ عشرت، وقار، ملازمت، شان و شوکت سے تعلق رکھتا ہے۔ اس سے ظاہر ہوا۔ کہ سائل برسر روزگار ہوگا۔ اور اچھی سروس ملے گی۔ اس شکل کا مطلوب مستقبل، خود بھی شکل ہے۔ اس سے نتیجہ یہ نکلا کہ ملازمت سائل کیلئے بہت موزوں ہوگی۔

۱۱۔ بروئے نقشہ ہشتگانہ خانہ ۱۱ میں نقی ⁝ ممتزج منقلب نحس آبی شمالی، ستارہ مریخ برج حوت مؤنث مردہ ہے۔ موجودہ زائچہ میں نہیں آئی اور اسکے مطلوب حال شکل عتبۃ الداخل ⁝ بادی داخل سعد بھی زائچہ میں موجود نہیں اور باطن میں تلاش کیا تو خانہ ۵ میں موجود ہے۔ یہ خانہ دوستوں، یاروں سے تعلق رکھتا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ سائل کے دوست کے معاون ثابت ہونگے۔

۱۲۔ بروئے نقشہ ہشتگانہ خانہ ۱۲ میں شکل عتبۃ الداخل ⁝ سعد داخل بادی غربی مذکر ستارہ زہرہ برج ثور موجودہ

زائچہ میں تلاش کیا۔ کہیں نظر نہیں آئی۔ پھر اس کا مطلوب حال تلاش کیا۔ وہ طریق ؛ سعد منقلب بھی موجود زائچہ میں نظر نہیں آیا۔ اسطرح مطلوب مستقبل بھی موجود نہیں۔ چونکہ یہ خانہ قید مخفی دشمنوں سے تعلق رکھتا ہے۔ اس سے ثابت یہ برآمد ہوئے کہ سائل کے دشمن اسکی پوری پوری دشمنی کر رہے۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب

قبل ازیں میں اپنی کند ذہنی اور کم مائیگی کا اظہار کر چکا ہوں۔ مجھے یہ دعویٰ نہیں کہ علم رمل پر کوئی مستند کتاب لکھ دی ہے۔ بلکہ میں یہ کہنے پر حق بجانب ہوں۔ کہ دوسری کتب رمل سے اسے بہت کچھ سہل اور عجیب پائیں گے میں نے کوئی جدید اختراع نہیں کی یہ سب کچھ قدیم استادانِ فن کے اصولوں اور قوانین کو نہایت سہل انداز میں رفاہِ عام کیلئے ترتیب دیا ہے۔ کوئی پسند کرے یا نہ کرے۔ میں اپنا انسانی فرض سمجھتا ہوں اور اسی جذبہ سے اپنے فرض منصبی کو پورا کیا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ جناب قبلہ حکیم سید فقیر حسین صاحب ضیاؔ النقوی بہاکری لبسیرا سادات موضع فتح پور جنوبی نے حتی المقدور تعاون فرمایا۔ اُنکی اعانت سے یہ کتاب آپ کی دست بوسی کر رہی ہے۔ خدا اُن کو جزائے خیر دے اور عمرِ نوح بخشے۔ آمین ثم آمین۔

ضمیر کے سوالات حل کرنا

دور نقاط اور مطلوبات کے قوانین نقطے کے حکم لگانے کی جان ہوتی ہے۔ اسلئے میں نے بار بار مراتبِ ہشتگانہ افرادی کا نقشہ پیش کرتا جا رہا ہوں۔ جب تک آپ اس کو نہ سمجھے ہونگے۔ اس وقت تک آپ اس پر حاوی نہ ہو سکیں گے۔ اس لئے میری انتہائی کوشش ہے کہ جناب کو ہر عنصر کے مطلوبات ذہن نشین ہو جائیں۔

یاد رہے کہ ہر ایک نقطہ کے چار مطلوبات ہوتے ہیں ۱۔ حال ۲۔ مستقبل ۳۔ ماضی ۴۔ غائبانہ

۱۔ مطلوب حال سے سائل کی کیفیت موجودہ معلوم ہوتی ہے۔ ۲۔ مطلوب مستقبل سے سائل کے آنیوالے حالات معلوم کئے جاتے ہیں۔ ۳۔ مطلوب ماضی سے سائل کے گذشتہ حالات معلوم کئے جاتے ہیں۔ ۴۔ مطلوب غائبانہ سے سائل کے وہ حالات معلوم کئے جاتے ہیں جو اچانک، بلاوجہ، غیر متوقع ہو جائیں۔

بروئے قانون مراتبِ ہشتگانہ افرادی نقاط کے مطلوب۔ ماضی، حال، مستقبل، غائبانہ تفصیل کے ساتھ پیشتر ازیں بیان کر چکا ہوں۔ یہاں پھر مزید وضاحت عرض کر دوں۔

جب نقطہ زائچہ میں شکل میزان سے چل کر وہ صورت میں امہات یا نبات میں پہنچتا ہے۔ عملی طور پر نقطہ کی پوری مکمل تشریح میں رحیم الرمل حصہ سوم میں بیان کی ہے۔ پس جس شکل میں نقطہ ختم ہو اس شکل کے ہر چہار مطلوب مراتبِ ہشتگانہ میں تلاش کیا جائے۔ طریقہ یہ ہے۔ مثال کے طور پر نقطہ میزان شکل قبض الخارج ☵ پر منتہی ہوتا ہے۔ جب مراتبِ ہشتگانہ افرادی میں دیکھا۔

دوسرا خانہ ÷ فرح ہے۔ بادی منقلب سعد اصغر زائچہ میں موجود نہیں ہے۔ مگر در باطن کوشش کی گئی تو اوّل شکل لحیان ≡ پیدا ہوئی۔ نتیجہ یہ نکلا کہ سائل کی قسمت اچھی تو ہے۔ لیکن اس کے رفیق اس کی اعانت نہیں کریں گے۔ اور طالع باد کا دوسرا نقطہ شکل فرح ÷ ہے۔ اسے مراتب ہشتگانہ کے لحاظ سے سعد منقلب بادی ہے۔ بروئے قواعد مراتب مال و دولت و تجارت سے تعلق رکھتی ہے۔ جو کہ موجودہ زائچہ میں نظر نہیں آتی۔ مگر خانہ اوّل سے جو ظاہر ہوتا ہے۔ سائل کی آرزو نیک ہے۔ مال و دولت کثرت سے آتا ہے۔ لیکن ثبات نہیں ہوتا۔ اب نقطہ دوم فرح ÷ مطلوب مستقبل کو دیکھا تو یہ شکل نقی ÷ نحس آبی منقلب ہوئی۔ اس شکل کو موجودہ زائچہ میں تلاش کیا۔ کہیں نظر نہ آئی۔ پھر در باطن کے ذریعہ معلوم کیا تو پھر بھی زائچہ میں کہیں دکھائی نہیں دی تو نتیجہ یہ نکلا۔ اس کی مالی حالت جوں کی توں رہے گی۔

۳۔ اب ہم نے مراتب ہشتگانہ سے طالع کا تیسرا خانہ کو دیکھا تو شکل عتبۃ الداخل ⁝ سعد بادی داخل ستارہ زہرہ کی مالک ہے۔ یہ شکل سائل کے اقربا، بھائی، بہن سے منسوب ہے۔ موجودہ زائچہ میں موجود نہیں اور زائچہ کے باطن سے بھی ظاہر نہیں ہوئی۔ اسلئے کہا جا سکتا ہے۔ کہ سائل کے کوئی بھائی بہن نہیں ہیں۔ اگر اس زائچہ سے نقطہ ظاہر ہو جاتا ہے تو سائل کے بھائی بہن معلوم ہو جاتی تھیں۔ مگر یاد رہے۔ اسی شکل کی تکرار سے بھائی بہنوں کی تعداد معلوم کی جا سکتی ہے۔ اگر تکرار نقطہ مذکر خانوں میں یعنی آتشی اور بادی خانوں ہے تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ اتنے بھائی ہیں۔ اگر تکرار مونث خانوں میں یعنی آبی اور خاکی خانوں میں تو اتنی بہنیں سائل کو بتا دے۔

۴۔ نقشہ مراتب ہشتگانہ کی رو سے نقطہ چہارم طریق ⁝ آبی سعد منقلب ستارہ قمر اور برج سرطان سے تعلق رکھتی ہے۔ یہ شکل موجودہ زائچہ میں نہیں ہے۔ اور اس کا مطلوب حال حمرہ ≡ موجودہ زائچہ میں دو مقام پر مقیم ہے۔ خانہ ۱۳، خانہ ۱۶ میں۔ اسلئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ سائل کے ماں باپ زندہ ہے۔

۵۔ نقطہ پنجم باد حمرہ ≡ بادی اور ثابت ہے اور نحس ہے۔ مریخ ستارے سے تعلق رکھتی ہے۔ موجودہ زائچہ میں دو مقام پر نظر آیا ہے۔ خانہ ۳ و خانہ ۱۶ اس سے نتیجہ یہ نکلا کہ سائل کی دو اولادیں اس وقت موجود ہیں۔ چونکہ ایک نقطہ خانہ ۱۳ آتشی میں ہے تو معلوم ہوا کہ ایک لڑکا ہے۔ اور دوسرا نقطہ خاکی میں ہے۔ یہ لڑکی ظاہر کرتا ہے۔ اب نقطہ پنجم ≡ باد مطلوب مستقبل کو غور سے دیکھا تو بیاض ≡ سامنے آتی ہے۔ یہ آبی ثابت سعد ہے۔ زائچہ کے خانے ۶ میں مقیم ہے۔ مستقبل میں بھی اولا پیدا ہونے کا اظہار کرتی ہے خانہ ۶ کو غور سے دیکھا تو اس میں نصرۃ الخارج ÷ ستارہ شمس برج اسد سعد خارج آتشی شرقی زندہ مذکر موجودہ زائچہ خانہ ۵ و خانہ ۱۵ مقیم ہے۔ موجودہ وقت میں سائل بیمار نہیں ہے۔ اس کے مطلوب کو آئندہ زمانہ میں دیکھا تو اجتماع ≡ ثابت ممتزج بادی غربی ستارہ عطارد برج جوزا سے تعلق رکھتی ہے۔ سعد ہے جو موجودہ زائچہ میں خانہ ۱۰ و خانہ ۱۲ میں موجود ہے۔ خانہ ۱۰ نقطہ باد میں مقیم ہے۔ قوی ہے۔ اور خانہ ۱۲ خاک میں نقطہ کمزور ہے۔ یہ خانہ دشمن کا خانہ ہے اور ماضی سے نسبت رکھتا ہے اس سے

نقشہ مراتب ہشتگانہ افرادی

مراتب	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
مراتب آتشی	☲	☳ ماضی	☴ طالع	☳ حال	☲	☳	☳	☳
مراتب بادی	☴	☳	☴ مستقبل	☳	☴	☳	☴	☳
مراتب آبی	☵	☳	☵	☳	☵	☳	☵	☳
مراتب خاکی	☷	☳	☷	☳	☷	☳	☷	☳

تو منتہی شکل مذکورہ بالا نقشہ آتشی خانے میں دیکھا تو خانہ ۳ میں ☳ ہمیں مل گئی۔ اوّل مطلوب ماضی اس شکل سے پہلے خانہ ۲ یعنی ☳ نصرۃ الخارج ہوگا۔ چونکہ قبض الخارج سے پہلے ہے۔ اور مطلوب مستقبل اس کا اجتماع ☴ ہے کیونکہ اس شکل یعنی طالع کا ☳ لفظ آتشی ہے۔ اور ہمیشہ مستقبل اس کا طالع کے نیچے کا عنصر باد اسی درجہ کا شکل ☴ میں نقطہ موجود ہے۔ اور مطلوب حال ☳ قبض الخارج یعنی طالع کا شکل عقبۃ الخارج اس کے آگے خانہ ۴ میں ہے کیونکہ اس شکل ☳ سے دوسرے درجہ پر آگے ہے۔ اور مطلوب غائبانہ ☷ کا شکل قبض الداخل عنصر چہارم خاک پر ☷ قبض الداخل اسی درجہ پر موجود ہے۔ کیونکہ آتش سے عنصر چہارم خاک ہے۔ اور یہ شکل ☷ اسی درجہ کی ہے۔ اسطرح باقی اشکال کے مطلوب آب، خاک، باد وغیرہ کے معلوم کئے جاتے ہیں۔ میں بار بار اس پر توجہ دلا رہا ہوں۔ کیونکہ مذکورہ بالا نقشہ اس علم کی جان ہے۔ ایک اور مثالی زائچہ پیش کرتا ہوں۔

سوال :۔ سائل نے آکر کہا "میری زندگی کے حالات بیان کرو؟ هُوَالعَلِیمُ الخبیر





نقشہ مراتب ہشتگانہ افرادی

مراتب	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
مراتب آتش	☲	☳ ۸	☴ طالع	☳ ۲	☲ ۴	☳ ۶	☳ ۵	☳ ۷
مراتب باد	☴	☳ ۹	☴ ۱۰	☳ ۱۱	☴ ۱۲	☳	☴	☳
مراتب آب	☵	☳ ۱۰	☵	☳	☵	☳	☵	☳
مراتب خاک	☷	☳ ۱۱	☷	☳	☷	☳	☷	☳

بروئے نقشہ ہشتگانہ افرادی



سائل سے قرعہ ڈالوایا۔ اس سے زائچہ بنایا اور نقشہ مراتب ہشتگانہ سامنے رکھ کر وضاحت پیش کر رہا ہوں۔ ذرا غور فرمائیں۔ دیکھ کر زائچہ کی میزان میں شکل عقلہ ☶ آئی ہے۔ میزان میں شکل عقلہ آئی ہے۔ اس کے نقطہ آتشی کو چلایا۔ جو کہ نحس منقلب خاکی ہے۔ جنوبی مردہ ستارہ زحل برج دلو ہے۔ وہ خانہ ۱۴ میں بشکل ☶ پہنچا اور پھر حرکت کر کے خانہ ۱۵ شکل ☶ نصرۃ الخارج میں گیا۔ وہاں سے حرکت کر کے خانہ ۵ ☶ قبض الخارج میں منتہی ہوا۔ یہ طالع سائل ہے۔ اب اس شکل کو نقشہ مراتب ہشتگانہ آتشی میں دیکھا۔ کیونکہ نقشہ آتشی تھا۔ اسلئے اسے مراتب آتشی میں اسے تلاش گیا۔ یہ خانہ ۳ میں ملا۔ اور یہی طالع سائل کا ہے۔ اس سے دوسرا خانہ ☶ عقبۃ الخارج ہے۔ یہ سائل کی مالی پوزیشن کا اظہار کرتا ہے۔ اس سے اگلا خانہ ۵ ہے۔ لیکن سائل کی قسمت کا خانہ ۳ اس کے بھائی بہنوں، نزدیک کا سفر نشان دہی کرتا ہے۔ خانہ ۴ سائل کی قسمت کا خانہ ۴ جسمیں شکل ☶ فرح ستارہ اس کا زہرہ برج اسکا میزان سعد اصغر منقلب بیٹھی ہوئی۔ اس سے سائل کے ماں باپ، زمین، جائیداد، دفینہ بتائے جاتے ہیں۔ مراتب ہشتگانہ کا خانہ ۴ سائل کی قسمت کا خانہ ۵ شکل نقی آئی ہے۔ منقلب نحس آبی خانہ آتشی میں آئی ہے۔ ستارہ اس کا مریخ برج اسکا محل اس سے سائل کی اولاد، معشوق و دوسرے منسوبات اس خانہ سے پیش کئے جا سکتے ہیں۔ مراتب ہشتگانہ کا خانہ ۵ سائل کی قسمت کا خانہ ۶ ہے۔ شکل طریق ☶ آئی ہے۔ آبی منقلب ستارہ اس کا قمر۔ برج سرطان ہے۔ اس سے سائل مرض، ملازمت، دشمن وغیرہ بیان کئے جاتے ہیں۔ مراتب ہشتگانہ ۶ جو خانہ ۵ کے نیچے عنصر بادی کا خانہ ۲ ہے۔ ☶ نصرۃ الخارج ہے۔ سعد خارج ہے۔ آتشی شرقی ستارہ آفتاب اسد ہے اس سے سائل کی موت، قرضہ، خوف، خطرہ کا اظہار کیا جائے گا۔ مراتب ہشتگانہ باد کی تیسری شکل سائل کی قسمت

کا خانہ ۹ ہے۔ نصرۃ الخارج ۔ ہے۔ ستارہ مذکورہ اور برج بھی مذکورہ ہے۔ اس سے سائل کے حالات حج، زیارت سفر دور دراز و علم کا بیان کیا جائیگا۔ نقشہ ہشتگانہ مراتب باد کا خانہ ۴ سائل کی قسمت کا خانہ ۱۰ اجتماع ۔ ہے۔ ستارہ عطارد برج جوزا ہے۔ نیک ثابت شکل ہے۔ اس سے سائل کی ملازمت و پیشہ، ترقی، تنزلی بیان کی جائیگی۔ مراتب ہشتگانہ باد کا خانہ ۵ سائل کی قسمت کا خانہ ۱۱ عتبۃ الخارج ہے۔ نحس خارج آتشی ستارہ ذنب برج دلو طالع سے گیارھویں درجہ ہے اس سے سائل کے دوست، قدیم کے حالات معلوم کئے جائیں گے۔ نقشہ مراتب ہشتگانہ باد کا خانہ ۵ سائل کی قسمت کا خانہ ۱۲ میں شکل قبض الداخل ۔ سعد خاکی مؤنث برج اسد ستارہ آفتاب اس سے احوال دشمن، ہسپتال، قید یا رہائی کے حالات دیکھے جاتے ہیں۔ میں نے اپنی طرف سے پوری پوری تفصیل کے ساتھ رمل کے اصول بیان کئے ہیں۔ خدا تعالیٰ آپکو سمجھنے کی توفیق بخشے۔ میرے حق میں دعا کریں۔ خدا آپکو بھی جزائے خیر عنایت کریگا۔ یہ کتاب بھی اس وقت آپ کے ہاتھ میں ہوگی۔ جب عبدالرحیم آغوش لحد میں ہوگا۔

سوال کا جواب کس طرح دیا جاتا ہے:۔ یاد رہے جس سوال کا کوئی قاعدہ و قانون معلوم نہ ہو۔ اس کے جواب کیلئے یہ طریقہ ہے۔ سوال کو غور سے دیکھو۔ یہ سوال کس خانہ سے تعلق رکھتا ہے۔ اس خانے کے نقاط کو مدنظر رکھتے ہوئے جواب دیں۔ اگر نقاط باقوت ہوں۔ سعد ہو تو جواب معقول دیا جائے گا۔ اگر نحوست خانہ نقطہ میں مقیم ہو۔ تو جواب نفی میں دیا جائے گا۔ اور زیادہ صحیح جواب کیضرورت ہو تو اس نقطے کے مطلوب و حاکم نقطہ کی تصدیق کرکے جواب صحیح ہوگا۔ یہ مختصر سوال کے جواب دینے کا۔

عنصر کے لحاظ سے ضمیر بیان کرنیکا قاعدہ

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
آتشی خانہ	بادی خانہ	آبی خانہ	خاکی خانہ	آتشی خانہ	بادی خانہ	آبی خانہ	خاکی خانہ

اگر نقطہ آتشی میزان سے سیر کرتا ہوا مرکز آتش خانہ ۱ میں پہنچ جائے تو ضمیر زیارت بزرگان یا دور دراز کا سفر یا مسجد یا قلعہ کی تعمیر کا خیال ہوگا۔ ۲ اگر آتشی نقطہ بادی خانہ میں پہنچ جائے تو کسی مال کے حاصل کرنے کی آرزو ہے۔ ۳ اگر نقطہ آتشی آبی خانے میں منتہی ہو تو ضمیر سفر قریب، کسی کام کا آغاز کرنے کا ارادہ ہے۔ نکاح و شرکت وغیرہ کی بھی آرزو رکھتا ہے۔ ۴ اگر آتشی نقطہ خانہ ۴ خاکی میں سیر کرتا ہوا چلا جائے تو ضمیر مرض یا مریض کو خوف جان و مال کا ہو۔ مریض سخت مرض میں مبتلا ہو جائے گا۔

اگر بادی مختلف خانوں میں چلا جائے تو کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
آتشی	بادی	آبی	خاکی	آتشی	بادی	آبی	خاکی

۱ اگر نقطہ بادی میزان سے سیر کرتا ہوا آتشی خانہ میں چلا جائے تو ضمیر دوستی و دولت کو ظاہر کریگا اور یہ سوال ہے تو بڑی محنت سے پورا ہوگا۔ ۲ اگر بادی نقطہ خانہ باد میں چلا جائے تو ضمیر اس کا طلب کرنے کسی چیز کا اور مال کے ہاتھ میں آنے جو گم ہوگئی یا ضائع شدہ اور بیماری بھی ظاہر کرتا ہے۔ نتیجہ یہ نکلا۔ مال تو مل جائے گا۔ مگر بیماری طول پکڑے گی۔ اگر بادی نقطہ خانہ آبی میں منتہی ہوا۔ تو ضمیر اس کا سفر ملاقات دوستان و رشتہ داراں، نیز شرعی علوم کے حاصل کرنے کا۔ ۳ اگر بادی نقطہ خانہ خاک میں پہنچ جائے۔ تو دشمنوں کی کثرت ہو۔ سائل خوف میں مبتلا رہے۔

نتائج نقطۂ آب چاروں عنصر میں

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
آتشی	بادی	آبی	خاکی	آتشی	بادی	آبی	خاکی

۱۔ اگر نقطہ آبی میزان سے حرکت کرکے خانہ آتشی میں مقیم ہو جائے۔ سائل کا ضمیر سفر و کسی کام کے آغاز کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ ۲ اگر آبی نقطہ خانہ باد میں سیر کرتا ہوا چلا جائے تو ضمیر سائل دوڑے ہوئے شخص، نوکری یا جادو ٹونا کا خوف ہے۔ مرض سحر کیسوبہ سے نمودار ہوا۔ ۳ اگر نقطہ آبی خانہ آب میں ختم ہو جائے تو سائل کا ضمیر کسی محبوب کے حاصل کرنے یا نکاح و شراکت یا سوال غالب مغلوب کا ہوگا۔ ۴ اگر نقطہ آب خانہ خاک میں چلا جائے۔ تو ضمیر از ملک سفر و غلام و شریک و پیر سے ہوگا۔ اس میں سائل کی کامیابی ہوگی۔

نتائج نقطۂ خاک چاروں عنصر میں

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
آتشی خانہ	بادی خانہ	آبی خانہ	خاکی خانہ	آتشی خانہ	بادی خانہ	آبی خانہ	خاکی خانہ

۱۔ اگر نقطہ خاک میزان سے سیر کرتا ہوا خانہ آتشی میں پہنچ جائے۔ عند البعض نقطہ خاکی ضمیر سے تعلق نہیں رکھتا مگر عند المصنف عرض کرتا ہوں۔ سائل کا ضمیر از عمارت و سفر و ابتدائے کام کے متعلق ہوگا۔ ۲ اگر نقطہ خاکی خانہ بادی میں ختم ہو جائے تو ضمیر ضرورت مال دولت اور خاندانی وراثت سے تعلق ہوگا۔ لیکن بڑی محنت سے حاصل ہوگا۔ اگر سوال نکاح کا ہو تو نکاح نہ ہوگا۔ اگر ہو بھی جائے تو دشمنی کی دلیل ہے۔ سائل کو سفر زیادہ پیش آئے ۳ اگر نقطہ خاک خانہ آب میں منتہی ہو۔ تو ضمیر از ملک و زراعت نیک ہے۔ سفر و نکاح و شریک کیلئے اوسط درجہ ہے۔ اور بیمار کیلئے بہت برا ہے۔ ۴ اگر نقطہ خاک خانہ خاک میں ختم ہو جائے۔ تو ضمیر حصول مال، دولت، خرید و فروخت کے لئے مبارک ہے۔ اور مریض اور سفر کے لئے نیک ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

اب میں ضمیر اور حکم کے بارے میں مکمل تشریح پیش کرتا ہوں۔

سائل آکر اپنے ضمیر کے بارے میں سوال کرتا ہے:۔ سائل نے قرعہ ڈالا یہ شکل پیدا ہوئی۔





سیر نقطہ میں تو آپ کو یاد ہے کہ خانہ ۱۵ میں زائچہ میں سب سے اوپر والا نقطہ ضمیر کہلاتا ہے اور اس سے نچلا نقطہ خاکی عنصر سے تعلق رکھتا ہو، حکم کے نام سے منسوب کیا جاتا ہے۔ ان دونوں نقطوں سے سائل کی ضمیر اور نتیجہ پیش کیا جاتا ہے۔

مذکورہ بالا زائچہ میں خانہ ۱۵ کو غور سے دیکھو۔ اس میں شکل قبض الخارج ہے۔ اسکی آتش نقطہ ضمیر اور آب نقطہ حکم ہے۔ پہلے نقطہ ضمیر کی سیر کو تیر کے نشان سے پیش کیا جاتا ہے۔ وہ نقطہ خانہ ۱۳ میں گیا۔ وہاں سے پھر خانہ ۱۰ میں پہنچا اور پھر خانہ ۴ میں انتہا پایا۔ اس سے ظاہر ہوا۔ سوال کرنے والے کا ضمیر یا سوال خانہ ۴ سے تعلق رکھتا ہے۔ یعنی وہ اپنے گھریلو معاملات کے متعلق دریافت کرنا چاہتا ہے یا زمین وغیرہ کے متعلق معلوم کرنا چاہتا ہے۔ علاوہ ازیں اس کے ذہن اور دماغ میں مزید باتیں بھی موجود ہیں۔ جو خانہ ۱۳ اور خانہ ۱۰ کی روشنی میں بھی اہم واقعات بیان کرنا ضروری ہیں۔ اب حکم کے نقطہ کو سیر دینے کیلئے پھر خانہ ۱۵ سے شروع کریں گے۔ خانہ ۱۵ نقطہ آب کو سیر دیں گے۔ یہ نقطہ خانہ ۱۳ میں گیا اور پھر خانہ ۱۳ سے خانہ ۹ میں پہنچا اور پھر خانہ ۹ سے خانہ ۱ میں انتہا پایا۔ جس کی شکل اجتماع ہے۔ اب خانہ ۱ سے حکم لگایا۔ کامیابی ہوگی۔ یعنی سائل کی مراد اور اس کے خانگی معاملات اور جائیداد وغیرہ بحکم خدا پوری ہوگی۔ سائل خوشی محسوس کریگا۔ ضمیر سائل معلوم کرنے کے بہت قانون ہیں۔ چھوٹا اور آسان قاعدہ یہاں پیش کردوں۔

زائچہ کھینچنا:۔ تمام نقاط زائچہ کے نقطوں کو جمع کیا۔ انکو سولہ پر تقسیم کیا اور باقی جو بچے انکو خانہ پر تقسیم کیا۔ جہاں ختم ہو۔ اس خانہ کے منسوبات سائل کا ضمیر تصور کریں۔ مثال کے طور پر مذکورہ بالا زائچہ کے نقطے گنے تو کل نقاط = ۳۶ ہوئے۔ اس کو ۱۶ پر تقسیم کیا ۲) ۳۶ (۱۶ ، ۳۲ ، ۴ باقی چنانچہ چوتھے خانے کے منسوبات سے ضمیر سائل کو بیان کیا۔

دوسری مثال :۔ ضمیر کی دوسری مثال پیش کرتا ہوں۔ غور فرمائیں۔ سائل نے ضمیر کی غرض سے قرعہ ڈالا۔





نقشہ مراتب ہشتگانہ

	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
آتش					معذب	طالب		
باد								
آب								
خاک								

ضمیر :۔ خانہ ۱۵ ∴ دو نقطے ہیں۔ نقطہ آتشی اور نقطہ آب حکم۔ آب نقطہ آتشی کو سیر دی۔ وہ خانہ ۱۴ میں گیا۔ وہاں سے خانہ ۱۱ میں سیر کرتا ہوا خانہ ۴ قبض الخارج ∴ میں انتہا پایا۔ مطلوب اس کا بروج نقشہ ہشتگانہ عقبۃ الخارج ∴ نحس آتشی خارج ہے۔ موجودہ زائچہ خانہ ۳ میں موجود ہے۔ یہ شکل عنصر آتش باد و آب مرتبہ چہارم رکھتی ہے۔ جسکا کل مجموعہ ۱۲ ہوا اور خانہ ۱۲ موجودہ زائچہ میں اس کا عکس موجود ہے۔ ∴ عقبۃ الداخل بادی سعد داخل ہے۔ خانہ ۱۲ عدد کا ∴ ہے۔ اسکے بعد شکل طریق ∴ خانہ ۷ میں گیا۔ یہ خانہ طالع سے ساتواں ہے۔ اس لئے اسکی نظر مقابلہ ہے اور ضد پر دلالت کرتا ہے۔ مطلوب اس کا لیمان ∴ آتشی سعد خارج زائچہ کے اندر خانہ ۸ میں موجود ہے۔ یہ خانہ دشمنی سے تعلق رکھتا ہے۔ اس نقطے نے حرکت عرضی کر کے خانہ ۵ میں پہنچ گیا ہے۔ یہاں شکل لیمان ∴ ہے۔ مطلوب اس کا نقرۃ الخارج ∴ خانہ ۱۰ بحکم خانہ ۱۱ امید سے ہے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ سائل عداوت و دشمنی بھائیوں کی وجہ سے تکلیف پہنچی ہے۔ اور معاملہ عدالت تک جائے گا۔ یہ سن کر سائل نے انجام کے متعلق دریافت کیا۔ نقطہ حکم کو چلایا۔ پھر سے خانہ ۱۵ شکل قبض الخارج ∴ کو دیکھا۔ دوسرے نقطہ آب کو چلایا۔ وہ نقطہ خانہ ۱۴ میں پہنچا اور پھر خانہ ۱۴ سے خانہ ۱۲ میں چلا گیا اور پھر خانہ ۱۲ سے حرکت کر کے خانہ ۹ میں طریق میں ∴ پہنچا۔ پھر حرکت عرضی کر کے خانہ ۶، پھر ۵، ۴، ۳، ۲ اور پھر خانہ ۱ میں شکل ∴ پر منتہی ہوا۔ یہاں نقطہ کمزور ہوگیا۔ مطلوب منتہی عقبۃ الداخل شکل طریق ∴ آبی سعد منقلب خانہ ۷ موجودہ زائچہ میں موجود ہے۔ طالع کو نظر مقابلہ دیکھ رہا ہے۔ اس سے نتیجہ یہ نکلا کہ دشمنی

دن بدن زیادہ ہوتی جائے گی۔ نقطہ خانہ ۱ منتہی آب شکل قبضۃ الداخل ⋮ ہے یہ نمبر ۱۲ میں سائل کے طالع کو نظر مقارنہ دیکھ رہا ہے۔ یہ نظر ساقط ہے اور شکل خانہ ساقط میں موجود ہے۔ مطلوب اس کا شکل ⋮ خانہ ہفتم میں نظر مقابلہ سے دیکھ رہا ہے۔ اس سے سائل کو کہہ دیا جائے کہ مخالف پر حکم حاکمان سے زیادہ ہے۔ بہتر ہے کہ صلح کر دو اور نہ خطا اور نقصان کا احتمال ہے۔

ایک اور مثال پیش کرتا ہوں۔ تاکہ پوری تشریح اور توضیح ہو جائے۔

سوال :۔ سائل نے آکر کہا کہ "میں کیا آرزو رکھتا ہوں اور حاصل ہو گی یا نہیں"؟ سائل سے قرعہ ڈلوایا۔





نقشہ مراتب ہشتگانہ

	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
آتش	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮
باد	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮
آب	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮
خاک	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮
	۴	۳	۲	۱			مطلوب	۵

خانہ ۱۵ کو دیکھا تو شکل قبض الداخل شکل موجود ہے اوپر والا نقطہ باد ضمیر کو سیر دی وہ خانہ ۱۲ میں گیا۔ وہاں سے خانہ ۱۲ سے ہوتا ہوا خانہ ۸ شکل ⋮ میں منتہی ہوا۔

۱۔ ایک قاعدہ یہ بھی ہے کہ موجودہ زائچہ میں لیجان شکل تلاش کیا کہ وہ کس خانہ میں ہے۔ وہ جس خانہ میں ملے وہ خانہ ضمیر کا ہوگا۔ موجودہ زائچہ میں لیجان خانہ ۱۱ میں موجود ہے۔ اس لئے سائل کو کہا۔ کہ تیرا سوال دوست قدیم کے متعلق ہے۔ اب سائل سے کہا۔ تیرا قدیم دوست تجھ سے ملاقات کرنا چاہتا ہے۔ اور وہ خوف زدہ ہے۔ کیونکہ وہ تیرا دشمن ہے۔ سائل نے کہا کہ پھر کیا کیا جائے۔ نتیجہ اخذ کرنے کے لئے ہم نے حکم کو چلایا تو نقطہ خاک ہے۔ وہ خانہ ۱۴ میں اور پھر خانہ ۱۴ سے خانہ ۱۲ میں پہنچا اور پھر خانہ ۸ نصرۃ الداخل ⋮ میں منتہی ہوا۔ مطلوب اس کا ظاہر باطن زائچہ میں موجود نہیں۔ اسلئے کہا گیا کہ طالع تیرا سخت نحوست میں ہے۔ پھر دیکھا شکل منتہی کے نقطہ خانہ ۵ کو تو وہ شکل اکیس ⋮ ہے۔ مطلوب حال

اس کا عقلہ ☵ ہے۔ یہ بھی زائچہ کے ظاہر و باطن میں موجود نہیں۔ اسلئے سائل کو کہا جائے گا۔ اس سے ملاقات نہ ہو سکے گی۔ پھر انکیس ☲ کے مطلوب مستقبل کو تلاش کیا جو لیحان ☶ ہے۔ جو موجودہ زائچہ میں خانہ ۱۱ خانہ آب میں کمزور ہے اور خانہ ۱۳ میں اپنے مرکز میں قوی ہے۔ اور مطلوب لفرۃ الخارج ☵ زائچہ کے خانہ ۹ میں ہے۔ نظر تثلیث دیکھ رہا ہے۔ اس سے نتیجہ نکلا کہ ملاقات کا امکان پایا جاتا ہے، نقطہ خانہ ۱۱ آتش ☲ ہے اگرچہ یہاں قوی ہے۔ لیکن اس کا مطلوب حاضر زائچہ میں نہیں ہے و جالنشین مطلوب لیحان ☶ ہے اور لیحان ☶ اپنے مطلوب سے نظر رکھتی ہے۔ مستقبل میں دوستی ہونے کے آثار ہیں اور دشمنی ختم ہو جائے گی۔ کیونکہ نقطہ ۱۲ آتش قبض الخارج ☲ ہے۔ جو دشمنی رکھتی ہے۔ موجودہ رمل میں نہیں ہے۔ العلم عند اللہ۔

قانون استخراج حدث بروئے نقطے

بہت آسان اور سہل طریقہ مدت معلوم کرنے کا یہ ہے کہ شکل لیحان ☶ موجودہ زائچہ میں دیکھو اگر خانہ ۱، خانہ ۲، خانہ ۴، خانہ ۱۰ تو ایک سال کا حکم لگانا چاہیئے۔ اگر شکل لیحان ☶ خانہ ۲، خانہ ۵، خانہ ۸، خانہ ۱۱ میں موجود ہو تو ایک ماہ کا حکم لگانا چاہیئے۔ اگر لیحان ☶ شکل خانہ ۳، خانہ ۶، خانہ ۹، خانہ ۱۲ میں ہو تو حکم ہفتہ کا لگانا چاہیئے۔ اگر شکل لیحان خانہ ۱۲، خانہ ۱۳، خانہ ۱۴ اور خانہ ۱۵ میں ہو تو مدت ایک دن مقرر کرنا چاہیئے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

علمائے رمل نے میعاد کا ایک اور طریقہ لکھا ہے:۔

تسکین ابدح کی رو سے میزان میں کونسے عنصر کا نقطہ ہے۔ اور کون سے مرتبہ مراتب ہشتگانہ سے ہے اور سیر کے لحاظ سے کس خانہ میں پہنچا ہے۔ پس اس مرتبہ کو نگاہ میں رکھو۔ اس کے بعد عدد شکل منتہیٰ بہ عدد نقطہ میزان کو جمع کر کے سائل کو پیش کرے کہ فلاں عرصہ میں کام بحکم خدا پورا ہوگا یا انشاء اللہ مکمل ہو جائے گا۔ مثال کے طور پر نقطہ آتش میزان شکل نصرۃ الخارج ☲ ہے اور زائچہ کے خانہ اول میں چلا گیا ہے۔ پس ایک یوم میں مقصد پورا ہو جائے گا۔ اگر کسی وجہ سے رکاوٹ پیدا ہوگی تو تیسرے دن پورا ہو جائے گا۔

خانہ کے اعداد کا قاعدہ یہ ہے کہ نقطہ آتش اکائی، نقطہ باد دہائی، نقطہ آب سیکڑہ، خاک ہزار کا عدد رکھتی ہے۔ لیکن آتش اوّل کا ایک عدد ہے اور آتش پنجم دو عدد رکھتی ہے۔ اور آتش نہم تین کا عدد رکھتی ہے، آتش خانہ ۱۳ چار کا عدد رکھتی ہے۔ چونکہ عنصر چار ہیں۔ اسطرح ہر عنصر کا مذکورہ بالا قانون کو مدنظر رکھ کر لگا۔ بادی کا خانہ ۱ کا اکائی ہوگا، بادی کا خانہ ۲ دہائی کا، بادی خانہ ۳ سیکڑہ اور بادی خانہ ۴ کا ہزار کا حکم اسی طرح باقی۔ آبی

نوٹ:۔ نقطہ لیحان کی بجائے لحیان پڑھیں

اور خاکی کا حکم لگائیں ۔ اسی قانون کے مطابق امہات ساعت ۔ روزگار ۔ نبات ہفتہ اور متولدات ماہ کا زوائیدت کا سال کا حکم لگائیں ۔ کیونکہ عدد بتانا نہیں مشکل ہے ۔ کیونکہ یہ ذہنی احداث سے تعلق رکھتے ہیں ۔ اگر رمال توجہ نہ کریگا ۔ تو حکم لگانے میں عاجز رہے گا ۔

یاد رہے ۔ تکرار اگر امہات میں ہوگا تو حکم ساعت کا کرنا ہوگا اور یوم کا بھی ۔ اگر نبات میں تکرار ہوگا تو حکم ہفتہ کا ۔ اگر متولدات میں تکرار ہوگا تو حکم ماہ کا ۔ اگر زوائیدات میں تکرار ہوگا تو حکم سال کا لگانا چاہیئے ۔

قانون عدد بیان کونیکا :۔ اگر آتش خانہ آتش میں چلا جائے تو احاد مطلق موافق ہے اور اگر آتش باد خانہ میں پہنچ جائے تو عدد مرتبہ آتش اور عدد باد کو جمع کرنا ضروری ہے ۔ اسی طرح آب اور خاک کا قاعدہ دونوں کا حاصل جمع کے عدد کے موافق عرصہ بیان کرنا چاہیئے ۔

مثال کے طور پر :۔ نقطہ آتش لحیان اگر خانہ باد میں آوے تو گیارہ روز اگر نقطہ آتش ؛ آتش ۱ + باد ۱۰ = کلمیزان = ۱۱ ہوگا ۔ اور آب میں چلا جائے تو آتش ۱ ، آب ۱۰۰ + = کلمیزان = ۱۰۱ روز لگائیں اگر نقطہ آتش خاک میں منتہی ہو تو آتش ۱ + اور خاک کا ۱۰۰۰ کل میزان ۱۰۰۱ روز کا حکم ہوگا ۔ اگر لحیان امہات میں تکرار کرے تو ساعت اور دن کا حکم لگائیں ۔ لیکن پہلے سوال کو دیکھیئے اور اس کے موافق حکم لگاوے ۔ یہ بھی یاد رہے کہ ساعت اگر بارہ سے بڑھ جائے تو بارہ پر تقسیم کرکے بقایا ساعت بیان کرے ۔ مثلاً ۲۰ ساعت نکلا ہے ۔ ۱۲) ۲۰ (۱ ‏$\frac{۱۲}{۸}$ ساعت ۔ اسیطرح نبات میں تکرار کرے تو ساعت پر تقسیم کرکے جو بچے ۔ اگر متولدات میں تکرار کرے تو پھر بارہ پر تقسیم کرکے مدت بیان کردے ۔ اگر زوائیدت میں ۱۲۰ پر تقسیم کرکے مدت کا جواب پیش کرے ۔ واللہ اعلم بالصواب

جدول استخراج مدت کا پیش خدمت ہے

شکل	مدت									
امہات	یوم	۲۹ یوم	۸ یوم	۶ یوم	۱۲ یوم	۹ یوم	۶ یوم	۱ یوم	۴ یوم
نبات	ماہ	۵ ماہ	۱ ماہ	۱۰ ماہ	۲ ماہ	۵ ماہ	۱۰ ماہ	۱۰ ماہ	۶ ماہ
متولدات	سال	۴ سال	۱ سال	۱ سال	۱۲ سال	۵ سال	۱ سال	۴ سال	۱½ سال

شکل کا تعلق بروج اور سیارگان کے ساتھ

۱۔	عقلہ		انکیس		برج جدی ستارہ زحل
۲۔	لیحان		نصرۃ الداخل		حوت قوس مشتری
۳۔	حمرہ		نقی		مریخ حمل عقرب
۴۔	نصرۃ الخارج		قبض الداخل		شمس برج اسد
۵۔	فرح		عتبۃ الداخل		زہرہ برج ثور میزان
۶۔	اجتماع		جماعت		عطارد سنبلہ اور میزان
۷۔	طریق		بیاض		قمر برج سرطان
۸۔	قبض الخارج		عتبۃ الخارج		راس ذنب

ضمیر بیان کرنے کا نہایت سہل طریقہ :۔ ضمیر کے نقطہ کو سیر دی جس خانہ میں منتہی ہو۔ اُس شکل علیحدہ لکھ لو اور پھر نقطہ حکم کو چلاؤ۔ جہاں ختم ہو جائے۔ اس خانہ کی شکل کو پہلی شکل کے ساتھ ملا کر ضرب دو۔ اور حاصل ضرب شکل کو اور اپنی پہلی دو شکلوں کو زائچہ میں دیکھو۔ وہ کس کس خانہ میں موجود ہیں۔ انہی خانوں کے منسوبات کو ویسے بیان کرو۔ وہی ضمیر ہوگا۔

اِن خانوں کا نقشہ سامنے پیش خدمت ہے

گزشتہ سے پیوستہ

شکل / خانہ	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
[illegible]	صحت نفس یا رنج سخن خوش	تلف مال	صحت یا جماع	غم و دلتنگی	دولت و رفعت حصول مراد	صحت و راحت آرام و مرگی یا نہیں	حیوان غائب گم شدہ ہے ملتا یا نہیں	نیکی خوف دشمن سے نجات	خوب خوش	سخن سے ناخوش	بدی عداوت	آمد و رفت بزرگی	قوت و شہوت سخن خوشی	مبارک سفر	بیت ... غریبی کی	بزرگوں سے مال و راحت ملنے کو
[illegible]	رنجوری و تنگی	قوت مال	تلف مال	اندیشہ و فساد	رنجوری فرزند	مرض و بیماری	رنج و غم	بدی حالات	خستگی و رنج	تردد و نزاع	ناحصل فساد	آمد خبر و رسید	بیماری نفس	غضب خون	بیماری ... کی	[illegible]
[illegible]	خوشدلی بزرگوں سے	دلتنگی از جانب مال حصول	خوف و اندیشہ	بدی حالات	سفر کرنا	رسیدن غم و رنج	اتفاق سفر	پریشانی خیالات و بیہودہ	قوت حیات	زوال مرض	قوت امداد [illegible]	آمدن غائب	عنایت بزرگان	غم خوشی	رسیدن غنیمت	حصول مراد [illegible]
[illegible]	منفعت و ملال	دلتنگی از جانب مخالف	سفر و عسر	خرابی ملک	اندیشہ باطل	ہلاکت دشمن	مرگ مفاجات	خوف الناس	حصول مراد علمی سفری	حصول مراد یقینی	شدت مرض	ذوق صحت	بزرگی خاطر	قبض مال	-	[illegible]
[illegible]	آمد خبر و رسید خبر	غم و رنج از جہت مال	تشویش و زحمت	آمد غائب یا رسیدن مکتوب	سفر فرزند	صحت بدن	[illegible] مخالفان دشمنان	دشمنی مخالفان	در ریاست قوت دشمنان	سفر ممنون	زوال مرض	بدی حالات فرزند	رسیدن [illegible]	خلاصی محبوس	[illegible]	[illegible]
[illegible]	رسیدن مراد و کام دل	آمد خبر و رسید خبر	[illegible]	قوت [illegible] حاصل ہونگی	غم خوردن	[illegible] یافتن مراد	[illegible]	[illegible] زنان	[illegible]	[illegible] مرض	استقامت [illegible] جمع	[illegible] بزرگان	[illegible]	[illegible]	جمعیت و [illegible] محبوس	[illegible] عاقبت
[illegible]	صحت تن و جماعت جمعیت	خرچ مال	نشاط و خرمی	خرابی املاک	آمد خبر و رسید خبر	دفع رنج و غم	غم و رنج	خوف و دشمن	نیکوئی عمل	رنجوری	بر آمدن حاجت	دشمنی اقربا	غم و غصہ	فتوح بر اعداء	-	قہر و غضب [illegible]
[illegible]	قہر و غصہ	جمعیت مال	ملاقات دوستان	سفر تعجیل	اندیشہ ہائے تفکرات ناحق	بد دلی	بدی حالات	عنایت اکابر	طلب دوستی	یافتن مراد	قوت اقربا	قوت [illegible]	خوف و غصہ	[illegible]	-	[illegible] مال
[illegible]	خوف و اندیشہ	حصول مال غائب	آمدن غائب	غم و غصہ	رسیدن غائب	نقصان	آمد رسیدن خبر	[illegible]	پریشانی نفس	آمد خبر و رسیدن خبر	نقل و حرکت	خیر و برکت	[illegible]	بدی حالات زندانی	بیم [illegible]	حصول مال
[illegible]	صحت بزرگان	حصول مال	نشاط خرمی	حصول مراد	طہارت و صفائی نفس	حصول مراد	درستی اعتقاد	حصول مراد	طہارت نفس	رسیدن مال	آمدن مال	قوت عمل	حصول امید	قبض مال	صحت جماع زن	قبض مال
[illegible]	قوت نفس	نشاط و طرب	حساب و کتاب	آمد رسیدن خبر	جمعیت خاطر خوشی	قرب خوبی خوشی	سخن خوشی	جمعیت مراد	رسیدن خبر	رسیدن مال	عشق و محبت	غصہ دشمن	فرح خاطر	کشائش کارہائے	-	نیکوئی حال زن
[illegible]	صلاحیت کام و مراد	قبض مال	سفر کردن	عنایت اکابر	حصول مطلوب	میراث خوردن	علم آموختن	آمدن غائب	خواب خوشی	قوت املاک	زیادتی ملک و امن	عنایت بزرگان	شادی دوستان	عنایت بزرگان	جمعیت دوستان	خرابی عاقبت
[illegible]	جھگڑا و فساد	نکاح و جماع	رنج و اندوہ	آمد غائب	فساد و اندیشہ	زخم بدن	غم و اندوہ	شغل و عمل	حصول مال	نقل از مقام	پشیمانی و ملال	رسیدن مال	خوف خصومت	سفر در	-	نیکوئی کارہا
[illegible]	خبر سفر	قبض مال	رسیدن خبر	قوت و مدد	بہتر مراد	جمعیت	غائب	مال	زن و جماع	عمل و شغل	دوستی	مردودی	قبض مال	دوستان	-	قبض مال نیکوئی عاقبت
[illegible]	دوستی	دل	حصول مقصود	مراد	نیکوئی مال	غائب	مرد حصول	کیفیت عمر	خبر	حال دشمن	خوبی فرزند	خوف محبت	حرکت و خوبی	ناامیدی	خوف دشمن	خوف
[illegible]	دلتنگی [illegible]	جمع دل	تردد خاطر غم	اجتماع و وصول	دلتنگی غم	خوشی دشمن	رسید مال	حصول مراد	حصول مراد	خوبی بزرگان	خبر	عیش و خوشی	تجرد و تردد	زیادتی مال	فکر عمارت	قبض خاطر و مال

منتہی نقطہ اور اسکے احکام خانہ

یاد رہے کہ مصنف شجرہ وثمرہ نے نقط آتش کے دو مطلوب پیش کئے ہیں۔ ایک کلی دوسرا جزی۔ اگر نقط آتش کا مطلوب کلی ہے۔ نقط آب ہے اور مطلوب جزی باد ہے۔ اسلئے مزاج آتش کا گرم و خشک اور باد کا گرم تر ہے۔ معلوم ہوا آتش طالب تری کی ہے اور آب سرد تر ہے اور نقطہ آتش کا مطلوب جزی نقطہ باد ہے اور مطلوب کلی نقطہ آپ ہے۔ اس لئے خانہ اوّل چونکہ آتشی ہے۔ اس کا مطلوب کلی خانہ سوم ہے کہ وہ خانہ آب ہے اور مطلوب جزی خانہ دوم ہے کہ باد ہے۔

حصہ اوّل "رحیم الرمل" میں نقط رمل پر مفصل اور پوری تشریح اور بحث کر چکا ہوں اور "رحیم الرمل" حصہ سوم میں بقیہ شرح بیان کرونگا اسجگہ حسب قاعدہ صاحب شجرہ ثمرہ نتائج عرض ہونگے۔

احکام نقطہ آتش

اگر نقطہ آتش خانہ اوّل میں سیر کرتا ہوا پہنچ جائے تو بیان یہ نقطہ اپنے مرکز میں صاحب المرکز ہو کر بیٹھا ہے۔ جو مزاج اور اندیشہ ہائے فاسد وفکر ہائے دور کار بزرگ اور مرتبہ کی بلندی کی دلیل ہے۔ مصنف شجرہ وثمرہ نے نقط، نقط آتش کے دو مطلوب بیان کئے ہیں۔ جو کہ میں مذکورہ بالا شروع میں عرض کر چکا ہوں۔ پھر دوبارہ پیش کر رہا ہوں۔ ایک کلی، دوسرا جزی۔ آتش کا مطلوب کلی آب ہے اور مطلوب جزی باد ہے۔ اسواسطے کہ مزاج آتش کا گرم خشک اور باد کا گرم تر، پس آتش طالب تری کی ہے۔ اور آب سرد تر ہے۔ پس نقط آتش مطلوب جزی نقط باد اور مطلوب کلی نقط آب ہے۔ اسلئے خانہ اوّل چونکہ آتشی ہے۔ اس کا مطلوب کلی خانہ ۳ ہے کہ خانہ آب ہے اور مطلوب جزی خانہ ۲ ہے کہ خانہ باد ہے۔

یاد رہے اگر نقط پہلے خانہ میں انتہا یا دے اور نقط باد موجودہ شکل خانہ ۲ میں موجود ہو تو سائل کا مطلوب جزوی بلا محنت وبغیر کوشش سے حاصل ہو جائیگا۔ اگر نقط آتش خانہ اوّل میں ہو اور پانچویں کی شکل میزانی ہو۔ اور وہ نقط آتش رکھتی ہو۔ مثل طریق ⁝ یا عقلہ ⁝ یا نصرۃ الخارج ⁝ وغیرہ تو بحکم خدا تمام امور میں کامیابی ہو گی۔ اگر نقط آتش ہو اور پانچویں خانہ کی شکل غیر میزانی ہو۔ مثل عبتہ الخارج ⁝ یا لقی ⁝ یا فرح ⁝ یا لیحان ⁝ وغیرہ موجود ہو تو مقصد میں کامیابی کے لئے بہت محنت اور سعی کرنی پڑے گی۔ اگر مطلوب جزوی یعنی نقط باد خانہ ۲ میں ہو تو کسی دوسرے کے تعاون سے کامیابی ہو گی۔ اگر نقط باد خانہ ۳ میں ہو اور

نقطہ آتشی اس خانہ میں نہ ہو تو قدرے سائل کی آرزو پورا ہونے کا امکان ہے۔

خانہ ۲:۔ اگر نقطہ آتش دوسرے خانہ میں انتہا پائے اور شکل خانہ ۵ کی بادی نقطہ رکھتی ہو، اور خانہ ۱ میں شکل نصرۃ الخارج ☲ یا قبض الداخل ☵ یا اجتماع ☶ ہو تو مطلوب جزوی حاصل ہووے اگر منتہی شکل خانہ ۲ میں نقطہ باد میں موجود ہو اور خانہ ۶ میں بھی نقطہ باد موجود ہو تو سائل کا مقصد پورا ہو جائے۔ صاحب شجرہ وغیرہ بیان فرماتے ہیں کہ اگر نقطہ آتشی دوسرے خانہ میں منتہی ہو تو مطلوب جزوی حاصل ہووے۔ اگر سیر کرتا ہوا خانہ ۳ میں چلا جائے تو کسی دوسرے شخص کی مدد سے مقصد پورا ہو جائیگا۔ اگر خانہ ۳ نقطہ خاک بھی ہو تو کام سخت محنت اور بڑی مشکل سے ہوگا۔ اگر خانہ ۱ میں نقطہ باد نہ ہو تو سائل اپنے مقصد کو ترک کر دے۔ خانہ ۳ اگر اس خانہ میں نقطہ آب موجود ہووے تو سائل کے تمام کام پورے ہو جائینگے۔ اگر خانہ دوم میں شکل نصرۃ الخارج پر نقطہ انتہا پاوے اور خانہ ۶ میں حمرہ ☲ موجود ہو۔ تو انشاء اللہ پورا ہوگا۔ اگر نقطہ خانہ ۳ میں چلا جائے تو ضمیر سائل کا محبت اور عشق سے تعلق رکھتا ہے۔ لیکن خواہشات بڑی مشکل سے پوری ہونگی۔ اگر بیاض ☱ خانہ ۵ میں ہو تو محبوب سے مراد پاوے۔ اگر شکل نصرۃ الخارج ☶ پر انتہا پاوے تو مراد جزوی نصیب ہو اگر شکل قبض الخارج ☵ میں ہو۔ تو محبوب سے ملاقات کرنا اچھی دلیل ہے اگر ☶ عقد میں ہو تو کچھ مراد حاصل ہو مگر کوئی دشمن فساد پیدا کرے۔ اگر شکل عبتہ الخارج ☳ میں منتہی ہو تو ہر طرح کی شراکت میں کامیابی ہوگی۔ خانہ ۴:۔ اگر نقطہ اس خانہ میں انتہا پاوے اور خانہ اوّل میں نقطہ آتشی ہو تو بلندی مرتبہ وجلالت وقدر اور جاہ وجلال کی علامت ہے۔ خاص طور پر اگر شکل فرح ☳ پر منتہی ہو تو تمام کام بخوبی پورے ہو جائیں۔ خانہ ۶:۔ اگر نقطہ آتش اس خانہ میں ہو تو خرید اجناس کیلئے بہت عمدہ وقت ہے اگر اسمیں نقطہ آبی بھی ہو تو سوال گریختہ یا گم شدہ یا چور کا ہوگا۔ خانہ ۷:۔ اگر یہ نقطہ خانہ ۷ میں منتہی ہو اور خانہ اوّل میں شکل بیاض ☱ موجود ہو اور خانہ ۵ میں شکل داخل میزانی ہووے تو تمام کام پورے ہونے کی دلیل ہوگی۔ خانہ ۸:۔ اگر نقطہ آتش اس خانہ میں منتہی ہووے تو امور پوشیدہ مثل دفینہ، حمل پر دلالت کرتا ہے۔ اگر یہ نقطہ مفرد ہو یا ہمراہ باد کے ہو تو لڑکا ہوگا اور نقطہ آب اور خاک میں ہو تو لڑکی ہوگی۔

نقطۂ بادی کے احکام

خانہ ۱:۔ اگر نقطہ باد خانہ اوّل میں سیر کرتا ہوا پہنچ جائے اور نقطہ آتش بھی موجود نہ ہو۔ تو مصیبت اور آلام کی علامت ہے اگر خانہ ۶ میں نقطہ آتش موجود ہو تو آدھا کام پورا ہوگا اور نقطہ خاک سے بڑی محنت سے کام پورا ہوگا۔

خانہ ۲ :۔ اگر نقطہ بادی اس خانہ میں انتہا پاوے تو مال ملنے کی نشانی ہے۔ اگر نقطہ آتشی موجود ہو تو مال ضائع ہونے کی دلیل ہے۔ آب سے کسی کی مدد سے رشتہ داروں کی مدد سے مال ملے۔ اور خاک سے مال غائب و میراث بمشکل جھگڑے سے حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

خانہ ۳ :۔ نقطہ باد اگر اس خانہ میں پہنچ جائے تو مطلوب خود بخود ملے اور مال حسین عورت سے ملے یا قریب کے سفر سے دستیاب ہو۔ یہ نقطہ اگر خانہ ۲ میں سیر کر کے چلا جاوے تو نقل و حرکت سے پشیمانی ہووے اور املاک دوری وطن سے ہووے اگر خانہ چہارم میں نقطہ ناری موجود ہو تو نقل و حرکت کے لئے بہت مناسب ہے اور نقطہ آب سے غائب جلد آوے۔

خانہ ۴ :۔ اگر اس خانہ میں نقطہ باد پہنچ جائے تو جائیداد سے پشیمانی اور دوری وطن کی علامت ہے۔ البتہ اگر یہاں شکل نصرۃ الخارج ☵ ہو تو خرید جائیداد، مکان کی تعمیر کیلئے اچھا ہے۔ لیکن انجام اچھا ☵ ہو۔

خانہ ۵ :۔ اگر نقطہ باد اس خانہ میں انتہا پاوے تو شادی و خوشی، محبوب اولاد کی خوشی اور آنے کی خبر شخص غائب کی نشاندہی کرتی ہے۔ اگر نقطہ خاک میں موجود نہ ہو۔ تو کل امیدیں پوری ہوں گی۔

خانہ ۶ :۔ اگر نقطہ بادی اس خانہ میں انتہا پاوے تو سائل کو خرید اجناس و چارپایہ سے فائدہ ملے۔ اور بیمار جلد صحت یاب ہو۔ اگر نقطہ آتش بھی ہو۔ تو تمام آرزوئیں پوری ہوں۔ اگر نقطہ خاک میں موجود ہو تو کوئی مراد پوری نہ ہو۔

خانہ ۷ :۔ اگر یہ نقطہ یعنی باد اس خانہ میں منتہی ہو تو غائب سے ملاقات ہو اور وہ جلد آوے اگر نقطہ خاک بھی ہو تو غائب نہ آوے۔ نقطہ آب سے تاخیر سے آوے اگر نقطہ آتش و آب مثل عقبۃ الخارج ☶ کے ہو تو عورت مرد کے دوران عداوت اور دشمنی پیدا ہو جائے۔

خانہ ۸ :۔ اگر نقطہ باد اس خانہ میں انتہا پاوے تو ضمیر سائل، مال میراث و جنگ و جدل فساد جائیداد اور دفینہ کے متعلق ہوگا۔ مگر شرط یہ ہے۔ کہ نقطہ خاک مثل قبض الداخل ☷ موجود ہو تو اگر نقطہ آتشی مثل فرح ☳ ہو تو حمل کی دلیل ہے۔ اگر نقطہ آب مثل بیاض ☱ یا اجتماع ☲ کے ہو تو اہل مجلس اور دوستوں اور زندوں کی خدمت کی علامت ہے۔ مگر شرط یہ ضروری ہے کہ خانہ ۶ میں نقطہ باد موجود ہو۔

نقطہ آبی کے احکام

خانہ نمبر ۱:۔ اگر نقطہ آب اس خانہ میں منتہی ہو تو سفر کشتی و غائب کی دلیل ہے۔ اگر شکل قبض الخارج ☶ یا لقی ☵ ہو تو دلیل ہے۔ بھاگے ہوئے آدمی اور گم شدہ پر۔ اگر شکل بیاض ☱ ہو تو سائل کو فکر اور تردد لاحق ہوگا اگر نقطہ بادی ہو کوئی شخص حسب دل خواہ مدد کریگا۔ اگر شکل لقی ☵ پر منتہی ہو اور ☵ یہ شکل خانہ نمبر ۹ میں بھی موجود ہو تو ملاقات محبوب نصیب ہو

خانہ نمبر ۲:۔ اگر نقطہ آب اس خانہ میں پہنچ جائے تو حصول مال و خرید نا غلام و کنیز کا مبارک ہو۔ اگر اس جگہ شکل قبض الخارج ☶ کے ہو تو بھاگے ہوئے شخص، گم شدہ مال اور گیا ہوا مال نہ ملے گا۔ اگر شکل نصرۃ الداخل ☲ ہو تو اقارب و اعزا سے نفع حاصل ہو۔

خانہ نمبر ۳:۔ اگر نقطہ آب اس خانہ میں منتہی ہو تو غائب جلد واپس آئے گا۔ اگر نقطہ آب خانہ نمبر ۱ میں ہو اور خانہ سوم میں شکل میزان ☲ ہو تو مراد یقین سے پوری ہوگی۔

خانہ نمبر ۴:۔ اگر نقطہ آب اس خانہ میں منتہی ہو اور خانہ نمبر ۲ و خانہ نمبر ۶ میں بھی آب نقطہ موجود ہو۔ خوشی اور شادمانی کی دلیل ہے۔ اگر بیاض ☱ خانہ نمبر ۵ تو ہدیہ ملے گا اگر خانہ نمبر ۵ میں قبض الخارج ☶ ہو اور خانہ نمبر ۲ لیحان ☳ ہو تو کار عروسی کی خبر ملے۔ اگر شکل عقبۃ الداخل ☷ خانہ نمبر ۶ میں نظر آئے۔ عشق بازی کی دلیل ہے اگر اجتماع ☰ ہو تو لباس حاصل ہوگا۔ اگر شکل عقبۃ الخارج ☷ خانہ نمبر ۵ و شکل فرح ☴ خانہ نمبر ۲ میں موجود ہو تو خوشی کا پیغام ملے۔

خانہ نمبر ۵:۔ اگر نقطہ آب اس خانہ میں منتہی ہو تو باپ سے مراد حاصل ہوگی۔ جائیداد، زمین اور دفینہ اور اشیاء سفید کے میں نفع حاصل ہوگی۔

خانہ نمبر ۶:۔ اگر نقطہ آب اس خانہ میں انتہا پاوے تو خرید و فروخت اجناس سے فائدہ ملے بسفید اشیاء سے فائدہ ہو۔

خانہ نمبر ۷:۔ اگر نقطہ آب اس خانہ میں منتہی پاوے۔ ہر طرح کی خوشی اور شادمانی کی دلیل ہے۔

خانہ نمبر ۸:۔ اگر نقطہ آبی سیر کرتا ہوا اس خانہ میں چلا جائے تو نحوست طالع کی دلیل ہے۔ اگر خانہ نمبر ۳ میں انکیس ☵ یا فرح ☴ ہو تو بیماری باعث سردی کے ہو۔ اگر شکل فرح ☴ خانہ نمبر ۳ میں ہو۔ تو مریض شب کو مرے۔ بشرطیکہ انکیس ☵ خانہ نمبر ۴ اور اجتماع ☰ خانہ نمبر ۹ میں ہوئے۔

نوٹ:۔ خانہ نمبر ۵ و خانہ نمبر ۲ آگے پیچھے لکھے گئے ہیں۔ خانہ نمبر ۲ کو پہلے اور خانہ نمبر ۵ کو بعد میں پڑھیں۔

نقطہ خاکی کے احکام

خانہ ۱: ۔ اگر نقطہ خاکی خانہ اول میں منتہی ہو تو مرد بزرگ سے ملاقات کی دلیل ہے۔ اگر حمل کا سوال ہو تو عورت حمل سے ہے۔

خانہ ۲: ۔ اگر نقطہ خاک اس خانہ میں انتہا پاوے تو شکل حمرہ ☲ خانہ ۸ میں ہو۔ تو دولت یقینی مل جائے گی۔ مگر شرط یہ ہے۔ کہ نقطہ انکیس ☵ خانہ دوم پر منتہی ہو تو دلیل ہے۔ کہ مدفون یا چیز غائب حاصل ہووے۔

خانہ ۳: ۔ اگر خاک نقطہ اس خانہ میں پہنچ جائے تو بوجہ مال خویش و اقارب میں فساد واقع ہووے اور ممکن ہے کہ کچھ مال سائل کو بھی حاصل ہووے۔ مگر مریض کو شفا نہ ہووے۔

خانہ ۴: ۔ اگر نقطہ خاک اس خانہ میں منتہی ہو تو خوست املاک و مکان کی ہے۔ لیکن عاقبت بخیر ہو یہ نقطہ گو اپنے مرکز میں موجود ہے۔ لیکن لاعسلاج ہے۔

خانہ ۵: ۔ اگر نقطہ خاک اس خانہ میں پہنچ جائے تو بُری خبر سننے۔ شراب اور بھنگ پینے کی علامت ہے۔

خانہ ۶: ۔ اگر اس خانہ میں نقطہ خاکی منتہی ہووے۔ تو دلیل ہے کہ تلاش مال اور گم شدہ بعد مشقت بسیار حاصل ہووے اور عاقبت بد ہو۔

خانہ ۷: ۔ نقطہ خاکی اس خانہ میں منتہی ہو تو دلیل ہے۔ خائنوں و زن بدکار کے فساد پر لیکن اس خانہ میں اس نقطہ کا حکم ساقط ہے۔

خانہ ۸: ۔ اگر خانہ ہشتم میں نقطہ خاک منتہی ہو۔ تو جمعیت اور حصولِ مراد کی دلیل ہے۔ اور مال غائب اور میراث پر لیشاندہی کرتا ہے۔

نقاط عناصر کی تفصیل

معلوم ہونا چاہیئے کہ نقاطِ عناصر کی تفصیل بہت طولانی ہے۔ مختصر تو بندہ اوپر ذکر کر چکا ہے لیکن میں نے تفصیل کے ساتھ ایک بہت اعلیٰ کتاب میں دیکھی۔ میرا خیال تھا۔ اہل ذوق کی نذر میں ہدیہ پیش کروں۔ علمائے رمل نے اس کا ذکر نہایت اختصار اور رمز و کنایہ سے بیان کیا ہے۔ تاکہ نااہل حضرات سے پوشیدہ رہے۔ مگر صاحب شجرہ وغیرہ نے کسی قدر اسکی تفصیل بیانکی ہے۔ جسکو میں بیان

کر رہا ہوں : یہ قاعدہ اچھا معلوم ہوا ہے ۔

نقطۂ آتشی درخانۂ اوّل :۔ خانہ اوّل میں نقطہ کا منتہی ہونا اپنے مرکز میں کھلا ہوتا ہے ۔ چونکہ نقطہ آتشی خانہ آتشی میں گرمی مزاج اور اندیشۂ فاسد اور تفکرات اور امورِ بزرگ و بلندیٔ مرتبہ پر دلالت کرتا ہے ۔ قبل ازیں بیان ہو چکا ہے ۔ کہ نقطہ آتش کے دو مطلوب ہوتے ہیں ۔ ۱ مطلوب کلی ۲ مطلوب جزی مطلوب جزی آتش کا نقطہ باد ہے ۔ اور مطلوب کلی نقطۂ آب ہے ۔ اگر سائل حصولِ مطلب کا سوال کرے تو زائچہ کے خانہ ۳ میں نقطہ آب ہو ۔ شرط یہ ہے ۔ کہ شکل داخل ہو تو مطلب کی حاصل ہووے ۔ اگر شکل خارج ہو تو سوال اتصال کا پورا نہ ہو ۔ انفصال کا سرانجام ہووے ۔ اگر نقطہ باد کا خانہ ۲ میں ہو تو بڑی محنت اور کوشش سے کسی دوسرے کی مدد سے مطلب کا حصول ہو ۔ اگر نقطہ باد خانہ ۴ میں موجود ہو تو عاقبت اس کام کی خراب ہو ۔ سائل کو یہ کام ترک کر دینا چاہیئے ۔ ورنہ سخت تکلیف ہوگی ۔ اگر نقطہ آتشی خانہ ۱ میں منتہی ہو اور خانہ پنجم میں شکل لحیان ☰ یا لقی ☵ یا عبتہ الخارج ☶ ہو تو گرمی خشکی مزاج و بلندیٔ مراتب کی دلیل ہوگی ۔ اور خانہ دوم و خانہ سوم کی شکلوں میں نقطۂ باد و آب موجود ہو اور اشتمال داخل ہوں ۔ اور لحیان خانہ ☰ پنجم میں اور نقطۂ باد خانہ چہارم میں نہ ہو تو دلیل ہے ۔ کہ کاروبار سائل کا عروج پر پہنچے اور سائل کا ہر کام جلدی ہو جائے ۔ اگر خانہ ۶ میں عبتہ الخارج ☶ یا بیاض ☱ ہو تو مراد سائل کی حاصل ہو ۔ اگر خانہ نمبر ۵ میں حمرہ ☲ یا لقی ☵ یا نصرۃ الخارج ☶ یا لحیان ☰ ہو اور خانہ ۹ و خانہ ۱۳ شکل لحیان ☰ زائچہ میں ہو تو تمام امور سائل کے جلد سرانجام ہوں ۔ اگر خانہ ۳ میں شکل داخل ہو اور نقطہ باد اس میں موجود ہو ۔ تو بڑی محنت اور دوسرے کی مدد سے حصول مراد ہووے ۔ اگر نقطہ آتشی شکل نصرۃ الخارج ☶ خانہ ۱ میں انتہا پاوے اور خانہ ۲ میں نصرۃ الدّاخل ☵ اور خانہ ۵ میں لحیان ☰ و خانہ ۶ میں لقی ☵ یا خانہ ۵ ، ۶ میں لحیان ☰ ہو تو سوال سائل کا مال کے متعلق ہوگا ۔ اگر خانہ ۱ میں نقطہ آب ہو تو سائل ترقی کا خواہش مند ہوگا ۔ اگر خانہ ۳ میں نقطہ آب ہو تو مراد حاصل ہو ۔ اگر اسکے ساتھ خانہ ۵ میں شکل عبتہ الخارج ☶ ہو تو نیکی حاصل اور خویش و اقربا سے مراد حاصل ہونے کی دلیل ہے ۔ اگر نقطہ باد خانہ اوّل کی شکل میں ہو اور خانہ ۳ میں شکل عبتہ الخارج ☶ ہو تو مراد دوستوں سے کلی حاصل ہووے اور محبوب سے امداد ملے ۔ اگر نقطہ آتشی خانہ ۱ میں شکل قبض الخارج ☷ میں منتہی ہو اور خانہ ۹ میں نقطہ آب اور خانہ ۱۱ میں شکل لحیان ☰ یا لقی ☵ یا خانہ ۵ ، ۶ میں لحیان ☰ ہو اور خانہ ۶ میں حمرہ ☲ یا عبتہ الخارج ہو تو تمام کاروبار سائل بخیر خوبی سرانجام ہونگے ۔ اگر خانہ ۵ و خانہ ۶ میں لقی ☵ و خانہ ۶ میں اجتماع ☳ یا عبتہ الداخل ☴ ہو تو بھی کاروبار سائل بخوبی سرانجام ہوں ۔ مگر حاسدوں و مخالفوں کی وجہ سے اکثر خلل واقع ہو ۔ اگر صرف خانہ ۵ و خانہ ۶ میں لقی ☵ ہو تو دلیل ہے کہ زبردستوں سے رنج پہنچے ۔

اور نقصان مال ہو۔ مگر سائل کامیاب ہو۔ اگر خانہ ۱۵ میں نقطی ∴ اور خانہ ۱۶ میں لجیان ☵ ہو تو نیکی حال سائل کی دلیل ہے۔ مگر دوستوں سے تکلیف پہنچے۔ اگر نقطہ خاک خانہ ۱۲ میں موجود ہو تو صاحب زائچہ کے دشمن موجود ہیں۔ احتیاط کرنی چاہیئے۔ اگر نقطہ آتشی خانہ اول میں اور آب خانہ سوم میں منتہی ہو اور خانہ ۱۰ میں عقبۃ الخارج ∴ ہو تو دلیل سعادت و نیکی کی ہے۔ مگر شرط یہ ہے۔ کہ خانہ ششم میں نقطہ خاک نہ ہووے اگر آب ہو تو مبارک اگر خانہ ۱۵ میں نقطی ∴ ہو تو مراد حاصل نہ ہو اور خانہ ۱۰ میں ∴ ہو تو مراد حاصل ہو اگر نقطہ آب مفرد شکل بیاض ☵ خانہ ۱۰ میں ہو تو غائب کی خبر خوشی آوے۔ اگر نقطہ آتش شکل عقلہ ☶ پر منتہی ہو تو کام ادھورا ہو۔ کیونکہ اس شکل میں نقطہ باد و آب کا موجود نہیں۔

نقطہ آتشی کے اثرات خانہ ۲ :۔ نقطہ آتش دوسرے خانہ میں منتہی ہو تو سائل کا مطلب جزوی حاصل ہو۔ اگر کسی جگہ سے حرکت کر کے خانہ ۱۲ میں چلا جاوے تو کسی دوسرے شخص کی مدد سے مطلب حاصل ہو گا۔ اگر خانہ ۱۲ میں نقطہ خاک کا بھی موجود ہو تو بڑی کوشش سے مقصد حاصل ہو گا۔ اگر خانہ اول کی شکل میں نقطہ بادی ہو تو ہرگز کام نہ ہو گا۔ اگر خانہ ۱۲ میں نقطہ آب اور اوّل میں نقطہ باد مگر شکل میزانی ہو تو مراد حسب منشاء سائل برآمد ہو۔ اگر نقطہ آتش خانہ ۱۲ میں شکل نصرۃ الخارج ☶ پر منتہی ہو۔ اور میزان سے نقطہ باد بھی اس شکل پر منتہی ہو۔ اور خانہ ۱۵ میں شکل حمرہ ☲ ہو۔ تو حصولِ مال اور آنے غائب اور تمام کام خدا کے حکم سے پورے ہو جائیں گے۔ اس کے ساتھ اگر خانہ ۱۲ میں نقطہ آب موجود ہو تو کمال سعادت کی دلیل ہے اگر نقطہ آتش خانہ ۱۲ میں شکل قبض الخارج ☶ پر منتہی ہو اور میزان میں نقطہ آب بھی اس شکل میں منتہی ہو اور خانہ ۱۰ میں شکل حمرہ ☲ یا عقبۃ الخارج ∴ ہو تو حصولِ مراد کیلئے سعادت اور نقل و حرکت اقرباً و مال و معاملہ کے لئے نیک ہے۔ اگر نقطہ آتش خانہ ۱۲ میں شکل طریق ∴ پر اور دیگر نقطہ بادی یا آبی بھی شکل طریق پر ∴ اور نقطہ خاکی بھی اسی شکل پر منتہی ہو تو مراد حاصل نہ ہو اور نحوست کی علامت ہے۔ اگر نقطہ آتش خانہ ۱۲ میں شکل عقلہ ☶ پر اور نقطہ خاکی بھی اس شکل پر منتہی ہو اور خانہ ہشتم میں شکل حمرہ ☲ ہو کار سائل ہرگز نہ ہو۔ اور اس شکل فرح کا بھی یہی حکم ہے۔

نقطہ آتشی کے اثرات خانہ ۳ :۔ اگر نقطہ آتش خانہ ۱۳ میں منتہی ہو تو کمزور ہو گا۔ یہ خانہ آبی ہے۔ مگر حکم اس کا قوی ہو گا۔ کیونکہ نقطہ اپنے مطلوب کلی کے گھر ہو گا۔ اگر اس خانہ میں شکل کا نقطہ آب بھی ہو۔ اس کا حکم نہایت قوی ہو گا۔ سائل کا ہر ایک مطلب عمدگی کے ساتھ پورا ہو گا۔ چونکہ یہ نقطہ مخالف المزاج ہے۔ اس لئے علامت ہے۔ ضعفِ جسم۔ رنجوری مریض۔ مگر مریض کے لئے نحس ہے۔ اگر نقطہ آتش خانہ ۱۳ میں شکل لجیان ☵ پر منتہی ہو اور شکل حمرہ ☲ خانہ ۱۴ میں ہو تو مریض صحت یاب نہ ہو۔

اور جلد مر جائے اگر نقطہ آتش خانہ ۳ اور نقطہ باد خانہ ۲ خانہ ۳ میں ہو مریض شفا یاب ہووے۔ اگر نقطہ اس خانہ میں شکل نصرۃ الخارج ⁝ پر منتہی ہو اور نقطہ باد بھی اسی شکل میں منتہی ہو۔ تو ہر مدعا خوشی سے پورا ہو۔ اور نقل و حرکت سفر کیلئے مبارک ہوگا۔ اگر نقطہ آتش اس خانہ میں شکل قبض الخارج ⁝ پر منتہی ہو۔ تو حصولِ مراد و مواصلت دوستانہ و اقربا کی دلیل ہے۔ اور نقل و حرکت کے لئے اچھا ہے۔ مرادیں بر آویں۔ اگر اس خانہ میں نقطہ مذکور شکل عقلہ ⁝ پر منتہی ہو تو سائل آخر ناکامیاب ہو۔ بلکہ مخالفت پیدا ہو جائے۔ اگر نقطہ خاکی بھی اس شکل میں منتہی ہو۔ تو نہایت منحوس ہے۔ ناکامی کی دلیل ہے۔ سائل ارادہ ترک کر دے تو بہتر ہے۔ ورنہ خراب ہوگا۔ اگر نقطہ آتش خانہ میں شکل طریق ⁝ پر منتہی ہو تو دیر سے کام ہوگا۔ اگر نقطہ باد بھی اسی شکل پر منتہی ہو۔ تو قدرے کامیابی ہوگی۔ اگر نقطہ آب اس خانہ پر منتہی ہو تو مراد حاصل ہو۔ اگر میزان میں طریق آجائے اور اس کے ہر چہار عنصر خانہ ۳ میں منتہی ہوں۔ تو ہرگز ہرگز سائل کی مراد اور مقصد پورا نہ ہوگا۔ اگر خانہ ۲ نقطہ شکل عتبۃ الخارج ⁝ پر منتہی ہو۔ شراکت سائل کی پیش آوے اور اسمیں کامیاب ہوگا۔ اگر نقطہ باد بھی اس شکل پر منتہی ہو تو گفتگو شرکت و معاملہ پیش نہ آوے۔ اگر خانہ ۳ میں نقطہ شکل نقی ⁝ پر منتہی ہو اور نقطہ خاک بھی اس شکل پر منتہی ہو۔ تو حصولِ مراد بخیر و خوبی کی دلیل ہے۔ اگر خاکی نقطہ شکل فرح ⁝ پر منتہی ہو تو نقل و حرکت و سفر مبارک ہوگا۔ اگر خاکی نقطہ خانہ ۴ میں شکل نصرۃ الداخل ⁝ پر منتہی تو مراد کلی بر آمد ہوگی۔

نقطہ آتشی کے اثرات خانہ ۴:۔ اگر نقطہ آتشی خانہ ۴ میں منتہی ہو۔ تو یہاں بالکل بے قوت ہوگا۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ آتش زیر خاک بستہ ہو جاتی ہے۔ اگر نقطہ باد بھی اس خانہ میں ہو۔ تو بہتر ہے۔ مگر کسی کی مدد سے کام ہو جائے گا۔ جبکہ نقطہ خانہ ۴ میں منتہی ہو تو اس شکل کو صاحب خانہ ۴ یعنی بیاض ⁝ سے ضرب دیکر حاصل شدہ شکل کو دیکھو اگر اسمیں نقطہ باد موجود ہو تو کام جزوی حاصل ہوگا۔ اگر نقطہ باد نہ ہو تو کام ہرگز ہرگز نہ ہوگا بلکہ نحوست و پریشانی ہوگی۔ اگر نقطہ آتش خانہ ۴ سے حرکت کرکے خانہ ۵ میں منتہی ہو تو خلاصی از غم از خبر مسرت و شادی کیلئے دلیل ہے۔

نقطہ آتشی کے اثرات خانہ ۵:۔ اگر نقطہ آتشی خانہ ۵ میں شکل فرح ⁝ پر منتہی ہو تو فرزندوں سے مسرت زر کی خبر ملے اور ملنے تحائف و ہدیہ کی دلیل ہے۔ اگر نقطہ باد بھی نقی ⁝ پر منتہی ہو۔ تو مواصلت معشوق سے ہو اور دوستوں سے ملاقات ہو و حصولِ عشق و عشرت ہو۔ اگر نقطہ آتش اپنی حرکت سے خانہ ۴ میں چلا جائے اور نقطہ بادی خانہ ۷ میں پہنچ جائے تو دشمن دفع ہوں۔ خبر خوش ملے۔ قیدی چھوٹے اور غائب واپس آئے اگر نقطہ آتش خانہ ۵ میں شکل نصرۃ الخارج ⁝ پر منتہی ہو اور نقطہ باد

خانہ ۲ میں انتہا پاوے اور شکل انکیس خانہ ۶ میں موجود ہو تو قیدی دیر سے چھوٹے۔ اگر یہ نقطہ آتشی خانہ ۵ میں شکل قبض الخارج پر منتہی ہو اور نقطہ آب خانہ ۴ میں منتہی ہو اور شکل عقلہ خانہ ۳ میں شکل بیاض خانہ ۴ یا خانہ ۳، خانہ ۱ میں موجود ہو تو مراد کلی بر آوے۔ سائل کی ہر خواہش پوری ہو۔ اگر شکل لیحان یا حمرہ یا بیاض یا انکیس یہ چار اشکال امہات میں واقع ہوں تو حسب منشأ مراد پوری ہوگی۔

نقطہ آتش کے اثرات خانہ ۶ میں:۔ اگر نقطہ آتش خانہ ۶ میں انتہا پاوے اور خانہ ۱ میں لیحان شکل موجود ہو تو خریدنے کنیز و شفا الامراض و غم سے نجات اور حصول مال چوری شدہ ملنے کی دلیل ہے۔ اور کسب و عمل سے کسی چیز کا حصول ہو۔ اگر خانہ ۶ میں نقطہ باد ہو تو چوری کا مال مل جائے گا۔ اگر آتش کا نقطہ مفرد ہو تو چوری کا مال نہ ملے گا۔ اگر آب موجود ہو تو چوری ہوئی چیز کسی کنیز یا عورت یا خادم سے پاس ہے۔ ایک ماہ بعد ظاہر ہوگی۔ اگر نقطہ خاک ہو تو یہ چیز زیر زمین دفن ہے۔ اگر قیدی کے زائچہ میں یہ صورت ہو تو وہ ہرگز نہ چھوٹے۔ گریختہ جلد گرفتار ہو۔

نقطہ آتش کے اثرات خانہ ۷ میں:۔ اگر آتشی نقطہ اس خانہ میں منتہی ہو تو یہ یہاں اپنے خانہ شرف میں ہوگا۔ لہٰذا سائل کی کل مرادیں حاصل ہوتی۔ اگر نقطہ باد بھی اس خانہ میں ہو تو غائب جلد واپس آوے اگر آب ہو تو دیر سے آوے اگر خاک ہو تو نہ آوے اور ارادہ ترک دیوے اور اس جگہ قیام پذیر رہے اگر آتش مفرد ہو تو ضعیف ہے۔ اگر نقطہ باد ہمراہ ہو تو قدرے قوت میں ہے۔

نقطہ آتش کے اثرات خانہ ۸ میں:۔ اگر نقطہ آتش میزانی مرکز خاک خانہ چہارم یا ہشتم میں انتہا پاوے تو ضمیر خوف و خطر و بیماری، موت و مال میراث دشمنی و مفاد کا ہوتا ہے۔ مگر چونکہ نقطہ آتش مرکز خاک میں بستہ ہوتا ہے۔ اور گرانی پیدا کرتا ہے۔ خانہ ہشتم میں بہت کمزور اور بے قوت محض ہوتا ہے۔ اور نحس مطلق ہے۔ لیکن اگر اشکال پر اس خانہ میں انتہا پاوے یا پر تو ادائے قرض کی کوئی جزوی سبیل نکل آوے۔ بشرطیکہ شکل اول میں نقاط آب و باد کے ہوں۔ ورنہ دیگر حالتوں حالتوں میں سختی و نحوست پیدا کرتا ہے۔ زیادتی مرض اور خوف و خطر کی علامت ہے۔ اور بصورت ہونے داخل شکل خانہ دوم کے صورت حصول کی پیدا ہوتی ہے۔ باقی صورتوں میں مایوسی ہے۔

خوشخبری
آپ کے زائچہ پیدائش ہو یا نام رکھنا ہو تو ہماری خدمات حاصل کریں:۔
ادارہ روحانیات رحیمیہ مکان نمبر ۱۸۵۵ محلہ شاہدرہ بہاولپور

نقطۂ باد کے اثرات خانہ ۱ میں:۔ اگر نقطہ بادی میزان سے حرکت زن ہو کر خانہ ۱ میں انتہا پاوے تو عشق بازی یا ماضی کے الم و غم وغیرہ کی طلب کی علامت ہے۔ سائل دشواری سے مطلب حاصل کریگا۔ اگر نقطہ آتش خانہ اول میں بستہ ہو۔ یعنی زائچہ کی شکل خانہ اول میں مرتبہ آتش میں بجائے فرد کے زوج ہو تو تنزل مرتبہ کی دلیل ہے۔ کیونکہ سائل واسطے بلندی مرتبہ کے متفکر ہوتا ہے۔ اور اسکے دولت سائل کو بنظر دشمنی کے پیش آتے ہیں۔ اور بوجہ مال گفتگو سائل کے پیش آوے۔ اگر سوال برائے شغل و عمل امور بزرگ کے ہو تو سائل خود بخود ترک کرے اور کسی عشق یا فراق میں رنج و پریشان اٹھائے اگر خانہ ۴ میں نقطہ خاک موجود ہو تو تمام کام احسن طریق پر انجام ہوں۔ اگر نقطہ شکل قبض الداخل ☵ پر منتہی ہو تو سعادت کی دلیل ہے۔ ہر کام اچھا ہوگا۔ اگر نقطہ باد و آب خانہ سوم سے حرکت کرکے خانہ ۱ میں چلا جاوے تو حصول مراد کی دلیل ہے۔ اگر خانہ ۷ سے نقطہ بادی حرکت کرکے خانہ اول میں پہنچ جائے تو غائب معہ مال کے واپس آوے۔

نقطۂ بادی کے اثرات خانہ ۲ میں:۔ اگر نقطہ باد خانہ ۲ میں منتہی ہو تو دلیل ہے حصول مراد و قوت مال کی لیکن قرض دینا اچھا نہیں اگر خانہ ۲ میں نقطہ آتش موجود ہو تو نقصان مال کی دلیل ہے۔ اگر نقطہ آبی ہو تو عزیز و اقربا سے فائدہ پہنچے اور مال حاصل ہو اگر نقطہ خاکی ہو تو طلب مال غائب اور مال میراث ساتھ خصوصیت کے ہو۔

نقطۂ بادی کے اثرات خانہ ۳ میں:۔ اگر نقطہ بادی خانہ ۳ میں انتہا پاوے تو عورتوں سے فائدہ پہنچے اور آگاہ ہونے باہم اوقات ملاقات سے اگر حرکت کرکے خانہ ۴ میں چلا جائے تو سائل اس خیال سے باز آجائے۔ کیونکہ اس میں خرابی ہوگی۔ اگر حرکت کرکے خانہ اول میں چلا جائے تو حصول مراد کی دلیل ہے۔ مگر سائل خود اس امر میں سستی کرے اگر خانہ ۳ میں نقطہ آتش ہو تو نقل و حرکت میں فائدہ ہو اور کاروبار کھلے اگر نقطہ آب ہو تو غائب بہت جلد آوے اگر خانہ ۳ میں شکل نصرۃ الداخل ☲ ہو تو یہ سعادت کی دلیل ہے۔

نقطۂ بادی کے اثرات خانہ ۴ میں:۔ اگر نقطہ باد خانہ ۴ میں پہنچ جاوے تو یہ اچھا نہیں ہے۔ غریبی سے نقل و حرکت اقارب سے جدائی بوجہ دشمن املاک و اسباب پریشانی اگر نقطہ بادی خانہ ۳ میں اس شکل ☲ نصرۃ الداخل پر انتہا پاوے تو برائے طلب عورت و دفینہ و خرید ملک و تعمیر بنیاد مکان کیلئے اچھا ہے۔ مگر آخر کار ہاتھ سے نکل جاوے۔ والد سے حاجت نہ بر آوے۔ بلکہ تہمت اور الزام لگنے کا اندیشہ ہے شہر و قلعہ پر لشکر بادشاہ دیگر قابض ہو۔ مگر نقصان آدمیوں کا بہت کم ہو اگر احوال سال کا معلوم کرنا ہو۔ اور نقطہ

باد خانہ ۴ میں پہنچ جائے اور شکل فرح ⁝ یا عتبۃ الخارج ⁝ خانہ ۶ میں ہو تو قحط پڑے ، بارش نہ ہو خشک سالی ہو اور گھاس وغیرہ بہت کم پیدا ہو۔ غلہ سخت گراں ہو جائے۔ اگر خانہ ۶ میں عتبۃ الداخل ⁝ یا قبض الداخل ⁝ ہو تو زلزلہ اور چیز ہائے عجیب وغریب کے پیدا ہونے اور ظاہر ہونے ۔ جادوگران و ساحران اور قتل وخونریزی اور حیرانی اور پریشانی خلق میں ہو اگر شکل فرح ⁝ خانہ ۴ میں ہو تو حکم اس کے برعکس ہوگا۔ اگر قبض الداخل ⁝ ہو تو عاقبت نیک ہے۔

نقطہ بادی کے اثرات خانہ ۵ میں :۔ اگر نقطہ بادی اس خانہ میں منتہی ہوگا۔ تو شادی ومسرت اور آنے خبر خوشی وسلامتی اولاد اور عیش وعشرت راگ ورنگ کی دلیل ہے۔ صاحب زائچہ صحبت حسینوں ماہ پاروں میں زیادہ گذارے اور غائب جلد آوے اگر نقطہ آب اس شکل میں ہو تو خبر خوش یا عورت کے حاملہ ہونے یا محبوب سے ملاقات ہونے کی دلیل ہے۔ نقطہ آبی اتصال سے متعلق ہے۔ جس شکل میں نقطہ آب و باد ہو وہ خارج نہیں ہوتی اور حال خبر سچ اور جھوٹ اس خانہ سے معلوم کیا جاتا ہے۔ کہ شکل موجودہ زائچہ کو صاحب خانہ سے ضرب دو۔ پس اگر نتیجہ موافق اس شکل کے ہو یا اس سے وتد یعنی (حال) میں ہو تو خبر سچ ورنہ جھوٹ ہوگی۔ اور نقطہ باد شکل حمرہ ⁝ پر منتہی ہوگی تو آنے خبر ناخوش کی دلیل ہے۔ اس خبر سے طبیعت میں ملال پیدا ہوگا۔

نقطہ بادی کے اثرات خانہ ۶ میں :۔ اگر نقطہ بادی اس خانہ میں انتہا پاوے تو حیوان کے خریدنے اجناس اور شفاء مریض کی دلیل ہے۔ اگر اس شکل میں نقطہ آتشی موجود ہوگا۔ تو سائل اپنے حال پر خوش ہوگا۔ اور ملک واملاک میں زیادتی کا خواہش مند ہوگا۔ اگر نقطہ آبی ہو تو چیز دو جنس ہیں۔ اور اس جگہ نقطہ بادی کا ہونا صاحب ضمیر کی مراد عشق وشادی ومسرت از جانب بزرگان کی دلیل ہے۔ مگر واسطے قیدی کے نحس ہے۔ اور اپنے عشق سے عاشق باز نہ آوے۔ اگر نقطہ خاکی اس خانہ میں موجود ہو تو مریض کیلئے بد ہے۔ مگر گریختہ وگم شدہ کیلئے اچھا ہے۔ جلد مل جائے۔ اگر شکل اجتماع ⁝ خانہ ۶ وخانہ ۱۵ میں ہو تو سائل کے امور بر آویں۔ نقطہ بادی خانہ ۶ میں منتہی ہو اور خانہ ۲ میں شکل حمرہ ⁝ ہو تو مریض شفاء پاوے۔ اگر عتبۃ الداخل ⁝ خانہ ۳ میں اور طریق ⁝ خانہ پنجم میں اور شکل نصرۃ الخارج ⁝ میزان میں ہو۔ نقطہ باد خانہ ۲ میں ہو تو مریض کو شفاء ہوگی۔

نقطہ بادی کے اثرات خانہ میں :۔ اگر نقطہ بادی اس خانہ میں منتہی ہو تو شریکوں و عورتوں وغائبوں کے جلد آنے کی دلیل ہے۔ اگر اس خانہ میں نقطہ آب ہو تو غائب دیر سے آوے گا۔ اگر نقطہ خاک معہ نقطہ باد مثل قبض الداخل ⁝ کے ہو تو غائب راستے میں ٹھہر گئے ہیں۔ اور ارادہ آنے

کا نہیں رکھتے۔ لیکن عقد و نکاح اور قبض مال غائب کیلئے حمرہ ⁝ کا اس خانہ میں ہونا اچھا ہے۔ اگر اس خانہ میں شکل قبض الخارج ⁝ ہو تو یہ انفعال، نقل و حرکت کے لئے بہتر ہے۔ مگر زن و شوہر کی جدائی کی دلیل ہے۔ اگر نقطہ خاکی اس جگہ پر ہو۔ تو اول بد اور آخر نیک ہے۔ اگر شکل طریق ⁝ اس جگہ ہو تو نہایت منحوس ہے۔ اس کو ترک کر دینا چاہیئے۔ اگر اس خانہ میں شکل عتبۃ الداخل ⁝ ہو تو غائب کے جلد آنے کی امید ہے۔ اور اگر شکل عتبۃ الخارج ہو ⁝ تو غائب نہ آوے۔ اور اصل سکونت ترک کر کے دوسری جگہ چلا جاوے۔ اگر نقطہ آبی بھی اسی خانہ میں منتہی ہو۔ تو یہ ہر کام کے لئے مبارک ہے۔

نقطۂ بادی کے اثرات خانہ ۸ میں:۔ اگر نقطہ بادی اس خانہ میں شکل قبض الداخل ⁝ پر منتہی ہو۔ تو سائل ملک و املاک اور دفینہ یا میراث کا طلب گار ہے۔ اگر شکل فرح ⁝ اس خانہ میں ہو اور خانہ اول میں شکل حمرہ ⁝ ہو تو سائل مدفون اشیاء یا زن حاملہ یا قیدی کا سوال کرتا ہے۔ اگر نقطہ باد شکل اجتماع ⁝ پر منتہی ہو تو یہ دفینہ اور مال میراث پر دلالت کرتا ہے۔ مگر اس میں تھوڑی سی تکلیف ہووے۔ اگر نقطہ باد اس خانہ میں شکل حمرہ ⁝ پر منتہی ہو اور خانہ ۴ میں شکل انکیس ⁝ موجود ہو۔ تو دفینہ والد کا مدفون نہ ہوگا۔ اگر نقطہ باد اس خانہ میں اور نقطہ آبی شکل عتبۃ الخارج ⁝ پر منتہی ہو اور شکل خانہ اول و ششم میں ہو تو یہ نحوست اور پریشانی کی علامت ہے۔ کوئی کام راست نہ آوے اگر خانہ اول و ششم میں فرح ہو ⁝ تو مراد حاصل ہوگی۔ مگر مریض کیلئے بد ہے۔ اگر خانہ دوم میں شکل فرح ⁝ اور خانہ ۶ انکیس ⁝ یا فرح ⁝ اور خانہ سوم میں انکیس ⁝ ہو تو یہ زمین اور مریض اور غائب کے لئے اچھی نہیں ہے۔ وضع حمل میں دشواری اور درد سر پیدا ہو۔ اگر نقطہ باد خانہ ششم میں اور نقطہ آب خانہ ہفتم میں منتہی ہو اور شکل طریق ⁝ خانہ ۲ میں اور فرح ⁝ خانہ ۳ میں ہو تو کسی آدمی کے امداد سے گیا ہوا مال واپس سائل کے ہاتھ آئے گا۔

نقطۂ آب کے اثرات خانہ ۱ میں:۔ اگر نقطۂ آب خانہ ۱ میں منتہی ہو۔ تو سفر اور نقل و حرکت کی علامت ہے۔ اگر اس خانہ میں نقطہ آتشی بھی ہو تو گم شدہ و گریختہ کیطرف سے سائل کو فکر ہے۔ اور غم و فکر یہ نقطہ ظاہر کرتا ہے۔ اور نقطہ بادی ہو تو بر آنے مدد دیگر ان کے اور کوئی ملاقات کا سوال ہوگا۔ اگر خانہ ۶ میں نقطہ آتش موجود ہو تو قدرے کام سر انجام ہو۔ اگر نقطہ خاک اول خانہ میں موجود ہو تو کام بڑی محنت کے بعد حاصل ہوگا۔ اور زن حاملہ و طلب مال روزگار کی دلیل ہے۔ اگر نقطہ آب ہو، شکل دوم اور خانہ خاک ہو تو شکل چہارم موجودہ زائچہ سے حکم لگانا چاہیئے۔ نقطہ آب اگر خانہ اول میں ⁝ بیاض پر منتہی ہو اور خانہ ہفتم میں شکل نقی ⁝ ہو تو سائل کو پریشانی ہو۔ اگر نصرۃ الداخل ⁝ پر منتہی ہو اور نقی ⁝

خانہ ۷ میں موجود ہو تو وصل محبوب کی علامت ہے۔ اگر خانہ ۸ میں لجمان ♍ ہو تو کم آرزوئیں پوری ہوں۔ اگر نقطہ آب و خاک خانہ اول میں اور نصرۃ الداخل ♎ پر منتہی ہو تو سائل غم و غصہ سے ہمیشہ مبتلا رہے۔ اگر نقی ♓ خانہ ۹ میں ہو تو غم و الم کم ہووے۔

نقطۂ آب کے اثرات خانہ ۲ میں :۔ اگر نقطہ آب خانہ دوم پر منتہی ہو۔ تو یہ حصول مال کی دلیل ہے۔ اگر اس شکل میں نقطہ آتشی موجود ہو۔ تو جاتا ہوا گم شدہ کی دلیل ہے۔ اور مال ضائع ہو جائے گا۔ اگر نقطہ خاک نصرۃ الداخل ♎ ہو تو اقربا سے مال ملے۔ اور غائب و میراث حضومت سے حاصل ہو اور اگر نقطہ باد ہو تو بخیر خوبی سے مقصد حاصل ہو۔ اگر نقطہ آب ہو تو بذریعہ رشتہ دار مال ملے۔ اگر خانہ ۱۲ میں بیاض ♎ ہو۔ اور خانہ ۷ میں حمرہ ♍ ہو تو غائبوں سے مال حاصل ہووے۔

نقطۂ آب کے اثرات خانہ ۳ میں :۔ اگر نقطہ آب خانہ ۳ میں انتہا پاوے تو سفر گشتی کی آرزو ہے۔ اور خانہ ۸ میں بیاض ♎ یا عقبۃ الخارج ♑ موجود ہو تو تمام کام ہو جاویں۔ اگر منتہی نقطہ کی شکل اس خانہ میں میزانی ہو تو تمام امیدیں پوری ہو جاویں۔ عورتوں کی طلب اور رشتہ داروں سے ملاقات کرنے کی دلیل ہے۔ اگر خانہ ۳ میں آتشی نقطہ ہو۔ تو واپسی کی دلیل ہے۔ اگر یہ نقطہ خانہ ۱۲ میں چلا جاوے تو سفر سے فائدہ نہ ہو۔ بلکہ پریشانی درپیش ہو جائے۔ اور واپسی وطن سے ہو اگر خانہ ۳ کی شکل میں نقطہ آتشی ہو تو واپسی سفر کی دلیل ہے۔ اگر خانہ چہارم میں نقطہ آتشی ہو تو نقل و حرکت خوب ہو۔ اگر نقطہ خاکی خانہ ۵ میں اور نقی ♓ خانہ ۱۰ میں اور نصرۃ الداخل ♎ میں ہو تو رشتہ داروں سے ملاقات ہو۔

نقطۂ آب کے اثرات خانہ ۴ میں :۔ اگر نقطہ آب اس خانہ میں انتہا پاوے تو پریشانی حالت و دوری وطن کی علامت ہے۔ اگر خانہ ۹ میں فرح ♑ یا انگیس ♎ ہو تو بہترین چھتر کے رکھنے کی دلیل ہے۔ اگر خانہ ۹ میں انگیس ♎ اور چہارم میں نصرۃ الداخل ♎ ہو تو سائل ضائع شدہ چیز اور گم شدہ چیز کا خواہش مند ہے۔ اگر عقبۃ الداخل ♐ ہو تو وہ چیز ضرور مل جائیگی۔ اجتماع ♊ سے برگشتہ نہ ملے۔ اگر اجتماع ♊ خانہ ۹ یا خانہ ۱۰ میں فرح ♑ ہو تو ضائع شدہ مال اور ترک کرنے دوکان اور فروخت کرنے ملک و املاک اور جابجا نقل و حرکت کرنے کی دلیل ہے۔ اگر نقطہ بادی خانہ ۵ سے حرکت کرکے خانہ ۳ میں چلا جاوے اور خانہ ۳ میں لجمان ہو ♍ ہو تو گم شدہ واپس آوے۔ سائل کی امیدیں پوری ہوں اگر اسجگہ خاکی نقطہ ہو تو کسی کے اعانت سے مراد حاصل ہو۔

نقطۂ آب کے اثرات خانہ ۵ میں :۔ اگر نقطہ آبی اس خانہ میں منتہی ہو اور خانہ ۳ میں لجمان ♍ ہو تو اولاد کیطرف اچھی خبر ملے۔ اگر شکل بیاض ♎ ہو خانہ ۵ میں ہو تو ہدیہ و تاصد چلا آوے۔ اگر

قبض الخارج ⚋ خانہ ۵ میں اور نقطی خانہ ۳ میں ہو تو سائل عشق اور محبت میں مبتلا ہے۔ اگر اجتماع ⚌ خانہ ۳ میں ہو تو لباس اعلیٰ حاصل ہو۔ اگر آبی شکل نقطی ⚋ پر خانہ ۵ پر منتہی ہو۔ اور آتش خانہ ۳ میں نقطی ⚋ ہو تو بادشاہ و حکام سے بخوشی ملاقات ہونے کی دلیل ہے۔ اور آرزو پوری ہونے کی دلیل ہے۔

نقطہ آب کے اثرات خانہ ۶ میں:۔ اگر نقطہ آبی اس خانہ میں منتہی ہو۔ تو یہ اجناس و ملازمان وحیوان خریدنے کی دلیل ہے۔ اگر اس جگہ بیاض ہو ⚎ تو یہ خرید اشیائے مفید کی علامت ہے مگر مریض کے لئے بد ہے۔ کیونکہ جب بیاض ⚎ کو صاحب خانہ سے ضرب دیں تو حاصل شدہ شکل حمرہ ⚍ ہوتی ہے۔ اس سے مریض دیر سے اچھا ہو اگر اس جگہ بیاض ہو تو امراض سردی سے اگر حمرہ ⚍ ہو تو سردی تری وخشکی سے مرض اگر نقطہ عقبۃ الداخل ⚌ یا طریق ⚏ پر منتہی ہو تو غائب جلد آوے اگر نقطہ خاک بھی اس خانے میں منتہی ہو تو سائل کا ہر کام دیر سے ہوئے اگر نقطہ خاک ہمراہ ہو تو مراد حاصل نہ ہو۔ اگر نقطہ آتش موجود ہو تو بھی اس کا نتیجہ وہی حاصل ہو۔

نقطہ آب کے اثرات خانہ ۷ میں:۔ اگر نقطہ آب اس خانہ میں انتہا پاوے تو غائب سے ملاقات ہو۔ اور وہ جلد واپس آوے اگر خانہ ۳ میں بیاض ⚎ تو رزق و روزی میں برکت ہو۔ حصول غائب اور ملنے خلعت اچھا لباس لینے کی دلیل ہے۔ اگر نقطہ آبی خانہ ۷ سے حرکت کرکے بیاض ⚎ پر منتہی ہو تو کسی بزرگ مرد کے ملنے کی دلیل ہے۔ اگر میزان سے یہ نقطہ اجتماع کا خانہ ہفتم کی اجتماع ⚌ پر منتہی ہو اور عقبۃ الخارج ⚌ خانہ دوم میں تو مال وزر حاصل ہو۔ اگر نقطہ خانہ ۷ سے حرکت کے چہارم میں آوے تو بھی مال وزر حاصل ہوگا۔ اگر خانہ ۷ میں نصرۃ الداخل ہو اور نقطہ خاکی بھی اس شکل پر منتہی ہو۔ تو ہر ایک کام کیلئے منحوس ہے۔ اگر خانہ ۷ میں نقطہ آتش وآب ہو مثل ⚌ عقبۃ الخارج کے تو عورت اور مرد میں جدائی ہووے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

نقطہ آب کے اثرات خانہ ۸ میں:۔ اگر نقطہ آب اس خانہ میں انتہا پاوے۔ انکیس ⚏ یا فرح ⚌ خانہ ۳ میں ہو تو آب انکی بستہ ہوگی۔ قاعدہ بستگی وکھولنے کا یہ ہے کہ شکل موجودہ کو صاحب خانہ سے ضرب کرو حاصل شدہ شکل اگر حسب مزاج خانہ ہو اور اس شکل میں وہ عنصر فرد ہے کہ زوج ہے اگر زوج ہے تو بند ہے اگر فرد ہے۔ تو کھلا ہے۔ جیسے کہ خانہ ۳ کی شکل مالک نصرۃ الخارج ⚌ ہے کو انکیس ⚏ سے ضرب دی تو شکل فرح ⚌ پیدا ہوئی۔ آب اسکی بند ہے۔ اور جب فرح ⚌ اور نصرۃ الخارج کو ضرب دی۔ تو انکیس ⚏ پیدا ہوئی۔ پس اس قانون سے آپ ان اشکال کو بستہ ہونے سے صحیح کر سکتے ہیں۔ اس خانہ میں بستہ ہوئی جو مرض سردی کی نشانی ہے۔ اگر نقطی خانہ ۳ میں ہو تو مریض اس مرض سے رات

ورسے اگر انگیس ≡ خانہ ۱۴ اور خانہ ۵ میں نفرۃ الداخل ≑ ہو اور انگیس خانہ ۱۲ میں تکرار کرے تو بلندی سے گر کر جان بحق ہو۔ اگر انگیس ≡ کا خانہ ۱۴ میں ہونا دفینہ اور قید بد ہے اگر نقطہ خاک خانہ ۵ میں ہو تو نیک ہے۔

نقطۂ خاک کے اثرات خانہ ۱ میں:۔ اگر نقطہ خاکی اس خانہ میں انتہا پاوے اور لحیان ≡ خانہ اوّل میں ہو یا خانہ ۱۲ میں ہو اور نقی خانہ ۵ میں ہو تو مرادیں پوری ہونے کی دلیل ہے۔ اگر خانہ ۷ میں انگیس ≡ ہو تو آہن و سرب کی علامت ہے۔ خدا نے خاک کو امانت دار بنا کر بسنہ کیا ہے۔ اس لئے ضمیر میں یہ نقطہ حرکت نہیں کرتا۔ بلکہ احکام اس سے حاصل کئے جاتے ہیں۔ چونکہ خانہ نور ہے اور نقطہ خاک ظلمت و زحمت ہے۔ اسلئے نقطہ کو خانہ اول میں مناسبت نہیں۔ اگر یہ نقطہ خانہ اول میں آجائے اور شکل عقلہ ≑ و نفرۃ الداخل ≑ خانہ سوم میں اور فرح ≑ خانہ ۵ میں ہو تو بہت منحوس ہے۔ اگر نقطہ آب بھی اس خانہ میں ہو تو زحمت و رنج سے چھٹکارہ نہ ہونے کی نشانی ہے۔ اگر نقطہ آتش و باد موجود ہو تو تھوڑی سی فوت ہوگی۔ اگر سوال حمل کا ہو تو حمل ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

نقطۂ خاک کے اثرات خانہ ۲ میں:۔ اگر نقطہ خاک اس خانہ میں انگیس ≡ پر منتہی ہو اور خانہ ۵ میں حمرہ ≡ ہو تو مال زر ملے گا۔ اور بزرگوں سے فائدہ ملے گا۔ اور غائب حاصل ہو اگر انگیس ≡ خانہ ۵ اور قبض الداخل ≑ خانہ ۲ میں ہو تو عورتوں سے مال ملے اور اگر انگیس خانہ ۲ میں ہو اور نقی ≑ خانہ ہفتم میں و قبض الداخل ≑ خانہ ۵ میں ہو تو کوئی مشخص سائل کی خیانت کرے اور سائل بدنام ہو اگر نقطہ خانہ ۲ میں عقلہ ≑ پر منتہی ہو اور خانہ ۳ میں قبض الداخل ≑ اور ہشتم میں عقلہ ≑ ہو تو سائل بزرگوں کی میراث چاہتا ہے۔

نقطۂ خاک کے اثرات خانہ ۳ میں:۔ اگر نقطہ خاک خانہ ۳ میں ہو اور شکل انگیس ≡ پر آکر منتہی ہو۔ اور شکل نفرۃ الداخل ≑ یا نقی ≑ خانہ ۵ میں ہو۔ تو جو کام ہو رہے ہیں۔ ان میں نقصان ہوگا۔ اور بھائیوں اور بہنوں سے مال وراثت میں جھگڑا فساد ہوگا یا کسی عورت کیوجہ سے ہوگی۔ لیکن یہ تعمیر و بنیاد مکان و چاہ، سرائے کیلئے اچھا ہے۔ مریض کے لئے بد ہے اور قریبی رشتہ دار سے جو چلا گیا ہو وہ واپس آجائے گا۔

نقطۂ خاک کے اثرات خانہ ۴ میں:۔ اگر نقطہ خاکی اس خانہ میں پہنچ جائے تو یہ خبر خوفناک کے آنے اور اندیشہ لڑائی اور انقلاب ملک املاک و روزگار کی دلیل ہے۔ مگر عاقبت بخیر ہو اگر یہ نقطہ نفرۃ الداخل ≑ پر منتہی ہو۔ تو گھوڑے، اونٹ وغیرہ کے خریدنے کی دلیل ہے۔ اگر

عبت الداخل ⁝ پر منتہی ہو تو خوشدلی و جمعیت از والد و برادران سے حاصل ہو۔ اگر طریق ⁝ پر منتہی ہو تو باعث کثرت سردیوں کی دلیل ہے۔ نقطہ خاک خانہ خاکی میں ہونا دلیل ہے اوپر جن و دیو و شیاطین وسحر و جادو اور بنیاد مکان و تعمیر چاہ لگوانے کا خیال ہے۔

نقطہ خاک کے اثرات خانہ ۵ میں:۔ اگر نقطہ خاک اس خانہ میں انتہا پاوے اور قبض الداخل ⁝ پر منتہی ہو تو دوستوں کی طرف سے جملہ کام میں کامیابی ہوگی اگر شکل ⁝ پر منتہی ہو تو فرزندوں، مقبولوں سے خوشی حاصل ہو۔ اگر فرح ⁝ پر منتہی ہو تو بڑی خبریں معشوقوں اور دوستوں سے آویں اگر نصرۃ الداخل ⁝ پر منتہی ہو تو دوست قدیم سے اچھی خبر ملے۔ اگر انجیس ⁝ پر منتہی ہو تو یہ امور کرنے منع ہے۔ اگر لقی ⁝ خانہ ۵ میں اور لیمان ⁝ خانہ ۴ میں ہو تو یہ شراب نوشی کی دلیل ہے۔ اگر طریق ⁝ پر منتہی ہو تو سفر یا خوشی آنے کی دلیل ہے۔

نقطہ خاکی کے اثرات خانہ ۶ میں:۔ اگر نقطہ خاکی اس خانہ میں منتہی ہو اور شکل عقلہ ⁝ ہو۔ اور خانہ ۴ میں حمرہ ⁝ ہو تو زیردست غلامان و شاگردان اور حیوان خورد ضائع ہوں۔ اور مریض کے مرنے کی دلیل ہے۔ اگر قبض الداخل پر منتہی ہو تو ملک املاک ملے۔ مگر مریض دیر سے شفا پاوے۔ اگر فرح ⁝ پر منتہی ہو تو اولاد و دوستوں سے فائدہ ہو۔ مال حاصل ہووے۔ اگر انجیس ⁝ پر منتہی ہو تو ملک اور جگہ مقام ملے۔ اگر نصرۃ الداخل پر منتہی ہو تو دوستوں سے مال وصول ہو۔ اگر لقی ⁝ پر منتہی ہو تو مصیبت دور ہونے کی علامت ہے۔ اگر عبت الداخل ⁝ پر منتہی ہو تو حصول مال نہ ہووے ہر طرح نقصان ہونے کی علامت ہے۔ مگر انجام بخیر ہو۔ اگر طریق ⁝ پر انتہا پاوے تو سفر خراب پیش آوے۔

نقطہ خاک کے اثرات خانہ ۷ میں:۔ اگر نقطہ خاکی اس خانہ میں، ⁝ پر منتہی ہو اور خانہ ۴ میں بیاض ہو ⁝ تو زن مکارہ و شراکت، تجارت اور دریا میں ڈوبنے کی دلیل ہے۔ اگر خانہ ۴ میں عقلہ ⁝ یا انجیس ⁝ پر منتہی ہو تو قحط سالی اور زلزلہ اور بکثرت آندھیاں آویں اور بارش نہ ہو۔ اگر اس خانہ میں نصرۃ الداخل ⁝ یا عبت الداخل ⁝ یا قبض الداخل ⁝ یا فرح ⁝ یا طریق ⁝ پر منتہی ہو تو نیک فال ہے۔

نقطہ خاک کے اثرات خانہ ۸ میں:۔ اگر نقطہ خاکی اس خانہ قبض الداخل ⁝ پر منتہی ہو۔ تو وصولی مال میراث و غائب کی دلیل ہے۔ اگر اس خانہ میں فرح ⁝ ہو تو یہ دوستوں و فرزندوں کیطرف سے خوف ہو۔ اگر عقلہ ⁝ یا انجیس ⁝ پر ہو تو مردم زائیدان و ساحران و زیر زمین پیدا ہونے والے حشرات الارض کی علامت ہے اگر یہ نصرۃ الداخل ⁝ پر منتہی ہو تو یہ دین نو کے ظاہر ہونے کی علامت ہے۔ اگر عبتہ الداخل ⁝ پر ہو تو دوستانِ قدیم سے مالی فائدہ حاصل ہو۔ اگر طریق پر ہو تو پانی سے سائل کو خوف پیدا ہو۔ واللہ اعلم بالصواب۔

نوٹ :- مختصراً خواص و قانون لکھے ہیں نے لکھ دیئے ہیں۔ زیادہ تفصیل کے ساتھ دیکھنا منظور ہو تو "رجیم الرمل" حصہ سوم کو دیکھیں۔ ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

ایک عرض اہلِ ذوق کی خدمت میں

التماس عاجزانہ یہ ہے کہ اس کتاب میں چند مثالی زائچے پیش کرنے کی جسارت کر رہا ہوں۔ ذرا توجہ کریں۔ عرض یہ ہے۔ کہ اس دنیا میں لاتعداد سوالات اور لاتعداد زائچے بنائے جا سکتے ہیں۔ اگر سب سوالات حل کر کے پیش کئے جائیں تو مصرفہ بہت زیادہ ہوگا۔ قیمت میں اضافہ ہوگا۔ گرانی کا زمانہ ہے۔ ہر شخص کو پریشانی ہی پریشانی لاحق ہے۔ اسلئے عرض کرنا ضروری ہے۔ دانا کیلئے اشارہ کافی ہے۔ کوئی ایک مثال مکتفی ہو سکتی ہے۔

یہ بھی یاد رہے کہ "علم الرمل" سیر نقاط میں صرف نقطہ کی ۱ موجودگی ۲ مفقودگی ۳ عنصر نقطہ ۴ عنصر خانہ عموماً معلوم کئے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ مطابق سوال زمانہ مقصود کا مطلوب و حاکم نقطہ و نظرات نقطہ کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔ اگر نقطہ موجود رمل ہوگا تو کام ہوگا ورنہ نہ ہوگا۔ مطلوب و حاکم نقاط صرف اس جواب کی تصدیق کے لئے ہوتے ہیں۔

یہ رمل کے نقاط کا مختصر قانون ہے۔

۱۔ **سوال** :۔ کیا میرے مقدر میں مال و دولت ہے؟

جواب لیجئے قانون ۔ سائل کے ہاتھ سے قرعہ ڈلوایا۔ یہ شکل پیدا ہوئی۔

هوالعلیم الخبیر

قرعہ





نقشہ مراتب ہشتگانہ

	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
مراتب آتش	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮
مراتب باد	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮
مراتب آب	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮
مراتب خاک	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮

چاروں مطلوب



قانون :۔ نقطہ اول، دوم، چہارم، پنجم کو غور سے دیکھو۔ اگر اس میں مطلوبہ نقطہ موجود ہو تو سائل کو کافی تعداد میں دولت ملے گی۔ اگر نقطہ چہارم کمزور ہو تو آرام نہ ملے۔ لیکن دولت دستیاب ہوگی۔ اگر نقطہ پنجم کمزور ہو تو رقم نقد وصول نہ ہو مگر آرام کا ذریعہ بن جائے گا۔ اگر نقطہ دوم طاقتور ہو تو مان و نفقہ تو حاصل ہوگا۔ لیکن دوسرے لوازم نہیں ملتے اور نقطہ طالع سے پنجم کی نظر تسدیس بنائے تو لڑکین میں مال ملے۔ نظرِ تربیع سے نوجوانی سے دولت میسر ہو۔ نظر تثلیث سے آخر میں دولت حاصل ہوئے۔ نظرِ مقابلہ سے ہرگز نہ ملے۔ اس قانون سے مثالی زائچہ پیش ہے۔

موجودہ زائچہ شکل میزان : طریق نقطہ حکم باد۔ کوسیروی وہ خانہ ۱۴ عقبۃ الخارج نحس آتشی خانہ باد میں گیا۔ وہاں سے حرکت کر کے خانہ ۱۲ شکل حمرہ ☲ نحس بادی ثابت میں گیا۔ وہاں سے چل کر خانہ ۷ قبض داخل ☵ سعد داخل میں منتہی ہوا۔ یہ شکل طالع سائل ہے اب اس شکل کو باد خانہ مراتب ہشتگانہ میں تلاش کرو یہ شکل خانہ اول ہوگی دوم حمرہ ☲ چہارم ☶ پنجم ☳ عقبۃ الخارج ہے۔ نقطہ باد ہر چہار شکل میں موجود ہے۔ اسلئے سائل کو نتیجہ بتا دیا کہ تیری قسمت میں مال و دولت ہے۔ شکل حمرہ ☲ نحس ثابت بادی ہے خانہ آب دوست میں ثابت ہے۔ سائل سے پانچویں خانہ میں نظرِ تثلیث

دوستی رکھتی ہے شکل عتبۃ الخارج خس خارج آتشی مرکز باد میں ہے اور قوت کے ساتھ ہے اور قبض الداخل سعد داخل خاکی خانہ آب میں باقوت موجود ہے اس لئے سائل سے کہا کہ آپ کے مقدر میں دولت ضرور ہے۔ شکل اجتماع زائچہ میں نظر نہیں آتی اسلئے کسی کمزوری کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ واللہ اعلم بالصواب

۲۔ سوال۔ کیا میری مالی حالت میں اضافہ ہوگا؟

قانون:۔ نقاط ایک، دو، چار، چھ، چودہ ضعف یا قوت پر ہی نتیجہ بیان کیا جائے گا۔ اگر وہ باقوت ہونگے تو انشاءاللہ دن دونی رات چوگنی ترقی ہوگی۔ اور ضعیف ہونگے تو کوئی اضافہ نہ ہوگا۔ ان میں سے کچھ نقاط قوی ہوں اور کچھ نقاط ضعیف ہوں تو درمیانی نتائج برآمد ہونگے۔ اور شکل انتہا جو کہ طالع سائل ہے کی قوت اور نقاط مذکور نظرات اور ہر نقطہ کے اوتاد مطلوب وغیرہ کو مدنظر رکھ کر حکم لگائیں۔ مذکور بالا قانون کے مطابق دوسرا زائچہ پیش خدمت ہے۔

سائل سے قرعہ ڈلوایا یہ شکل پیدا ہوئی۔



نقشہ مراتب ہشتگانہ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
مراتب آتش								
مراتب باد								
مراتب آب								
مراتب خاک								

هُوَالعَلِيمُ الخَبِيرُ



چاروں مطلوب



جواب:۔ جواب پیش کیا جاتا ہے۔ زائچہ کے خانہ ۱۵ قبض الخارج پر غور کرو۔ دوسرا نقطہ حکم کا ہوتا ہے۔ جو آبی ہے اس نے حرکت کر کے خانہ ۱۳ عتبۃ الخارج میں پہنچا وہاں سے سے سیر کرتا ہوا خانہ ۹ عتبۃ الداخل میں چلا گیا۔ وہاں سے طریق پر منتہی ہوا۔ اب چونکہ زائچہ میں نقطہ آب نے حرکت کی تھی۔ وہ خانہ اول طریق آتشی میں چلا گیا ہے۔

اب اسے نقشہ مراتب ہشتگانہ خانہ آب میں تلاش کیا یہ شکل مرتبہ خانہ اول میں ہے اور دوسری شکل مرتب آب کی بیاض ☵ سعد ثابت آبی ہے۔ زائچہ کے اندر موجود ہے یہ شکل سائل کے مال کی ہے۔ اس کا مطلوب حال عقلہ نحس منقلب خاکی اپنے مرکز میں موجود ہے۔ اسلئے حکم لگایا جائے گا کہ سائل کے مال میں کمی یا زیادتی ہوتی رہے گی اور مطلوب مستقبل انجیس ☶ نحس داخل خاکی زائچہ کے خانے ۱۲ میں اپنے مرکز میں قوی ہے زائچہ میں دونوں مطلوب باقوت ہیں اسلئے حکم لگایا جائیگا۔ ترقی یقینی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

۳۔ سوال :۔ کیا میں الف، اے کے امتحان میں کامیاب ہوں گا یا نہیں؟

قانون :۔ نقاط اول اور پنجم پر نظر ڈالو۔ اگر دونوں باقوت ہوں تو کامیابی یقینی اول درجے کی ہوگی۔ اگر دونوں نقاط ضعیف ہوں تو ناکامیاب ہوگا۔ اگر صرف نقطہ پنجم باقوت ہو تو دوسرے درجہ پر کامیاب ہو جائے گا۔ علمائے رمل نے یہ بیان فرمایا ہے۔ اگر یہ دونوں نقطے کمزور ہوں تو تیسرے درجہ پر کامیاب ہو جاتا ہے۔

هُوَ الْعَلِيمُ الْخَبِيرُ



نقشہ مراتب ہشتگانہ

	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
مراتب آتش	☰	☲	☳	☴	☵	☶	☷	☰
مراتب باد	☰	☴	☳	☲	☵	☶	☷	☰
مراتب آب	☰	☴	☳	☲	☵	☶	☷	☰
مراتب خاک	☰	☴	☳	☲	☵	☶	☷	☰

چاروں مطلوب



جواب :۔ موجودہ زائچہ کے خانہ ۱۵ کو دیکھا تو اس میں شکل عقلہ آئی ہے دوسرا نقطہ خاک کو حرکت دی تو وہ خانہ ۱۴ میں پہنچا اور خانہ ۱۴ سے خانہ ۱۲ میں پہنچ گیا۔ وہاں سے حرکت کر کے خانہ کے عقلہ میں منتہی ہوا۔ چونکہ نقطہ خاک نے سیر کی تھی۔ اسلئے مراتب آتش میں خانہ اول ہے۔ یہ نحس منقلب خاکی موجود ہے۔ نقطہ خانہ دوست میں باقوت ہے۔ اس سے پنجم نقطہ خاک لقی ☷ نحس منقلب آبی زائچہ کے خانہ اوّل مرکز آتش میں کمزور ہے اس سے نتیجہ یہ نکلا۔ کہ سائل کسی

مضمون میں رہ جائے گا۔ اسے پھر امتحان دینا پڑے پھر پاس ہو۔ واللہ اعلم بالصواب۔

۴۔ **سوال** :۔ کیا مریض کو اس مرض سے شفا ہوگی؟

هُوَالعَلِیمُ الخَبِیر





نقشہ مراتب ہشتگانہ

	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
مراتب آتش	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮
مراتب باد	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮
مراتب آب	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮
مراتب خاک	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮

چاروں مطلوب



قانون :۔ نقاط اول وچہارم اپنے مطلوبات کے ساتھ قوی ہونگے۔ تو مریض کو بحکم خدا شفا نصیب ہوگی اور ششم قوی ہو نیسے مریض کا مرض بڑھے گا۔ اگر نقاط ششم و ہشتم باقوت ہوں تو مریض بیماری سے نجات نہ پا سکے گا۔ آپ کے سامنے شمالی زائچہ پیش کرتا ہوں۔

سائل کے ہاتھ سے قرعہ ڈلوایا تو مذکورہ بالا صورت پیدا ہوئی۔

جواب :۔ اس زائچہ خانہ ۱۵ کو دیکھو۔ اس میں شکل ۱۱ طریق ۸ ہے۔ اس کے خانہ کے نقطہ دوم کو حرکت دی یہ خانہ ۱۳ نصرۃ الخارج میں چلا گیا اور خانہ ۱۳ قبض الخارج ☵ میں پہنچ گیا اور پھر یہاں سے حرکت کر کے خانہ ۴ عقبۃ الخارج میں منتہی ہوا۔ یہ آتشی نحس خارج ہے۔ شکل آتشی خاک میں ہے۔ یہاں نقطہ باد خانہ خاک میں کمزور ہو گیا اور نقطہ چہارم اس سے عقبۃ الداخل ☳ ہے یہ زائچہ پنجم آتشی میں موجود ہے۔ نقطہ باد مرکز آتش باقوت ہے۔ چونکہ نقطہ آتش بھی اسکے ہمراہ ہے۔ باد کا دوست ہے اور آتش کا دشمن ہے اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ مریض کو تاخیر سے شفا ہو گی اور نقطہ ششم بیاض ☱ آبی سعد ثابت موجودہ زائچہ میں نہیں۔ اسلئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ علاج کیا گیا تو شفا مل جائے گی۔ اور نقطہ ہشتم اجتماع بادی سعد ثابت خانہ ہشتم خاک میں موجود ہے۔ باد اور خاک میں مساوی ہے۔ اسلئے اور بھی ثابت ہو گیا کہ مرض کافی دیر کے بعد دور ہو جائے گا۔

(الف و رحیم)

۵۔ **سوال** :۔ سائل نے سوال کیا کہ میری شادی ہوگی یا نہیں؟

قانون :۔ اگر نقاط اول و چہارم و ہفتم و دہم و چہاردہم ہر چھ نقاط باقوت ہو تو شادی بہت جلد ہو جائے گی۔ اگر تین نقاط قوی ہو تو شادی دیر سے ہوگی۔ اور اگر تمام نقطہ جات کمزور ہوں تو شادی ہرگز ہرگز نہ ہوگی۔

سائل سے قرعہ ڈلوایا

مراتب ہشتگانہ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
مراتب آتش								
مراتب باد								
مراتب آب				۲	۳	۴	۵	۶
مراتب خاک								

هُوالعَلیمُ الخبیر



چاروں مطلوب



جواب :۔ موجودہ زائچہ میں خانہ ۱۵ کو غور سے دیکھیں اسمیں شکل اجتماع ہے۔ نقطہ حکم آب کو چلائیں۔ وہ خانہ ۱۴ طریق میں گیا۔ وہاں خانہ ۱۲ سے سیر کرتا ہوا۔ خانہ ۸ میں شکل عتبۃ الداخل پر منتہی ہوا۔ پھر حرکت عرضی کر کے خانہ ششم اجتماع میں جا کر مقیم ہوا۔ یہ شکل بھی بادی خانہ، بادی نقطہ باقوت ہے۔ اس سے چوتھا نقطہ نقشہ مراتب ہشتگانہ منتہی نقطہ آب کے خانہ ۴ کو دیکھا تو شکل آبی ہے۔ جو موجودہ زائچہ میں موجود نہیں ہے۔ اسی نقشہ ہفتم تلاش کیا۔ نقطہ بیاض آبی خانہ اول میں کمزور اور خانہ ۱۱ میں باقوت ہے۔ پھر نقطہ ۹ عقلہ خاکی خانہ ۱۳ خانہ آتش میں موجود ہے۔ و نقطہ دہم قبض الداخل خاکی زائچہ میں موجود نہیں ہے۔ نقطہ ۱۴ عتبۃ الداخل بادی زائچہ کے خانہ ۳ آب میں باقوت ہے۔ اور خانہ ۸ خاک میں کمزور ہے۔ اس زائچہ سے نتیجہ یہ نکلتا ہے۔ کہ شادی تو ہوگی مگر پائیدار نہیں ہوگی۔ واللہ اعلم بالصواب

نوٹ :۔ ہر سوال کے ساتھ نقشہ مراتب ہشتگانہ دینے کا مقصد یہ ہے کہ جس عنصر کا نقطہ جس خانہ میں منتہی ہو۔ وہ سائل

کا طالع ہے۔ اس شکل کو نقشہ ہشتگانہ میں دیکھیں وہ کہاں ہے اسے سائل کا طالع قرار دیں۔ پھر بائیں طرف سے ہونگے دوسرا شکل سائل کے مال کی تیسری شکل بھائی بہنوں۔ چوتھی شکل زمین جائیداد وغیرہ کی۔ پانچویں شکل بالقطہ اولاد محبوب چھٹی شکل بالقطہ امراض۔ ساتویں نقطہ شریک حیات۔ شرارتے وغیرہ کا اور آٹھواں نقطہ بالشکل حادثات موت وغیرہ۔ اب چونکہ ہشتگانہ نقشے میں آٹھ خانے ہوتے ہیں اسلئے فوالی خانہ اس کے نیچے کا عنصر سے شروع کیا جائے اسطرح سوالیہ خانوں کو ترتیب جاری رہے گی۔ جب تک آپ نقشہ دور ہشتگانہ پر حاوی نہ ہونگے اس وضع کے نقاط کے احکام صادر کرنے میں ناتمام رہیں گے۔ اس لئے بندہ نے بار بار اس کی پوری پوری تشریح کی ہے۔ زیادہ تفصیل کی آرزو ہو تو "رحیم الرمل" حصہ سوم کا مطالعہ کریں۔

۶۔ **سوال** :۔ سائل اگر سوال کرے کہ مجھے کس جگہ سے دولت ملے گی ؟ سائل سے قرعہ ڈلوایا یہ زائچہ بنا۔

هُوَالعَلِيمُ الخَبِير





نقشہ مراتب ہشتگانہ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
مراتب آتش	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
مراتب باد	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱	۸
مراتب آب	۶	۵	۴	۳	۲	۱	۸	۷
مراتب خاک	۵	۴	۳	۲	۱	۸	۷	۶

چاروں مطلوب



قانون :۔ نقاط ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۶، ۷، ۸ سے جواب دیا جائے اگر یہ نقاط باقوت ہونگے تو دولت ملے گی۔ پھر نقطہ دوم کو غور سے دیکھو۔

کہ زائچہ کے اندر کس خانہ میں ہے۔ جس خانہ میں جیسی شکل ہوگی ویسی حالت میں مال ملے گا۔ اس قانون کے مطابق سوال کا حل پیش کیا جاتا ہے۔

جواب :۔ موجودہ زائچہ کے خانہ ۱۵ کو دیکھا تو شکل عقلہ ≒ آئی ہے۔ نقطہ خاک کو چلایا تو خانہ ۱۳ ≒ عقلہ میں گیا اور خانہ ۱۲ ≒ قبض الداخل میں پہنچ گیا اور وہاں سے سیر کرتا ہوا خانہ ۹ عقلہ ≒ نحس منقلب خاکی پر منتہی ہوا۔ جو طالع سائل کا ہو۔ اب اس شکل کو مراتب خاک میں دیکھا کہ کس خانہ میں ہے۔ وہ خانہ اول ہوگا۔ اس سے اگلا خانہ نقطہ ۲ اور اس مراتب کے خانہ ۹ کو دیکھو وہ نقطہ ۸ ہوگا اور اس کے نیچے کے خمسہ کو گنو نقطہ ۱۴ تلاش کرو جو خانہ ۱۵ ہوگا وہی نقطہ ۱۴ ہوا۔

اب طالع کا دوسرا نقطہ بروئے نقطہ خاک قبض الداخل ≒ سعد خاکی ہے اور چھواں نقطہ انگیس ≡ نحس داخل خاکی ہے اور پھر چھواں خاک کا دوسرا عنصر آتش ہوگا۔ پھر آپ نقطہ آتش سے چھواں نقطہ تلاش کریں گے۔ وہ نقطہ آتش فرح ≒ ہے۔ نقطہ اول عقلہ ≒ خاکی خانہ باد میں باقوت ہے اور نقطہ دوم قبض الداخل ≒ خاکی خانہ پنجم میں قوی ہے۔ مگر اس میں نقطہ آب سے تھوڑا کمزور رہا ہے۔ نقطہ ۸ اور چودھواں ۱۴ زائچہ میں موجود نہیں ہے۔ نقطہ اول، دوم قوی ہیں تو حکم یہ لگایا جائے گا۔ کہ کچھ مال ملے گا۔ اور کچھ نہ ملے اور نقطہ دوم قبض الداخل ≒ اگرچہ خانہ خاک میں باقوت ہے اور سعد داخل ہے۔ مگر اس کے ساتھ نقطہ آب اس کی طاقت کو کمزور کر رہا ہے۔ امید ہے۔ بہت کم مال ملنے کی۔

۷۔ **سوال :۔** سائل نے سوال کیا کہ میں غلہ کی خرید و فروخت کرنا چاہتا ہوں۔ مجھے اس میں فائدہ ہوگا؟

قانون :۔ نقطہ ۱، ۲، ۸ کو دیکھیں اگر وہ باقوت ہوں تو نفع ہوگا اگر کمزور ہوں تو نقصان ہوگا اس اصول کو مدنظر رکھیں۔



قرعہ ڈلوایا۔



مراتب ہشتگانہ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
مراتب آتش	≡	=	÷	⋮	÷	÷	⋮	⋮
مراتب باد	=	≡	÷	⋮	÷	÷	⋮	⋮
مراتب آب	÷	÷	≡	=	⋮	÷	⋮	⋮
مراتب خاک	≡	≡	÷	÷	⋮	⋮	⋮	⋮

جواب اگلے صفحہ پر ہے۔

جواب :۔ اس زائچہ کی شکل ۱۵ اجتماع میزانی ہے۔ نقطہ آب کو چلایا وہ خانہ ۱۲ اجتماع میں گیا۔ وہاں سے خانہ ۱۱ طریق ⋮ میں چلا گیا۔ وہاں سے سیر کرتا ہوا خانہ ۶ طریق ⋮ پر منتہی ہوا۔ اب اس شکل کو مراتب آب میں تلاش کیا گیا تو خانہ ۶ پر ملی۔ یہ طالع سائل ہے۔ اور خانہ ۱ قصور ہوئی۔ سعد منقلب آبی خانہ باد میں باقوت ہے۔ اور نقطہ ۱ اس سے بیاض ☵ سعد ثابت آبی ہے جو زائچہ کے خانہ ۱ آتشی میں کمزور ہے اور ۱۰ میں نقطہ ۱۰ از روئے مراتب عقبۃ الداخل ⋮ سعد داخل بادی ہے۔ جو خانہ ۲ باد میں موجود ہے۔ عقبۃ الداخل ⋮ طریق ⋮ سے نظر دوستی رکھتا ہے۔ اور بیاض ☵ سے اسکی نظر تربیع (نیم دشمنی) کی ہے۔ نقطہ ۱ طریق ⋮ اور نقطہ ۱۰ عقبۃ الداخل ⋮ باقوت ہے اور نقطہ ۱ بیاض ☵ قدرے ضعیف ہے۔ اسلئے حکم یہ ہوا۔ کہ جنس کے خرید و فروخت میں نفع تو ملے گا۔ لیکن زیادہ نہیں۔

۸۔ **سوال** :۔ سائل نے سوال کیا۔ مجھے علم نصیب ہوگا یا نہیں؟

قانون:۔ نقاط ۲، ۳، ۶ کو غور سے دیکھو اگر باقوت ہوں۔ تو کامیاب عالم بنے گا۔ اگر کمزور ہوں تو اس کے نصیب میں علم نہیں ہے۔

هُوَ الْعَلِيمُ الْخَبِيرُ



نقشہ مراتب ہشتگانہ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
مراتب آتش	☲	☲	☲	☲	☲	☲	☲	☲
مراتب باد	☴	☴	☴	☴	☴	☴	☴	☴
مراتب آب	☵	☵	☵	☵	☵	☵	☵	☵
مراتب خاک	☶	☶	☶	☶	☶	☶	☶	☶

چاروں مطلوب



جواب :۔ اس زائچہ شکل ۱۵ نصرۃ الخارج ☶ کے نقطہ باد کو حرکت دی۔ وہ خانہ ۱۲ قبض الداخل میں پہنچا اور پھر خانہ ۱۱ میں عقبۃ الخارج میں پہنچ گیا۔ وہاں سے سیر کرتا ہوا شکل ۸ ☶ عقبۃ الخارج نحس خارج آتشی میں پہنچ گیا۔ یہ شکل طالع سائل کی ہے۔ اس کو نقشہ مراتب ہشتگانہ باد میں تلاش کیا۔ خانہ ۸ میں موجود ہے یہ طالع سائل ہے۔ اس

سے دوسرا نقطہ دوسری شکل کا قبض الداخل ☵ خاکی سعد داخل جو زائچہ کے خانہ ۱، خانہ ۲، خانہ ۱۲ میں موجود ہے اور طالع سے نظر مقابلہ رکھتی ہے اور تیسرا نقطہ اس سے شکل فرح ☶ بادی منقلب ہے جو زائچہ کے خانہ ۱ میں موجود اور نقطہ ۴ حمرہ ☲ نحس ثابت بادی ہے جو زائچہ کے خانہ ۹ میں موجود ہے۔ نقطہ ۲ خانہ اول میں باقوت ہے۔ اور نقطہ ۳ اور نقطہ ۵ بھی قوی ہے۔ اس سے یہ حکم ہوا۔ کہ علم آسانی سے حاصل ہو جائیگا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

۹۔ **سوال** :۔ سائل نے سوال کیا۔ کہ کیا مناظرہ میں میری کامیابی ہوگی یا نہیں؟

قانون :۔ نقاط ۱، ۳ کو سائل کیطرف سے دیکھا جاتا ہے اور نقطہ ۲، ۹ کو دوسرے فریق کا اندازہ کیا جاتا ہے۔ اگر نقاط ۱، ۳ باقوت ہونگے تو سائل ورنہ فریق ثانی کامیاب ہوگا۔ اسطرح خانہ ۴ اور نقطہ ۹ کو بھی کمزوری اور قوت کو مدنظر رکھ کر حکم لگایا جائے گا۔



جواب :۔ اس زائچہ کی شکل ۱۵ میزانی قبض الخارج کا نقطہ آب کو سیر دی وہ خانہ ۱۲ نصرۃ الخارج میں پہنچا۔ اور پھر خانہ ۱۲ قبض الخارج میں گیا۔ وہاں سے خانہ ۸ نصرۃ الداخل ☵ میں منتہی ہوا۔ یہ شکل طالع سے ملحقہ ہے۔ مراتب ہشتگانہ کی رو سے خانہ ۱ کی یہی شکل ہو گی جو کہ آبی سعد داخل ہے اور مرکز خانہ دوست میں قوی ہے۔ اور نقطہ ۳ اس سے شکل فرح ☶ بادی سعد منقلب خانہ ۱۰ مرکز باد میں قوی ہے۔ از طرف فریق ثانی نقطہ ۹ شکل طریق ☵ آبی سعد منقلب خانہ دوست خانہ خاک میں ہے۔ یہ کچھ قوت رکھتی ہے اور نقطہ ۹ قبض الخارج ☵ آتشی نحس

خارج زائچہ کے خانہ ۱۲ و خانہ ۱۵ میں نظر نہ رہی ہے اور موجود ہے۔ نقطہ آتش خانہ خاک میں ہے۔ لیکن اس کے ساتھ نقطہ آب کمزور ہے۔ لیکن خانہ ۱۵ نقطہ آتش کمزور اور نقطہ آب باقوت ہے۔ اس سے حکم یہ ہوا کہ دونوں طرف سے بحث زیادہ ہوگی۔ لیکن کامیابی سائل کو ہوگی۔ واللہ اعلم بالصواب

۱۰۔ **سوال**:۔ سائل نے سوال کیا کہ جگہ یا مکان میرے لئے کیسا ہے؟

قانون:۔ نقطہ ۱۲ کو نور سے دیکھو اگر وہ اپنے مطلوب سمیت باقوت ہوگا۔ تو مکان مبارک رہے گا۔ اور اگر بد ہے تو نحوست کی جگہ ہے۔

هُوَالعَلِيمُ الخَبِيرُ



سائل سے قرعہ ڈلوایا۔

نقشہ مراتب ہشتگانہ:

	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
مراتب آتش								
مراتب باد								
مراتب آب								
مراتب خاک	۶	۵	۴	۳	۲	۱		

چارول مقلوب



جواب:۔ اس زائچہ کی شکل میزان خانہ ۱۵ کو دیکھا۔ اسمیں شکل ☵ عقلہ نقطہ خانہ ۱۵ میں آئی ہے۔ نقطہ خاک کو چلایا وہ خانہ ۱۲ لقی میں پہنچا۔ پھر خانہ ۹ قبض الداخل سے سیر کرتا ہوا خانہ ۱۳ میں قبض الداخل پر منتہی ہوا۔ یہ شکل سعد داخل خاکی ہے۔ نقطہ خاک اور باد باقوت ہیں۔ اسکی چوتھی شکل بلحاظ مراتب خاک لفرۃ الداخل ☵ سعد داخل آبی ہے۔ یہ زائچہ کے اندر موجود نہیں اس کا مطلوب حال نقطہ خاک شکل لقی ☶ نحس منقلب آبی زائچہ کے خانے ۱۳ میں موجود ہے۔ نحس اور آبی شکل خانہ آتش میں موجود ہے۔ گو اسمیں نقطہ آتش موجود ہے۔ لیکن نقطہ آب کمزور ہے۔ اسی لئے سائل کو بتا دیا۔ وہ جگہ نحس ہے۔ تمہارے لئے بہتر نہیں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

سب سے افضل و اعلیٰ خدمت ہے عوام النّاس

خَیْرُ النَّاسِ مَنْ یَنْفَعُ النَّاس

عبدالرحیم رند



پڑھ کے روحانی علوم کریں گے یاد ہم کو اہلِ عمل

بس کتابوں میں ہمارا تذکرہ رہ جائے گا

عبدالرحیم رند

۱۱۔ **سوال** :۔ سائل نے سوال کیا کہ میں زمین خریدنا چاہتا ہوں۔ وہ کیسی ہے؟

قانون :۔ نقطہ ۴ کو غور سے دیکھو اگر وہ مرکز آتش میں ہو تو زمین سخت ریت والی ہے۔ اگر مرکز باد میں ہو تو درمیانی زمین ہے اگر وہ نقطہ مرکز آب میں ہو تو زمین سیرابی ہے۔ اگر نقطہ مرکز خاک میں ہو تو زمین سخت خشک اور ناہموار ہوگی۔ اگر نقطہ طالب کے ساتھ کوئی اور نقطہ بھی ہو تو ان کے نقشہ کے مطابق جواب دیا جاتا ہے۔

قرعہ ڈلوایا



مراتب ہشتگانہ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
مراتب آتش								
مراتب باد								
مراتب آب								
مراتب خاک								

هُوالعَلیم الخبیر



چاروں مطلوب



جواب :۔ اس زائچہ کے خانہ ۱۵ کو دیکھا اسمیں شکل قبض الداخل کے نقطہ خاک کو چلایا وہ خانہ ۱۴ شکل نقی میں چلا گیا اور وہاں سے خانہ ۱۱ نصرۃ الداخل میں پہنچ گیا اور پھر سیر کرتا ہوا خانہ ۵ فرح میں منتہی ہوا۔ نقطہ خاک قبض الداخل مرکز آتش کی شکل فرح سعد منقلب بادی میں باقوت آیا یہ شکل "طالع" سائل ہے۔ اس سے چہارم نقطہ خاک نقی علاوہ نقطہ خاک، آب اور آتش کا بھی موجود ہے۔ نقطہ آتش خانہ باد اور نقطہ آب خانہ باد میں اور نقطہ خاک خانہ باد میں آیا ہے۔ آب اور آتش کی دشمنی ہے۔ باد اور خاک میں دشمنی ہے۔ اس لئے حکم سنایا جائیگا۔ زمین ریگستانی ہے۔ اس میں کوئی پیداوار نہیں ہوگی اور نہ ہی آپکو فائدہ ملے گا۔ العلم عند اللہ

۱۲۔ **سوال** :۔ سائل نے سوال کیا۔ کہ میں لاولد ہوں۔ میری قسمت میں اولاد ہے یا نہیں؟

قانون :۔ نقطہ ۵ اولاد سے تعلق رکھتا ہے۔ اگر یہ نقطہ داخل ہو اور خانہ حال میں ہو اور زائچہ کے اندر تکرار رکھتا ہو تو لڑکا پیدا ہوگا۔ اگر نقطہ خانہ مستقبل میں ہو تو زیادہ عمر میں پیدا ہوگا۔ اگر نقطہ ماضی کے خانہ

یعنی (زائل وتد میں ہوگا تو قسمت میں اولاد نہیں ہے۔ اگر نقطہ پنجم وتدالوتد میں ہوگا۔ تو قریب زمانہ میں اولاد پیدا ہوگی۔

قرعہ ڈلوایا



نقشہ مراتب ہشتگانہ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
مراتب آتش								
مراتب باد								
مراتب آب	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۱
مراتب خاک								

هو العلیم الخبیر



چاروں مطلوب



جواب :- اس زائچہ کی شکل ۱۵ میں اجتماع ہے۔ نقطہ آب کو سیر دی۔ وہ نقطہ خانہ ۱۴ میں گیا۔ وہاں سے خانہ ۱۱ طریق میں گیا اور پھر خانہ ۶ طریق میں منتہی ہوا۔ یہ آبی سعد منقلب ہے۔ یہ شکل "طالع" سائل ہے۔ بروئے نقشہ ہشتگانہ آٹھویں شکل ہے۔ جو پہلی شکل قرار دی جائے گی۔ اس سے پانچواں نقطہ فرح بادی سعد منقلب ہے۔ جو زائچہ میں موجود نہیں۔ اس کا مطلوب مستقبل بھی زائچہ میں موجود نہیں۔ اسلئے ظاہری اسباب زائچہ سے مایوسی نمودار ہوتی ہے۔ مگر مطلوب غائبانہ قبض الداخل خاکی سعد داخل زائچہ کے خانہ اول میں موجود ہے۔ نقطہ خاک خانہ اول میں مقیم ہے۔ اسلئے امید ہو سکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کے صدقے سائل کو سرفراز کردے باقی علم غیب خدا کو ہے۔ وہ علام الغیوب ہے۔ العلم عنداللہ۔

۱۳۔ **سوال** :- سائل نے آکر سوال کیا۔ کہ موجودہ بیوی سے میری اولاد ہوگی یا نہیں؟

قانون :- نقطہ ۵ اولاد کے متعلق ہے۔ اگر یہ نقطہ زائل وتد (یعنی ماضی) میں ہوگا۔ تو موجودہ بیوی سے اولاد نہ ہوگی۔ اگر نقطہ ۵ وتدالوتد میں ہوگا۔ تو بحکم خدا اولاد پیدا ہو جائے گی۔ اسکے علاوہ نقطہ ۱۱ کو بھی دیکھنا ہوگا۔ اگر یہ نقطہ موجودہ زائچہ باقوت ہوگا۔ تو بھی اولاد ہوگی۔ اگر نہ ہو یا کمزور ہو تو اولاد نہیں ہوگی۔

زائچہ و جواب اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

سائل سے قرعہ ڈلوایا۔



هُوَالعَلیم الخبیر



نقشہ مراتب ہشتگانہ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
مراتب آتش	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝
مراتب باد	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝
مراتب آب	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝
مراتب خاک	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝

چاروں مطلوب



جواب :۔ موجودہ زائچہ میں خانہ ۱۵ میں شکل قبض الخارج آئی ہے۔ اسلئے نقطہ آب کو سیدھی وہ خانہ ۱۳ میں گیا۔ وہاں سے خانہ ۹ میں پہنچا اور پھر خانہ ۱ شکل طریق ⁞ میں منتہی ہوا۔ پھر نقشہ ہشتگانہ پر نگاہ ڈالی یہ شکل آب میں کہاں ہے۔ اسلئے اگلے خانہ ۱ کو دیکھا تو نقطہ قبض الداخل ہوا۔ جبکہ سعد داخل زائچہ کے خانہ ۱ میں موجود ہے نقطہ خاک خانہ باد میں مقیم ہے خاک اور باد میں دشمنی ہے۔ اسلئے یہاں یہ نقطہ کمزور ہے۔ اسلئے سائل کو کہا کہ اس بیوی سے اولاد ہونا مشکل ہے۔ لیکن نقطہ مائل قمد یعنی مستقبل میں ہے۔ اسلئے کچھ امید ہو سکتی ہے۔ یعنی دیر کے بعد اولاد ہو۔ واللہ اعلم بالصواب۔

۱۴ سوال :۔ سائل نے آکر دریافت کیا کہ میری لڑکی کو حمل ہے یا نہیں؟

قانون :۔ اگر نقطہ ۱ اگر دو مقام پر مرکز آبی اور خاکی میں ہو۔ یا نقطہ پنجم و ششم عناصر داخل خارج یا ثابت کے ہوں۔ اور مراکز ثابت میں موجود ہو تو حمل ہوتا ہے۔ ورنہ نہیں ہوتا۔ در پردہ مراکز داخل ثابت سے ہونے سے در پردہ حمل ہوتا ہے۔

دو شخصوں کے ملاپ کا کیا نتیجہ ظاہر ہوگا۔ دونوں کی ازدواجی زندگی محبت میں گذرے گی یا نفرت میں اولاد ہوگی یا نہ۔ کاروبار میں شراکت کا انجام کیا ہوگا بسب

اعلان کیلئے وقت تاریخ، دن، آغاز و انجام کا نتیجہ معلوم کرنے کیلئے ادارہ روحانیات حکیمیہ سے خط و کتابت کریں۔

سائل نے قرعہ ڈالا



نقشہ مراتب ہشتگانہ

	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
مراتب آتش								
مراتب باد								
مراتب آب								
مراتب خاک								

هُوَالعَلیم الخبیر



چاروں مطلوب



جواب :۔ اس زائچہ کے خانہ ۱۵ کو دیکھا۔ اسمیں اقترانِ عناصر شکل آئی ہے۔ نقطہ باد کو سیر دی۔ وہ خانہ ۱۴ اجتماع ☶ میں گیا۔ وہاں سے پھر خانہ ۱۲ میں پہنچا اور پھر سیر کرتا ہوا خانہ ۹ شکل اجتماع ☶ میں منتہی ہوا یہ شکل بادی سعد ثابت ہے۔ اس شکل کو نقشہ مراتب ہشتگانہ میں تلاش کیا۔ اور اسکے چھٹے نمبر پر طریق ☶ آبی سعد منقلب نقطہ ششم ہے۔ یہ نقطہ کی شکل زائچہ کے کسی مرکز میں دلچسپی نہیں دیتی۔ اسلئے سائل کو مایوسی کا جواب پیش کیا جائے گا۔ اگر یہ نقطہ کسی مرکز میں ہوتا تو امید ظاہر کی جاتی۔ واللہ اعلم عزاللہ

۱۵ سوال :۔ سائل نے دریافت کیا کہ میری عورت کو حمل کیوں نہیں ہوتا؟

قانون :۔ نقطہ ششم کو غور سے دیکھو اگر وہ دو جگہ مرکز آتش میں موجود ہو۔ تو رحم میں بوجہ حرارت کثیر حمل نہیں ہوتا۔ اگر دو جگہ مرکز باد ہو تو عارضہ باد مانع حمل ہوتا ہے۔ اگر وہ دو جگہ مرکز آب میں ہو تو بوجہ افراطِ چربی رحم پر ہونے سے حمل نہیں ہوتا۔ اگر وہ دو جگہ مرکز خاک میں ہو تو بوجہ خرابی ایام حمل نہیں ہوتا۔ اگر نہ ہو تو حمل کی بات بآسانی امید نہیں۔ پھر اسکے مطلوب کو تلاش کرو۔

سائل سے قرعہ ڈلوایا۔ یہ زائچہ پیدا ہوا۔



هُوَالعَلیم الخبیر



نقشہ مراتب ہشتگانہ یہ ہے۔

	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
مراتب آتش								
مراتب باد								
مراتب آب								
مراتب خاک								

چاروں مطلوبات



جواب :۔ اس زائچہ میں خانہ ۱۵ کو دیکھو شکل نصرۃ الخارج آئی ہے۔ اس کے نقطہ باد کو حرکت دی وہ خانہ ۱۲ میں طریق میں پہنچا پھر خانہ ۱۲ طریق میں چلا گیا۔ اس سے سیر کرتا ہوا۔ خانہ ۵ میں منتہی ہوا۔ یہ شکل عقبۃ الخارج طالع سائل ہے۔ اس شکل کو مراتب ہشتگانہ میں خانہ باد میں تلاش کیا۔ تو خانہ ۵ پر موجود ہے۔ اس کے آگے نقطہ ششم کو تلاش کیا حمرہ ملا۔ پھر اس شکل کو موجودہ زائچہ میں دیکھا۔ موجودہ زائچہ میں شکل حمرہ نہیں ہے۔ پھر اس کے مطلوب مستقبل کو دیکھا بیاض شکل موجود ہے۔ جو اسکے نیچے کا عنصر ہے بیاض آبی سعد ثابت ہے۔ جو زائچہ کے خانہ دوم بادی و سوم آبی و خانہ ۱۶ خاکی موجود ہے۔ ایک جگہ اپنے مرکز میں ہے، ایک جگہ مرکز دوست خاک میں ہے۔ اور ایک جگہ مرکز باد دوست میں ہے۔ نتیجہ یہ نکلا۔ علاج معالجہ سے کافی عرصہ بعد حمل ہو جائے گا۔ العلم عنداللہ۔

۱۶۔ سوال :۔ سائل نے آکر سوال کیا کہ میری بیوی کو حمل کب ہوگا؟۔

قانون :۔ اگر نقطہ خانہ ۵، خانہ ۶، خانہ ۷، خانہ ۱۱، خانہ ۱۲ سب ثابت ہوں۔ تو ایک سال کے اندر حمل ہو جائے گا۔ اگر تین نقاط ثابت ہوں۔ تو تین سال میں حمل ہوگا۔ اگر دو نقاط قوی ہوں۔ تو چالیس سال کی عمر میں حمل ہوگا۔ اگر سب کمزور ہوں۔ تو حمل کی کوئی امید نہیں ہے۔

هُوَ العلیمُ الخبیرُ



مراتب ہشتگانہ

	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
مراتب آتش								
مراتب باد								
مراتب آب								
مراتب خاک								

چاروں مطلوب



جواب :۔ اس زائچہ میں خانہ ۱۵ میں شکل غفلہ آئی۔ اس کے نقطۂ خاک کو چلایا۔ وہ خانہ ۱۴ نصرۃ الداخل میں گیا اور وہاں سے حرکت کر کے خانہ ۱۱ انکیس میں پہنچا اور پھر سیر کرتا ہوا خانہ ۵ میں گیا۔ وہاں سے حرکت عرضی کرتا ہوا خانہ ۱ شکل طریق میں انتہا پذیر ہوا۔ اس شکل کو مراتب ہشتگانہ خانہ خاک میں دیکھا۔ تو خانہ ۵ میں نقطہ شکل فرح بادی سعد منقلب زائچہ میں خانہ باد ۳ میں قوی ہے۔ اور دوسری جگہ خانہ ۷ میں آب میں قوی ہے۔ نقطہ ششم نصرۃ الداخل آبی سعد داخل زائچہ کے خانہ دوم اور خانہ ۱۴ میں موجود ہے۔ ایک جگہ نقطہ خاک خانہ باد دشمن میں کمزور اور دوسری جگہ خانہ باد میں موجود کمزور ہے اور نقطہ خانہ ۷ خاک نقی زائچہ کے خانہ ۵ میں موجود ہے۔ شکل نحس آبی منقلب ہے اور خانہ ۵ میں کمزور ہے۔ و نقطہ خانہ ۱۱ لیحان ہوتا ہے۔ یہ زائچہ میں موجود نہیں اور نقطہ بارھواں نصرۃ الخارج آتشی سعد خارج خانہ ۹ میں باقوت ہے۔ اسلئے سائل کو کہا کہ آپ کی عورت کو چالیس سائل کے بعد حمل ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

۱۷۔ **سوال** :۔ سائل نے آکر کہا کہ میں کافی عرصہ سے بیمار چلا آرہا ہوں۔ آپ حساب کر کے بتائیں۔ بیماری جسمانی ہے یا آسیبی یا کسی نے جادو کیا ہے۔؟

قانون :۔ نقطہ ششم اگر بادی ہو اور مرکز باد میں مقرر ہو تو مرض آسیبی ہے اگر نقطہ آتش مرکز باد میں یا آتش ہو تو جادو ہوگا۔ اگر نقاط آبی و خاکی سے کوئی نقطہ ہو اور کسی مرکز میں ہو تو مرض جسمانی ہوتا ہے۔



سائل سے قرعہ ڈلوایا



مراتب ہشتگانہ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
مراتب آتش								
مراتب باد	۴	۵	۶	۷	۸	۱	۲	۳
مراتب آب								
مراتب خاک								

چاروں مطلوب



جواب :۔ موجودہ زائچہ میں خانہ ۱۵ کو دیکھا۔ شکل طریق آئی

ہے۔ اس کے نقطہ باد کو حرکت دی وہ خانہ ۱۴ میں گیا۔ اور پھر خانہ ۱۲ میں پہنچ گیا۔ اور پھر سیر کرتا ہوا خانہ ۷ شکل فرح ☵ میں منتہی ہوا۔ اب نقشہ مذکور میں اس شکل کو مراتب باد میں تلاش کیا۔ تو چھبیسویں شکل قبض الداخل ☳ خاکی سعد داخل زائچہ میں خانہ ۱۱ میں موجود ہے۔ شکل خاکی آتش میں مساوی ہے۔ کچھ قوی ہے۔ اسلئے سائل کو جواب دیا کہ مرض جسمانی ہے۔ لائق معالج سے علاج کرائیں۔

۱۸ سوال :- سائل نے دوبارہ سوال کیا مجھے کونسا جسمانی مرض ہے۔؟

قانون :- نقطہ ۱۱ کو دیکھو اور موجودہ زائچہ میں ہے۔ تو مرض شدید ہوگا۔ اگر موجودہ زائچہ میں کمزور ہے۔ تو مرض ضعیف ہے۔ اور شکل ششم کے منسوب امراض میں سے کوئی مرض ہوگی

هوالعلیم الخبیر



قرعہ ڈلوایا۔



نقشہ مراتب ہشتگانہ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
مراتب آتش	☲	☲	☲	☲	☲	☲	☲	☲
مراتب باد	☲	☲	☲	☲	☲	☲	☲	☲
مراتب آب	☲	☲	☲	☲	☲	☲	☲	☲
مراتب خاک	☲ ۵	☲ ۶	☲ ۷	☲ ۸	☲ ۱	☲ ۲	☲ ۳	☲ ۴

چاروں مطلوب



جواب :- اس زائچہ کے خانہ ۱۵ کو دیکھا۔ اس میں شکل عقلہ آئی ہے۔ نقطہ خاک کو سیر دی وہ خانہ ۱۴ میں پہنچا اور خانہ ۱۲ میں سیر کرتا ہوا خانہ ۷ شکل نفرۃ الداخل ☳ میں منتہی ہوا۔ یہ شکل خاک نفرۃ الداخل طالع سائل اسکو مراتب خاک میں دیکھا تو خانہ ۵ ہے اس سے خانہ ششم خاک غلظ ہے ☷ جو مرکز آب میزان میں موجود ہے۔ اور شکل عقلہ کے متعلق امراض منسوبہ بیان کئے۔ ان میں سے ایک مرض ضرور نقطہ خاک عقلہ سے ☶ منسوب ہوگی اور نقطہ آتش عقلہ ☲ زبان اور دانت سے نسبت رکھتا ہے۔ امراض سائل کے ملایا تو دو اعضاء سے بنا۔ یاد رہے کہ نقطہ ششم عقلہ ☷ مرکز آب میں تکرار ہے۔ خاک سودا سے مغلوب ہے اور آب بلغم سے منسوب ہے۔ لہذا جواب دیا۔ کہ بلغم اور سودا کے اخلاط سے ملکر خرابی خون پیدا ہو گئی۔ اس وجہ سے درد پیدا ہوا ہے۔

واللہ اعلم بالصواب

۱۹۔ **سوال** :۔ پھر سائل نے کہا کہ میں اپنی بستی میں ایک حکیم سے علاج کرا رہا ہوں۔ مجھے شفا ہوگی یا نہیں؟

قانون :۔ نقاطِ اول و دہم اگر باقوت ہوں تو حکیم یا ڈاکٹر کامیاب ہوتا ہے۔ وہ مرض کو پہچانتا ہے۔ اور موزوں علاج کرسکتا ہے۔ بحکم خدا مریض کو شفا ہو جاتی ہے۔ اور نقاط چار و پنجم قوی ہونے سے اسکی تجویز بھی اعلیٰ ہوتی ہے۔ مریض کو فائدہ ہوتا ہے۔ قرعہ دُولایا۔ یہ زائچہ پیدا ہوا۔ هُوَ العَلِیمُ الخَبِیرُ



چاروں مطلوب





نقشہ مراتب ہشتگانہ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
مراتب آتش								
مراتب باد								
مراتب آب	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	
مراتب خاک								

جواب :۔ اس زائچہ کے خانہ ۱۵ کو دیکھا۔ اس میں شکل اجتماع نقطہ آب کو حرکت دی۔ وہ خانہ ۱۴ اجتماع ☲ میں گیا۔ اور پھر خانہ ۱۱ میں ☳ طریق میں پہنچا۔ وہاں سے حرکت زن ہو کر خانہ ۱۰ طریق ☳ میں منتہی ہوا۔ اب مراتب آب میں دیکھو۔ اس سے چھٹا نقطہ نقرۃ الداخل ☵ سعد آبی ہے۔ اور خانہ ۱۶ خاکی میں موجود ہے باقوت ہے اور منتہی شکل طریق سعد منقلب آبی خانہ با دوست میں قوی ہے لہذا کہا جائے گا کہ حکیم اچھا ہے۔ پھر دیکھنا نقطہ چار و پنجم کو نقطہ چہار آب اجتماع ☲ و نقطہ پنجم آب عقبۃ الخارج ☳ ہے۔ اجتماع زائچہ کے خانہ ۴ میں موجود ہے۔ نقطہ آب خانہ خاک میں درمیانہ ہے اور آب عقبۃ الخارج کا نقطہ موجودہ زائچہ میں نہیں ہے۔ اسلئے کہا جائے گا۔ کہ حکیم کا تجویز کردہ نسخہ اچھا ہے کچھ نہ کچھ فائدہ ہوگا۔

سوال :۔ سائل نے آکر کہا کہ مریض کو شفا ہوگی یا نہ؟

قانون :۔ اگر نقاط خانہ ۱ و خانہ ۴ اپنے مطلوبوں کے ساتھ قوی ہونگے تو مریض کو شفا ہوگی۔ اور نقطہ ۶ کے باقوت ہونے سے مریض کو شفا نہ ہوگی۔

قرعہ ڈلوایا یہ زائچہ بنا۔



ھُوَ العَلِیمُ الخَبِیر



نقشہ مراتب ہشتگانہ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
مراتب آتش	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
مراتب باد	۶	۷	۸	۱	۲	۳	۴	۵
مراتب آب	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۹	۱۰	۱۱	۱۲
مراتب خاک	۱۶	۱۵	۱۴	۱۳	۱۲	۱۱	۱۰	۹

چاروں مطلوب



جواب :۔ اس زائچہ میں خانہ ۱۵ کو دیکھا۔ اسمیں شکل طریق ☶ آئی ہے۔ نقطہ باد کو حرکت دی تو خانہ ۱۲ میں پہنچا اور پھر وہاں سے خانہ ۱۱ میں چلا گیا۔ وہاں سے خانہ ۱۴ میں منتہی ہوا۔ شکل عقبۃ الخارج پیدا ہوئی۔ جو کہ آتشی نحس خارج ہے۔ اس کو نقشہ مراتب ہشتگانہ خانہ باد میں تلاش کیا۔ خانہ ۴ میں یہ شکل ہے۔ یہاں نقطہ باد خانہ خاک میں کمزور ہے اور نقطہ ۱۴ اس سے عقبۃ الداخل ☵ ہے۔ یہ زائچہ پنجم آتشی میں موجود ہے۔ نقطہ باد مرکز آتشی میں ثابت ہے۔ چونکہ نقطہ آتش بھی اسکے ساتھ ہے۔ اور یہ باد کا دوست ہے۔ اور آتش کا دشمن ہے۔ اسلئے کہا کہ مریض کو دیر سے شفا ہوگی۔ نقطہ ششم بیاض ☱ آبی سعد ثابت موجود زائچہ میں نہیں ہے۔ اسلئے کہا جائے گا۔ کہ دیر سے شفا ہونے کی امید ہے اور نقطہ ۱۳ اجتماع ☲ بادی سعد ثابت خانہ ۸ خاک میں موجود ہے۔ باد اور خاک میں مساوی ہے۔ اسلئے اور بھی تصدیق ہوگئی۔ مرض بہت دیر سے رفع ہوگا۔

۲۰۔ **سوال** :۔ سائل نے آکر سوال کیا۔ کہ کیا مریض کو جادو ہے تو کیا کیا جائے ؟

قانون:۔ نقاط ۲ نقطہ ۱۲ موجودہ رمل میں ہیں اور انمیں کونسا نقطہ ہے اگر آتشی ہے۔ تو سحر جلایا گیا ہے۔ اسی طرح نقطہ ششم کو بھی دیکھو کہ آتشی نقطہ ہے۔ یا نہیں تو جلانے کی تصدیق ہوسکتی ہے۔ اگر بادی نقطہ ہے تو ہوا میں لٹکایا ہوا ہے۔ اور اگر آبی ہے تو پلایا گیا ہے۔ خاک ہے تو دریا میں ڈالا گیا ہے۔ اگر خاکی ہے۔ تو کہیں گورستان میں دفن کیا گیا ہے۔

سائل سے قرعہ ڈلوایا۔ یہ زائچہ بنا۔



نقشہ مراتب ہشتگانہ

	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
مراتب آتش	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮
مراتب باد	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮
مراتب آب	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮
مراتب خاک	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮

هُوَ العَلِیمُ الخَبِیرُ



چاروں مطلوب



جواب :۔ اس زائچہ میں خانہ ۱۵ کو دیکھا۔ اسمیں نقرۃ الداخل ⋮ ہے۔ اسکے نقطہ خاک کو چلایا۔ وہ خانہ ۱۲ میں گیا اور وہاں سے خانہ ۱ قبض الداخل میں پہنچا۔ وہاں سے حرکت کر کے خانہ ۵ میں سیر کرتا ہوا منتہی ہوا۔ وہاں سے حرکت عرضی کر کے خانہ ۳ میں شکل انکیس میں پہنچ گیا۔ یہ شکل نحس داخل خاکی ہے۔ یہ شکل طالع ہے۔ مراتب ہشتگانہ کی رُو سے اس سے دوسرا نقطہ خاک ⋮ نحس منقلب خاکی ہے اور ششم نقی ⋮ نحس منقلب آبی ہے۔ اور نقطہ خانہ ۱۲ قبض الخارج ⋮ نحس خارج آتشی ہے۔ نقطہ دوم عقلہ موجود زائچہ میں نہیں ہے۔ اور نقطہ ششم نقی ⋮ زائچہ خانہ ۴ خاکی میں ہے۔ آب اور خاک میں دوستی ہے۔ یہاں باقوت ہے اور نقطہ ۱۲ قبض الخارج ⋮ آتشی زائچہ کے اندر تین جگہ موجود ہے۔ پہلی جگہ خانہ ۱۲ میں، دوسری خانہ ۹، تیسری جگہ خانہ ۱ میں تینوں جگہ باقوت ہے اور ان نقطہ ششم و خانہ ۱۲ میں نقطہ آتش موجود ہے اور نقطہ آب خاک بھی۔ اسلئے نقاط آتش کمزور ہوگئے ہیں۔ اور نقط ہائے آب و باد ایک جگہ کمزور ہیں۔ اور ایک آب قوی ہے۔ اسلئے کہا جائیگا۔ کہ جادو آگ میں جلایا گیا یا کچھ پلایا گیا یا کچھ دفن ہے۔

۱۲۔ **سوال** :۔ سائل نے سوال کیا۔ میں محبوبہ سے شادی کرنا چاہتا ہوں۔ پریشان تو نہ ہونگا؟

قانون :۔ اگر نقطہ اول کمزور ہوگا تو شوہر بیمار ہو جائیگا اگر دوسرا نقطہ کمزور ہوگا۔ تو مال کا نقصان ہو جائیگا۔ اگر تیسرا نقطہ کمزور ہو تو بھائی بہنوں کا نقصان۔ ۴ کمزور ہو تو مکان، جائیداد کا نقصان ۵ کمزور ہو تو اولاد کا نقصان ۶ نقطہ کمزور ہو تو خاوند بیماری میں مبتلا ہوئے۔ اگر ۷ نقطہ کمزور ہو تو عورت کا بیمار ہو

جاتا۔ اگر نقطہ ۸ کمزور ہو تو سائل بری طرح قرضے میں پھنس جائے گا۔ علیٰ ہذا القیاس اگر سولھواں نقطہ کمزور ہو تو سائل اولاد سے محروم ہو جائے گا۔ اگر سارے نقاط کمزور ہوں اور سولھواں نقطہ باقوت ہو تو سب تکالیف دور ہو جائیں گی۔

سائل سے قرعہ دلوایا۔



نقشہ مراتب ہشتگانہ

	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱	
مراتب آتش	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	
مراتب باد	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	
مراتب آب	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	
مراتب خاک	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	

هُوَ العَلِیمُ الخَبِیرُ



معلومات عنصر خاک



جواب :۔ موجودہ زائچہ خانہ ۱۵ دیکھا تو اس میں شکل نصرۃ الخارج آئی ہے۔ اور نقطہ خاک کو حرکت دی۔ وہ خانہ ۱۴ میں پہنچا اور پھر خانہ ۱۱ قبض الداخل پھر خانہ ۵ ⋮ قبض الداخل میں پہنچ گیا۔ وہاں سے حرکت عرضی کر کے خانہ ۲ میں انتہا پایا۔ یہ شکل انگیس ⋮ ہے یہاں یہ نقطہ باقوت ہے۔ اور ۱۶ نقطہ آتش ⋮ قبض الخارج دو جگہ پر آیا۔ ۲ اور خانہ ۹ ہے۔ نہم آتش قوی ہے۔ مگر اسکے ساتھ نقطہ آب خانہ دوم میں باقوت ہے اور دہم خانہ میں بھی قوی ہے۔ اور خانہ ۱ میں کمزور ہے۔ اسلئے کہا جائے گا کہ شادی تو ہو جائے گی۔ کچھ پریشانی ضرور ہوگی۔

۲۲۔ **سوال** :۔ سائل نے آکر سوال دریافت کیا کہ میں نے آج کیا کھایا ہے؟

قانون :۔ نقاط ۱ اور نقاط ۲ اگر قوی ہوں تو پیٹ بھر کر کھایا ہے۔ اگر دونوں کمزور ہوں تو کچھ نہیں کھایا۔ ان میں سے ایک قوی اور ایک کمزور ہو تو کچھ کھایا تو ہے۔ مگر پیٹ بھر کر نہیں کھایا۔ اگر ہر دو نقاط کے مطلوب بھی قوی ہوں تو شئے لطیف کھائی ہے اگر کمزور ہوں شئے کثیف کھائی ہے۔ اگر ایک کمزور اور ایک قوی ہے تو ملی جلی چیز کھائی ہے۔ افراد نقاط دوم کے امتزاج سے نام کھائی اشیاء کا بیان کرو۔

سائل نے قرعہ ڈالا یہ زائچہ بنا۔



مراتب ہشتگانہ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
مراتب آتش								
مراتب باد								
مراتب آب								
مراتب خاک								

هُوَ العَلِيمُ الخَبِيرُ





جواب:۔ اس زائچہ کے خانہ ۱۵ کو دیکھا۔ اس میں شکل آئی ہے۔ اسکے نقطہ خاک کو چلایا۔ وہ خانہ ۱۳ نصرۃ الداخل میں پہنچا اور وہاں سے حرکت کرتا ہوا خانہ ۹ فرح میں گیا۔ وہاں سے سیر کرتا ہوا خانہ ۲ میں منتہی ہوا۔ انتہا شدہ شکل عقلہ کو نقشہ مراتب ہشتگانہ دیکھا۔ وہ مراتب خاک خانہ ۲ ہے۔ اس سے اگلے خانہ کو دیکھا۔ قبض الداخل زائچہ میں موجود نہیں اور نقطہ ۸ خاک عتبۃ الداخل جو زائچہ کے خانہ ۸ میں ہے۔ خانہ دوست آب میں موجود ہے۔ باقوت ہے۔ اسلئے کہا جائے گا۔ کہ سائل نے کچھ ضرور کھایا ہے۔ مگر کم کھایا ہے۔ نقطہ ۸ انکیس کا مطلوب ماضی طریق ہے اور زائچہ کے خانہ آب میں موجود اور باقوت ہے۔ اسلئے کہا جائے گا۔ کہ کوئی شئے لطیف کھائی ہے۔ وغیرہ مطلوب حال آج کیلئے لکھو۔

۲۳ **سوال:۔** سائل نے سوال کیا کہ میری چوری ہو گئی ہے۔ چور کون ہے؟

قانون:۔ نقطہ ۷ اور نقطہ ۸ کو غور سے دیکھو اگر نقطہ ۷ زائچہ کے ظاہر و باطن میں نہ ہو۔ تو چوری نہیں ہوئی۔ اگر بظاہر موجود رمل ہے تو چور موجود ہے۔ اگر باطن موجود ہے۔ تو باطن چوری کرتا ہے۔ نقطہ ۷ جسقدر تکرار کرے تو اتنے چور ہونگے۔ جس قدر تکرار خانہ ہائے آتشی بادی میں تکرار کرے۔ تو چور مرد ہونگے۔ آبی خاکی خانوں میں تکرار کرے تو اتنی عورتیں ہونگی۔ اگر نقطہ ۸ باقوت ہو تو چوری کا مال موجود ہے۔ اگر کمزور ہو تو مال فروخت ہو چکا ہے۔

العِلمُ عِندَ اللہ

سائل نے قرعہ ڈالا تو یہ زائچہ بنا۔



هُوَ العَلِيمُ الخَبِيرُ



نقشہ مراتب ہشتگانہ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
مراتب آتش								
مراتب باد								
مراتب آب	۵	۶	۷	۸		۲	۳	۴
مراتب خاک								

چاروں مطلوب



جواب :۔ اس زائچہ میں خانہ ۱۵ میں شکل اجتماع کے نقطہ آب کو چلایا۔ وہ خانہ ۱۳ قبض الخارج میں گیا وہاں سے خانہ ۱۰ اجتماع میں پہنچ گیا۔ وہاں سے حرکت کر کے خانہ ۱ شکل نصرۃ الداخل میں منتہی ہوا۔ یہ سائل کا طالع ہے۔ اس شکل کو مراتب ہشتگانہ میں آب میں دیکھا اس سے خانہ ۷ کو دیکھا۔ وہ شکل آبی ہے۔ جو زائچہ کے خانے ۱۲ خاک میں موجود ہے۔ پس نقطہ آب کا خانہ خاک میں قوی ہے۔ اور رمل میں موجود ہے۔ بیان کیا کہ چوری ہوئی۔ بیاض کا اور تکرار نہیں ہے۔ اسلئے کہا جائے گا کہ چور ایک ہے۔ اور اگر خانہ آب اور خاک میں تکرار ہو تو چور عورت ہے۔ اگر خانہ آتش اور باد میں ہو تو چور مرد ہے۔ اور نقطہ ۷ قبض الخارج ہے۔ اور زائچہ کے اندر دو جگہ ایک خانہ ۶ باد میں۔ دوسرے خانہ ۱۳ آتش میں ہے۔ پس نقطہ آب باد میں قوی اور آتش میں کمزور ہے۔ اس لئے بیان ہوا۔ کہ کچھ مال ضائع ہو چکا ہے۔ اور کچھ چور کے پاس موجود ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

غائب کا یا چور کا نام معلوم کرنا

نام نکالنا بہت مشکل ہے۔ لیکن جو علماء رمل نے قاعدہ لکھا ہے۔ وہ آپکی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ علم نقطہ رمل سے باقاعدہ جفر، چور کا نام معلوم کیا جا سکتا ہے۔ بشرطیکہ جہاں چوری واقع ہوئی ہے اس علاقہ کے چوروں کا نام معلوم ہو۔

هُوَ الْعَلِيمُ الْخَبِيرُ

سائل سے قرعہ ڈلوایا۔ یہ زائچہ بنا۔





نقشہ مراتب ہشتگانہ

	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
مراتب آتش	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
مراتب باد								
مراتب آب								
مراتب خاک								

چہار مطلوبات



جواب :- اس زائچہ میں خانہ ۱۵ کو غور سے دیکھا۔ اس میں نفرۃ الخارج ☶ شکل آئی ہے۔ اسکے نقطہ اول آتشی کو حرکت دی۔ وہ خانہ ۱۳ ☲ عقلہ میں پہنچا اور پھر خانہ ۱۵ ☶ میں گیا۔ وہاں سے سیر کرتا ہوا۔ خانہ ۲ لیجان ☰ میں منتہی ہوا۔ اس شکل کو نقشہ مراتب آتشی میں تلاش کیا۔ مطلوب حال اس کا نفرۃ الخارج ☶ جو زائچہ کے خانہ ۱۵ میں موجود ہے۔ اسلئے واقعی چور نے چوری کی ہے۔ دوبارہ زائچہ پر غور کیا۔ شکل ۱۵ نفرۃ الخارج خانہ میزان کے عدد تین ہیں۔ ☶ ۱+۲ = ۳ خانوں کے دو عدد کم کر دیئے ۳-۲ = ۱ باقی بچا۔ اسے زائچہ کے خانہ اول پر تقسیم کیا۔ تو خانہ اول ہی پر منتہی ہوا۔ زائچہ کے پہلے خانہ شکل قبض الداخل ☵ ہے۔ اور یہ سعد داخل ہے۔ یہ شکل متن ہوئی۔ اسکو صاحب خانہ اول ابدح لیجان سے ضرب دی تو نتیجہ فرح ☳ نکلا۔ اسکا نام شرح ہے۔ اس شرح کے عنصر آتش کو حل کیا۔ یہ شکل نفرۃ الخارج ☶ بنی اور یہ شکل متن کے عنصر آتش کو حل کیا تو پھر فرح ☳ بن گئی۔ ان چاروں اشکال کا میزان یہ بنا۔ متن ☵ ۲ شرح ☳ ۳ تفضیل ☶ ۴ تادیل ☳ اب ان چہار اشکال کے حروف بلحاظ شکل وخانہ یہ ہے۔ اسکا نقشہ قبل ازیں بھی لکھا گیا ہے۔ ان چہار اشکال کے حروف اسطرح ہیں (۱) ☵ ك ظ س (۲) ☳ ط ذ ص (۳) ☶ و ت س (۴) ☳ ط ذ ص - اب ان حروف کو ملفوظی کیا تو یہ حروف ہوئے۔

ك اف ط اس ا، طا، ذال، صاد او اُو، تا، سین، طا، ذال، صاد = کل حروف کا مجموعہ = ۳۱ ہوئے اب اکتیس حروف کو خالص کر کے مکرر حروف گرا لئے تو باقی یہ حروف رہے۔ جن میں چور کا نام مضمر ہے۔

خالص حروف یہ ہیں۔ ک ا ف ظ ر ط ذ ل ص د و ت س ی ن = کل حروف ۱۵ ہوئے۔

ان حروف کو تقدم و تاخر کر کے چور کا نام بنایا تو اس طرح نام بنا۔

ذ ل ا و ر ذ ل و ف ر ی ذ ن و ر ا حروف ملانے سے نام یہ بنے۔

دلاور دلو فرید نورا

یہ چار نام برآمد ہوئے۔ ان میں سے تو ایک دو چور ہونگے۔ اگر اس سے زیادہ نام کی تحقیق مطلوب ہو تو درج ذیل حروف کو صدر موخر کر کے نام معلوم کیجئے۔

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
۱	ک	ا	ف	ط	ر	ط	ذ	ل	ص	د	و	ت	س	ی	ن
۲	ن	ک	ی	ا	س	ف	ت	ظ	و	ر	د	ط	ص	ف	ل
۳	ل	ن	ذ	ک	ص	ی	ط	ا	د	س	ر	ف	و	ت	ظ
۴	ظ	ل	ت	ن	و	ذ	ف	ک	ر	ص	س	ی	د	ط	ا
۵	ا	ظ	ط	ل	د	ت	ی	ن	س	و	ص	ز	ر	ف	ک
۶	ک	ا	ز	ظ	ر	ط	ذ	ل	ص	د	و	ت	ک	ی	ن

پس تکسیر ہذا میں سے دائرہ کے اندر تلاش کرنے سے نام دلو برآمد ہو۔ پس دلو یا دلاور ایک ہی نام تصور فرمائیں۔

میرا ارادہ تھا کہ تمام سوالات کو حل کر کے پیش کرتا لیکن کتاب کی ضخامت سے خوفزدہ ہو کر اور گرانی نے ہمت پست کر دی۔ لہذا اہل ذوق حضرات کی خدمت اقدس میں معذرت خواہ ہوں۔ اسے یہاں ختم کر کے چیدہ چیدہ سوالات کے قوانین پیش کر کے اپنے فرائض کی سعی بلیغ جاری کر رہا ہوں۔ اگر کسی صاحب کو کسی مقام پر دقت یا مشکل ہو۔ تو بندہ کو یاد فرمادیں۔ اپنی حقیر کوشش کرنے کا ہر وقت پابند ہوں۔ میں خادم ہوں، نوکر ہوں آپکی علمی امانت کا محافظ ہوں۔ آپکی دعاؤں کا متمنی۔ عبدالرحیم

۲۴۔ **سوال** :۔ مجھے زندگی میں صحت و خرمی میسر ہوگی یا تکلیف و زحمت ؟

قانون :۔ نقطہ ۱، ۵، ۹ متعلق تندرستی اور نقطہ ۶ متعلق امراض و نقطہ ۸ خوف و خطر سے متعلق ہے۔ اور نقطہ ۱۲ اخراجات اور دشمنوں سے منسوب ہے۔ ان میں سے جو نقطہ مع مطلوب زمانہ قوی ہوگا وہ بات میسر ہوگی۔ اگر کمزور ہوگا۔ تو وہ بات میسر نہ ہوگی۔ اختلاف سے حکم اوسط یا برعکس ہوگا۔ مثال کیلئے عمل ذیل ملاحظہ سائل سے قرعہ ڈلوایا یہ زائچہ بنا۔

هُوَ الْعَلِيمُ الْخَبِيرُ





نقشہ مراتب ہشتگانہ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
مراتب آتش								
مراتب باد	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۲
مراتب آب								
مراتب خاک								

چہاروں مطلوب

جواب :۔ نقطہ خانہ ۱۵ طریق سے نقطہ باد کو حرکت دی۔ وہ خانہ ۱۳ میں گیا وہاں سے خانہ ۱۲ میں پہنچا اور وہاں سے حرکت کرکے خانہ ۸ میں مرکز خاک میں پہنچا اور منتہی ہوا۔ ان دونوں عناصر میں عداوت ہے۔ لیکن نقطہ عنصر خاک موجود ہے۔ مگر نقطہ باد صاحب المرکز نہیں۔ اسلئے قوی نہیں ہے۔ کیونکہ سائل کا نقطہ اول یہی نقطہ ہے اور مطلوب مستقبل اس کا بھی یہی عتبۃ الداخل ہے۔ یہ شکلی طور پر خانہ ۸ میں ضعیف ہے اور نقطہ باد مطلوب بھی اس خانہ میں کمزور ہے اور نقطہ ۵ باد اجتماع ہے۔ یہ بظاہر موجود زائچہ نہیں ہے۔ مگر در باطن خانہ اول و خانہ ۷ مرکز آب و خانہ ۸ مرکز خاک و خانہ ۹ مرکز آتش میں موجود ہے۔ یہ نقطہ باد در مقام مرکز آب میں سالم مرکز آتش معاون قوی ہے مگر قدرے کمزور اور خاک میں محض کمزور ہے اور مطلوب باد مستقبل بھی یہی ہے۔ لہذا قدرے کمزور ہے اور نقطہ ۹ اس کا آب نقی ہے۔ یہ بھی موجود زائچہ نہیں ہے۔ مگر در باطن خانہ چہارم مرکز باد دوست میں موجود ہے اور سالم ہے۔ لہذا قوی ہے۔ اور مطلوب مستقبل اسکا یہی نقی ہے اور قوی ہے۔ لہذا سائل سے بیان کیا کہ اسکی زندگی میں اسے متعدیہ تکالیف و زحمت کیساتھ ان سے صحت و خرمی بھی میسر ہوتی رہے گی۔

اور نقطہ ۶ کا نقطہ باد عتبۃ الخارج ہے۔ یہ نقطہ بظاہر زائچہ کے خانہ اول مرکز آتش دوست میں مصادق اور قوی ہے۔ اور مطلوب مستقبل اس کا نصرۃ الداخل کا نقطہ آب ہے۔ جو زائچہ میں دو مقام پر ایک جگہ خانہ ۸ مرکز آب میں صاحب المرکز اور قوی ہے اور دوسری جگہ خانہ ۱۳ مرکز آتش میں کمزور نہیں ہے بلکہ قوی ہو گیا ہے کیونکہ آب اور آگ کو بجھا کر غالب آجاتی ہے۔ لیکن آتش کی گرمی سے کچھ عرصہ گرم ہو جاتی ہے۔ اسلئے حکم سابقہ کی تصدیق ہوتی ہے اور نقطہ ۸ باد کا نقطہ باد فرح ہے۔ جو زائچہ کے ظاہر و باطن میں موجود نہیں ہے اور مطلوب باد اس کا نقطہ آب نقی ہے۔ جو بظاہر زائچہ میں موجود نہیں ہے۔ مگر در باطن خانہ ۱۴ میں موجود ہے۔ نقطہ آب مرکز باد میں مسالم ہے اور قوی ہے۔ لہذا بیان کیا کہ سائل اپنے دل میں کچھ خوف و خطر بھی رکھتا ہے۔ یہ بھی ایک روحانی مرض ہے اور نقطہ ۱۲ اب بیاض ہے۔ جو زائچہ کے ظاہر و باطن میں موجود نہیں ہے اور مطلوب حال اس کا قبض الخارج کا نقطہ آب ہے جو بظاہر زائچہ خانہ ۵ مرکز آتش میں قوی ہے۔ بیان کیا کہ اسکے دشمن ہیں۔ جن سے سائل کو کچھ خوف ہے اور خطرہ ہے اور مطلوب مستقبل آب کا نقطہ خاک انکیس ہے یہ زائچہ میں مرکز باد خانہ دوم و ۱۶ مرکز خاک میں موجود ہے۔ ایک مقام پر مرکز مخالف دوسری مرکز خود میں موجود ہے اور قوی ہے۔ بیان کیا دو آدمی دشمن نہیں۔ جتنا کہ سائل کو خوف زدہ کیا گیا ہے۔

۲۵۔ **سوال**:۔ کیا آئندہ میرے مقاصد بر آویں گے؟

قانون:۔ نقطہ ۷ اس امر کے متعلق دیکھا جاتا ہے اگر یہ معہ مطلوب قوی ہوگا تو سائل کے مقاصد بر آویں گے اگر ضعیف یا کمزور ہو تو نہیں اس سوال کے متعلق آدمی زائچہ کشید کیا گیا جسکی صورت یہ ہے۔



جواب :۔ نقطہ آب حکم میزان سے حرکت کر کے خانہ ۲ کی شکل اجتماع ☵ پہنچا۔ یہاں منتہی ہو گیا اجتماع ☵ بادی مرکز باد میں صاحب المرکز ہے۔ لہٰذا اس سے بن عمل شروع کیا۔ چنانچہ نقطہ آبی نے حرکت کی جس کا نقطہ ۲ آب بیاض ہے جو موجودہ زائچہ میں نہیں مگر در باطن خانہ ۲، ۱۰، ۹ دو مقام پر موجود ہے۔ ایک جگہ نقطہ آب خانہ ۲ مرکز باد میں قوت سالمت اور دوسری جگہ نقطہ آب خانہ ۹ مرکز آتش میں مخالف اور کمزور ہے۔ لیکن آتش کو سرد کر کے خود قدرے گرم ہو کر غائب ہو گیا ہے۔ نقطہ آب اجتماع کا مطلوب مستقبل ☳ قبض الداخل کا نقطہ خاک ہے یہ زائچہ کے خانے ۱۱ مرکز آب میں مصادق اور قوی ہے۔ بس سائل سے بیان کیا کہ انشاء اللہ آپ کے مقصد بر آویں گے۔ آب بیاض ☵ کا حاکم نقطہ عقبۃ الخارج ☶ زائچہ کے خانہ ۶ مرکز باد مسالم میں ہے اور مطلوب ☳ کا حاکم نقطہ ☽ خانہ ۱۶ مرکز خاک میں قوی ہے۔ لہٰذا حکم متذکرہ بالا کی تصدیق ہوئی

ایک عرض

یہ پیش کردہ قاعدہ خانہ رمل کے احکام نقطہ کو مدنظر صرف مثال کے طور پر تحریر میں لائے گئے ہیں کہ مبتدی حضرات کیلئے آئندہ ہر سوال کا حل آسان ہو جائے۔ اگر اسی طرح ہر ایک سوال کے تحت مثالی عمل کیا جائے تو بے فائدہ طول باعث ملال ہوگا۔ ورنہ علم رمل سے واقف حضرات کیلئے تو قاعدہ کی تشریح دینی کافی ہے۔

خوشخبری

ضرورت مند حضرات! آپکو کسی قسم کی جسمانی یا روحانی بیماری ہو تو اس کیلئے کلام الٰہی سے فیض حاصل کریں۔ انشاءاللہ ہر بیماری دفع اور ہر تکلیف دور ہو جائے گی۔ اس مقصد کیلئے ادارہ "روحانیاتِ رحیمیہ" سے رجوع کریں۔ ڈاکٹر عبدالرحیم صاحب کی زیر نگرانی طلسمات اور تعویذاتِ خاص اوقات میں تیار کئے جاتے ہیں۔

اِدارہ :۔ روحانیات رحیمیہ مکان نمبر ۱۸۷۵ الف محلہ شاہدرہ بہاولپور

سوالات اور قواعد

۱ ۔ کیا غائب آئے گا ؟ نقاط دوم و ہفتم کو دیکھو اگر قوی ہوں اور مطلوب نقطہ کی محبت ہو تو آئیگا ورنہ نہیں۔

۲ ۔ اس وقت آدمی گھر موجود ہوگا یا نہ ؟ جس آدمی کے متعلق سوال ہو۔ اس کے نقاط چہارم اگر قوی ہو تو موجود ہو ورنہ نہیں ۔ اگر نقطہ دہم قوی ہو تو کہیں چلا گیا ہے ۔

۳ ۔ کیا فلاں عورت کنواری ہے ؟ اگر نقطہ ہفتم وی ہو کر خانہ ۲ء ، ۵ء ، ۸ء ، ۱۱ء میں کسی ایک میں تکرار کرے تو کنواری ہے ورنہ نہیں۔

۴ ۔ شادی کس سے ہوگی ؟ نقطہ ۷ معہ مطلوبات کے اگر قوی ہو اور جس خانہ میں موجود ہو تو اس خانہ کے ذریعہ سے ہوگی ۔

۵ ۔ عورت کس خاندان سے ملے گی ؟ نقطہ ۷ اگر موجود ہو اور خانہ وتد یا مائل وتد میں تکرار کرے تو اپنے خاندان کی ورنہ غیر خاندان کی ہوگی ۔

۶ ۔ کیا فلاں کام ہوگا ؟ نقاط ۳ء ، ۵ء اگر قوی و موجود زائچہ ہونگے تو کام ہوگا ورنہ نہیں ۔

۷ ۔ کیا مطلوبہ چیز ملے گی ؟ نقاط ۳ء ، ۵ء مرکز داخل یا ثابت ہو تو دلیل حصول کی ہے ورنہ نہیں ۔

۸ ۔ فلاں ملزم کو سزا ملے گی یا نہ ؟ نقاط ۱۰ء ، ۱۲ء کو دیکھو اگر وہ موجود ہوں اور باقوت ہوں تو سزا نہ ہوگی۔ کمزور ہوں تو سزا ہوگی ۔

۹ ۔ فریق مقدمہ میں کون سچا ہے ؟ نقاط ۱ء ، ۹ء منجانب سائل و ۲ء ، ۸ء سے مسئول ہے ۔ جو نقاط قوی ہوں وہ سچا ہے ۔

۱۰ ۔ مرض کس عضو میں ہے ؟ نقاط ۶ء جس خانہ میں تکرار کرے اس خانہ سے جو عضو منسوب ہو اسمیں مرض ہے

۱۱ ۔ فلاں آدمی نیک ہے یا بد ہے ؟ نقطہ ۷ کا ستارہ اگر با وقار اور نیک ہے تو نیک ورنہ بد معاش ہے ۔

۱۲ ۔ کیا عمارت پائیدار ہوگی ؟ نقطہ ۱ء ، ۴ء ، ۷ء معہ مطلوبات اگر موجود اور باقوت ہوں تو پائیدار ورنہ نہیں ۔

۱۳ ۔ مکان بن جائے گا یا نہیں ؟ اگر نقطہ ۴ء یا ۷ء زائچہ میں موجود اور باقوت ہوں اور خانہ نیک میں تکرار کریں تو اچھا ہے ورنہ خراب ہے ، موجود نہ ہو تیار نہ ہوگا ۔

۱۴ ۔ کیا فلاں جگہ دفینہ ہے ؟ نقاط ۴ء ، ۶ء اگر نیک داخل زائچہ میں ہوں تو دفینہ ہے ورنہ نہیں

۱۵ ۔ کیا اپنے محبوب سے ملاقات ہوگی ؟ نقاط ۱ء ، ۵ء ، ۲ء ، ۶ء اگر موجود زائچہ ہوں ۔ انہیں داخل نقطے ہو تو ہوگی ورنہ نہیں ۔

۱۶ ۔ کیا ملازمت ملے گی ؟ نقاط م۱ ، م۱۰ دیکھو موجود زائچہ ہوں اور انہیں نقطہ داخل خارج سے زیادہ ہوں تو جلد ملے گی ۔ منقلب ثابت زیادہ ہوں تو دیر سے ملے گی ۔

۱۷ ۔ کونسی ملازمت ملے گی ؟ نقاط م۱ ، م۱۱ ، م۱۵ کے ضعف وقوت سے جواب زائچہ میں موجود ہو اور قوی ہوں تو اچھی ملازمت ملیگی اگر کمزور ہو تو اچھی نہیں ۔

۱۸ ۔ کیا میری تبدیلی ہوگی ؟ نقاط م۳ ، م۴ اگر موجود محل میں قوی ہیں تو تبدیلی ہوگی ۔ بشرطیکہ ان میں نحس نقطہ موجود ہو ۔ ورنہ نہیں ۔

۱۹ ۔ غائب کسطرف ہے ؟ نقطہ م۱ کو دیکھو اگر موجود محل ہو تو نقاط کی منسوبات کی طرف بیان کرو ۔

۲۰ ۔ کیا فلاں سے مجھے خطرہ ہے ؟ نقطہ م۵ کو دیکھو اگر وہ موجود ہے اور طالع سے محبت رکھتا ہے تو خطرہ نہیں ۔ نظر عداوت ہے تو سخت خطرہ ہے اگر ساقط النظر ہے تو کوئی خطرہ فی الحال نہیں ۔

۲۱ ۔ دو لڑنے والوں میں کون جیتے گا ؟ نقاط م۱ ، م۱۰ ، م۱۱ سائل اور نقاط بصیر اول م۷ فریق ثانی کے ہیں ۔ جسکے نقاط موجود ہوں ، باقوت ہوں وہ جیتے گا ۔

۲۲ ۔ کیا میری مراد پوری ہوگی ؟ نقاط م۱ و م۱۱ کو دیکھو اگر وہ موجود زائچہ میں باقوت ہوں تو مراد پوری ہو ۔ ورنہ نہیں ۔

۲۳ ۔ کیا میں امتحان میں پاس ہو جاؤں گا ؟ نقاط م۱ ، م۳ ، م۹ کو دیکھو اگر یہ ہر سہ نقطے باقوت و زیر دست ہوں تو پاس ہو جائے گا اگر تینوں نقاط کمزور ہوں تو فیل ہو جائے اگر اختلاف ہو تو کمپارٹمنٹ ہوگا ۔

۲۴ ۔ کیا فلاں آدمی وعدہ پورا کریگا ؟ نقاط م۵ ، م۱۱ کو اگر ہر دونوں نقطہ معہ مطلوب باقوت ہوں تو وعدہ پورا کریگا ۔ کمزور ہوں تو نہیں ۔ اختلاف سے کچھ عذر تک پورا کریگا ۔

۲۵ ۔ کیا گواہ سچی گواہی دیگا یا نہ ؟ نقاط م۱ ، م۷ ، م۱۱ معہ مطلوب اگر زائچہ میں باقوت ہوں تو ٹھیک گواہی دیگے اگر کمزور ہوں تو نہیں ۔

۲۶ ۔ میں اپنے طالب کو پاؤں گا ؟ زائچہ میں نقطہ م۱ سائل اور نقطہ م۷ مطلوب کا ہے جو نقطہ معہ مطلوب کے قوی ہوگا ۔ طالب کو پائے ورنہ نہیں ۔

۲۷ ۔ مرض جسم کے کس مقام پہ ہے ؟ نقطہ م۶ جس خانہ میں ہو اور وہ خانہ جس اعضاء سے منسوب ہو ۔ اسی میں مرض ہے ۔

۲۸ فلاں ملزم کو سزا ہوگی یا نہیں ؟ نقطہ م۱ ، م۱۰ ، م۱۲ کو دیکھو اگر تینوں نقاط باقوت ہوں تو سزا نہ ہوگی ۔ اگر کمزور ہوں و تیسرا خانہ م۸ ، م۹ میں کریں تو سخت سزا ہو ۔ اگر اختلاف پایا جائے تو پھر تھوڑی سزا ہوگی ۔

۲۹ ۔ کیا فلاں آدمی فلاں جگہ پر مقیم ہے ؟ نقطہ ۱۲ اور اسکے مطلوب کو دیکھو اگر مرکز داخل یا ثابت تو مقیم ہے۔ اور مرکز خارج یا منقلب میں ہو تو چلا گیا ہے اگر مختلف ہو تو اوسط کا حکم لگائیں ۔

۳۰ ۔ چند کاموں میں کس کام کو کروں جس سے فائدہ ہوگا ؟ ہر زائچہ میں سے چار امور کے متعلق حکم لگایا جا سکتا ہے ۔ نقاط ۱ا پہلے کام کے لئے ۔ نقاط ۲ دوسرے کام کیلئے ۔ نقاط ۳ تیسرے کام کیلئے اور نقاط ۴ چوتھے کام کیلئے موافق قوت وضعف سے احکام لگانا چاہئے ۔ لیکن سائل سے کاموں کی تفصیل پہلے دریافت کر لینی چاہیئے ۔ اگر دو کام کے متعلق سوال ہو تو نقطہ ۱ا پہلے کام کیلئے نقطہ ۴ دوسرے ، نقطہ ۱ا باقی سوم متعلق نقطہ ۱ا کے اور چہارم متعلق نقطہ مقیم ہے ؟

۳۱ ۔ فلاں اسوقت کیا کام کرتا ہے ؟ نقطہ ۱ا زائچہ کے جن جن خانوں میں تکرار کرے ان گھروں کے منسوبات کے تحت حکم لگایا جاتا ہے ۔

۳۲ ۔ فلاں کو کچھ امانت دوں یا نہیں ؟ نقطہ ۱ا ، ۴ اور انکے مطلوب قوی ہوں تو امانت دینی چاہیئے ۔ ورنہ نہیں ۔ اختلاف سے حکم درمیانہ لگایا جائیگا ۔

۳۳ ۔ اس فصل کی پیداوار اور نرخ کیسا رہے گا ؟ نقطہ ۴ ، ۱ ، ۱ا ، ۱۵ ، ۱۲ معہ مطلوبات اگر قوی ہوں ۔ تو فصل عمدہ پیداوار اور نرخ مناسب رہے گا ۔ اگر کمزور ہوئے تو حکم برعکس ۔ اختلاف سے حکم درمیانی لگایا جائے گا ۔

۳۴ ۔ فلاں آدمی نیک ہے یا بد ؟ نقطہ ۷ کو دیکھو اگر وہ نیک ستارے سے منسوب ہو تو وہ آدمی نیک ہے ۔ موافق وقار ستارہ حکم لگایا جاتا ہے ۔ نحس ستارے سے بد ہوگا ۔

۳۵ ۔ فلاں کام کروں یا نہ کروں ؟ نقطہ ۴ ، ۱۵ سے حکم لگایا جاتا ہے ۔ سوال دخول کا ہو تو نقطہ ۴ ، ۱۵ دونوں مرکز داخل وثابت ہیں تو دلیل حصول مدعا ہے اور انجام بہتر ہے ۔ برخلاف اسکے حکم برعکس ہوگا ۔

۳۶ ۔ کیا فلاں عورت آشنا مجھ سے محبت رکھتی ہے ؟ نقطہ ۵ ، ۷ اگر مرکز خارج یا منقلب میں تو محبت نہیں رکھتی اور مرکز داخل وثابت میں ہو تو محبت رکھتی ہے ۔ وہ دوسروں سے محبت نہ کرے گی ۔ اور اختلاف میں حکم اوسط ہے ۔

۳۷ ۔ کیا فلاں شخص میری مدد کریگا ؟ نقطہ ۲ ، ۵ ، ۱ا ، ۱۵ مرکز داخل یا ثابت میں ہو تو مدد کریگا ۔ ورنہ نہیں ۔ اختلاف سے حکم اوسط ہوگا ۔ اگر اصل نقطہ موجود نہ ہو تو اسکے مطلوب کو دیکھا جاتا ہے ۔

۳۸ ۔ فلاں شخص نے جو وعدہ کیا ہے وہ پورا کریگا ؟ اگر نقطہ ۱ا قوی ہو اور نقطہ ۱ا ، ۴ مرکز داخل یا ثابت میں ہوں ۔ تو وعدہ پورا کریگا ورنہ نہیں ۔ اختلاف مراکز سے حکم متوسط کیا جائے گا ۔

۳۹ ۔ کیا فلاں آدمی مجھ پر یا کسی اور پر عاشق ہے ؟ اگر نقطہ طالع قوی ہو اور تکرار خانہ ہائے ۵، ۱۱ میں رکھتا ہو تو دلیل عاشق ہونے کی ہے اور کمزور ہو اور تکرار خانہ ہائے ۶، ۷، ۸ یا ۱۵ میں رکھتا ہو تو حکم اسکے برعکس ہوگا۔ اختلاف ہو تو درمیانہ ۔

۴۰ ۔ کیا امانت سپردہ واپس وصول ہوگی ؟ نقطہ طالع قوی ہو اور تکرار وہ خود یا مطلوب اس کا خانہ ۱۱ یا ۱۲ میں کرے تو علامت وصول امانت کی ہے ۔ برعکس اسکے حکم برعکس ہوگا ۔ اختلاف سے حکم متوسط ہوگا ۔

۴۱ ۔ کیا دفینہ ملے گا ؟ نقطہ ۱، ۲، ۸ کو دیکھو اگر یہ نقطے باقوت ہوں تو دفینہ حاصل ہوگا۔ کمزور ہوں تو نہ ملے گا اختلاف سے حکم درمیانہ ۔

۴۲ ۔ کیا یہاں اور فلاں جگہ دفینہ موجود ہے ؟ نقاط ۲، ۳، ۶، ۸ کو دیکھو اگر یہ مراکز داخل یا ثابت میں ہوں تو اس جگہ دفینہ موجود ہوگا ۔ برخلاف اسکے مراکز خارج یا منقلب میں ہوں تو نہ ہوگا ۔ اختلاف سے حکم اوسط کا ہوگا ۔

۴۳ ۔ کیا دفینہ مجھے ملے گا ؟ نقاط ۴، ۵، ۶، ۲، ۱۱ کو دیکھو اگر مفسر گھروں میں داخل یا ثابت میں ہوں تو دلیل سہل حصول دفینہ کی ہے ۔ برخلاف حکم برعکس سمجھو ۔ اختلاف سے حکم اوسط کا کرو ۔

۴۴ ۔ دفینہ مکان کے کس مقام پر ہے ؟ نقطہ ۳ کی شکل اگر آتشی ہے تو دفینہ زیر آتش یا مقام آتشی میں ہے ۔ بادی سے بلندی پر۔ آبی سے زیر مقام آب یا اس کے کنارے ۔ خاکی سے بہت گہرا زمین میں دفن ہے ۔

۴۵ ۔ دفینہ کی سمت کونسی ہے ؟ نقطہ ضمیر جس خانہ میں منتہی ہو۔ اس خانہ کی شکل کی سمت اور خانہ ۱۲ و ۱۴ ان سمات کے امتزاج سے جس جگہ رمّال سمجھتا ہو اس جگہ معلوم کی گئی سمت بیان کیجاتی ہے ۔

۴۶ ۔ دفینہ کی طول و گہرائی کیا ہے ؟ یہ عرض و طول و عمق نقطہ ۱ کے عرض و طول و عمق بیان کیا جاتا ہے مگر بعض رمّال نقطہ ۴ سے بیان کرتے ہیں ۔

۴۷ ۔ دفینہ میں کیا ہے ؟ نقطہ چہارم کی شکل کی نسبت سے معلوم کرو کہ جس چیز سے وہ منسوب ہو کہے ۔

۴۸ ۔ تعداد دفینہ ؟ اعداد نقطہ ۴ کے عنصر کے مطابق دفینہ کی تعداد ہوتی ہے اور اعداد نقاط ۱ عنصر کی تعداد بیان کرو ۔ اکائی ، دہائی ، سیکڑہ ، ہزار ۔

۴۹ ۔ انجام صلح کیا اور کسطرف ہوگا ؟ نقاط ۱، ۲ کو دیکھو اگر نقطہ ۱ باقوت ہو تو منجانب مسئول پیغام صلح کا آوے گا اگر نقطہ ۲ باقوت ہو تو منجانب سائل درخواست صلح کیجاوے گی ۔ لیکن نقاط ۱، ۱۱ قوی ہو تو ضرور صلح ہووے ۔

۵۰ ۔ آئندہ مجھے تندرستی ہوگی ؟ اگر نقطہ ۱ معہ مطلوب مستقبل قوی ہو تو تندرستی ہوگی کمزوری سے برعکس۔

۵۱ ۔ کیا میری قسمت میں نشاط دخری ہے ؟ نقاط ۱ ، ۵ ، ۱۱ کو دیکھو اگر وہ معہ مطلوب باقوت ہو تو ہوگی۔ اگر کمزور ہوں تو نہ ہوگی ۔ اگر اختلاف ہو تو حکم اوسط کا کہو۔

۵۲ ۔ میرے کاروبار کیوں بند ہیں اور کس ستارے کا دور ہے ؟ کاروبار کی بندش نقطہ طالع سے نقطہ ۱۲ دور ستارہ نقطہ کا حکم سے اس نقطہ کو دیکھو کہ جس جگہ نقطہ حرکت طول وعرض سے منتہی ہو۔ یہ جو شکل اس سے نقطہ پانچواں نقطہ جس ستارے کی ہو ۔ اس کا دور ہوگا۔

۵۳ ۔ کیا آئندہ میرے سرمایہ کو ترقی ہوگی ؟ نقاط ۱ ، ۲ ، ۴ ، ۶ ، ۱۴ سے ترقی ، ضعف سے تنزل ، اختلاف سے حکم اوسط کا ہوگا۔

۵۴ ۔ کیا مال ہاتھ آئے گا یا نہیں ؟ نقطہ ۱ ، ۲ ، ۸ ، ۱۴ معہ مطلوبات اگر باقوت ہوں تو مال ملے گا۔ اگر کمزور ہوں تو نہیں ملے گا ۔ اختلاف ہو تو درمیانہ ۔

۵۵ ۔ میں ایک شخص سے مال لینے کی امید کرتا ہوں ۔ وہ مل جائے گا یا نہ ؟ نقاط ۱ ، ۲ ، ۳ منجانب سائل اور ۷ ، ۸ ، ۹ منجانب مسئول گرفت کر کے دیکھو ۔ اگر نقاط سائل قوی ہوں ۔ مسئول شئے مطلوبہ دیگا اگر مسئول کے نقاط قوی ہوں تو نہ دیگا ۔ اگر مساوی ہو تو نہ سائل مانگے نہ مسئول دے۔

۵۶ ۔ میری قسمت میں مال و دولت ہے یا نہ ؟ نقاط ۱ ، ۲ ، ۴ ، ۵ کو دیکھو کہ نقاط ۲ ، ۴ ، ۵ باقوت ہو تو نقد وجنس کے جمع لوازم میسر ہونگے ۔ مگر ان نقاط میں اگر چہارم کمزور ہو تو لوازم اسائش نہیں ہوئے ۔ نقد مال ہوتا ہے ۔ اگر ۵ کمزور ہو تو سرمایا نقد وجنس نہیں ہوتا ۔ مگر دیگر سامان آرائش میسر ہوتے ہیں اگر دوم قوی ہو ، نان ونفقہ میسر آتا ہے ، دوسرے لوازم نہیں ۔

۵۷ ۔ فلاں بخیل ہے ، فیاض وسخی ؟ نقاط ۱ ، ۲ ، ۸ ، ۱۲ کو دیکھو اگر یہ بستہ ہوں تو مسئول بخیل ہے۔ اگر کشادہ ہوں ۔ تو فیاض ہوتا ہے ۔ یاد رہے جس شکل کا نقطہ آب بند ہو ، وہ بستہ ہوتی ہے ۔

۵۸ ۔ خرید وفروخت اجناس سے نفع ہوگا یا نقصان ؟ نقاط ۱ ، ۲ ، ۸ کی قوت وضعف کو دیکھو ۔ اگر تینوں نقاط قوی ہوں تو خرید وفروخت دونوں بہتر ہیں ۔ اگر ضعیف ہوں تو ناقص ۔ اگر نقطہ ۲ باقوت ہو تو خرید بہتر اور نقطہ ۸ باقوت ہو تو فروخت بہتر ، اختلاف سے حکم اوسط ہوتا ہے ۔

۵۹ ۔ انجام خرید وفروخت میں نفع ہے یا نقصان ؟ نقاط ۱ ، ۲ ، ۳ ، ۱۱ کو دیکھو اگر یہ سب نقاط باقوت ہوں تو حسب دلخواہ نفع ہوگا ۔ اگر کمزور ہوں تو نقصان ۔ اختلاف سے جزوی نفع ہوتا ہے ۔

۶۰ ۔ غائب یا خط یا خبر آوے گی ؟ نقاط ۱ ، ۷ ، ۹ ، ۱۱ کو دیکھو اگر یہ مرکز داخل ومنقلب میں ہوں۔

تو غائب جلد آوے۔ مزید خانہ عمل خانہ ۵ کے طریقے سے ہوگا۔

۶۱۔ مجھے علم حاصل ہوگا یا نہ؟ نقاط ۱، ۳، ۹، ۱۱ کو دیکھو اگر یہ معہ مطلوب باقوت ہوں تو علم حاصل ہوگا۔ اگر کمزور ہوں تو حاصل نہ ہوگا۔

۶۲۔ فلاں شخص علم رکھتا ہے یا نہیں؟ نقاط ۵، ۹، ۱۰، ۱۵ کو دیکھو اگر باقوت مطلوب ہوں تو وہ علم جانتا ہے۔ کمزور ہوں علم نہیں جانتا اگر اختلاف ہو تو اوسط درجے کا عمل ہوگا۔

۶۳۔ کیا میں مباحثہ کرنے میں کامیاب ہونگا یا نہ؟ نقاط ۱، ۳ متعلق سائل ۷، ۹ نتیجہ مسئول ہے۔ اگر نقاط سائل قوی ہوں اور نقاط مسئول باقوت مطلوب کمزور ہوں تو سائل فتح پائے گا۔ اگر نقاط سائل کمزور ہوں تو مسئول جیتے گا۔ اگر دونوں نقاط باقوت ہوں تو دونوں برابر رہیں گے۔ اگر اختلاف ہو تو درمیانی رہیں گے۔

۶۴۔ میں ایک روحانی عمل کرنا چاہتا ہوں۔ کیا کامیاب ہونگا؟ نقاط ۱، ۹ کو دیکھو اور انکی ضعف و قوت ذاتی و مطلوبی کے موافق حکم لگاؤ۔ قوت سے کامیابی اور کمزوری سے ناکامی اختلاف سے حکم اوسط کا لگایا جائے گا۔

۶۵۔ فلاں جگہ نیک ہے یا بد؟ نقطہ ۴ معہ مطلوب اگر باقوت ہوگا تو نیک ورنہ بد ہے۔

۶۶۔ میرا سکونتی مکان نیک ہے یا بد؟ نقاط ۱، ۴، ۵ قوت و کمزوری بموجب اصول و احکام ۳، ۴ سے حکم لگایا جائے گا۔

۶۷۔ عمارت تیار کرونگا۔ نیک ہے یا بد؟ مطابق اصول ۳، ۴ کے نقاط ۴، ۶، ۸ کی ضعف و قوت سے حکم نیکی و بدی کا کیا جائے گا۔

۶۸ کیا میری قسمت میں اولاد ہے یا نہیں؟ نقطہ ۵ کو دیکھو اگر یہ وتد یا مائل وتد میں ہو اور ناظر طالع کا ہو تو قسمت میں اولاد ہوگی ورنہ نہیں۔

۶۹۔ سائل کی اس عورت سے اولاد ہوگی یا نہیں؟ نقطہ ۱۱ کی ضعف و قوت کو دیکھو اگر قوی ہو تو اس عورت سے اولاد ہوگی ورنہ نہیں۔

۷۰۔ کیا لڑکا پیدا ہوگا یا نہیں؟ نقطہ ۵ کو دیکھو اگر یہ نقطہ بصورت داخل وتد میں ہو اور مکرر زائچہ میں ہو اور نقطہ ۵ سے نیک نظر رکھتا ہو تو لڑکا پیدا ہوگا۔ اگر مائل وتد میں ہو تو زیادہ عمر میں پیدا ہوتا ہے اور مائل میں ہونے سے مایوسی ہوگی۔

۷۱۔ میری عورت سے لڑکا ہوگا یا لڑکی؟ نقطہ ۵ اگر خانہ ۱۱، ۱۴، ۱۶ میں تو لڑکا پیدا ہوتا ہے ورنہ لڑکی۔

۷۲ ۔ اولاد نہ ہونے میں قصور مرد کا ہے یا عورت میں ہے ؟ نقاط ۱ ، ۵ معہ مطلوب مرد کیلئے اور نقاط ۵ ، ۱۴ معہ مطلوب عورت کیلئے ۔ دیکھو جس کے مراکز داخل ثابت میں نقطہ ہوں ۔ وہ بے قصور اور جس کے مراکز خارج و منقلب میں ہوں ، وہ قصور وار ہے ۔

۷۳ ۔ مولود نیک بخت ہوگا یا بدبخت ؟ نقاط اول و ۵ معہ مطلوب باقوت ہو تو نیک بخت ، کمزور ہو تو بدبخت ۔

۷۴ ۔ کیا مولود عمر دراز ہوگا یا نہ ؟ نقطہ ہشتم معہ مطلوب باقوت ہو تو عمر دراز ہوگا ۔ کمزور سے بد ۔

۷۵ ۔ فلاں آدمی اولاد رکھتا ہے یا نہیں ؟ جسکے متعلق دریافت ہو ۔ اس کے نقطے کا پانچواں نقطہ اگر معدوم یا کمزور یا مراکز خارج و منقلب میں ہو تو وہ اولاد نہیں رکھتا اگر قوی ہو اور مرکز داخل یا ثابت کا ہو تو صاحب اولاد ہے ورنہ نہیں ۔

۷۶ ۔ فلاں عورت حاملہ ہے یا نہیں ؟ نقطہ ۶ دو جگہ زائچہ مرکز آب یا خاک میں ہو ۔ یا نقطہ ۵ ، ۶ داخل ثابت کے ہو اور ان مراکز میں موجود ہوں تو حمل ہوتا ہے ورنہ نہیں ہوتا ۔

۷۷ ۔ حمل کب ہوگا ؟ نقاط ۵ ، ۶ ، ۷ ، ۱۱ ، ۱۲ اگر مطلوب سب قوی ہوں تو اندر ایک سال کے حمل ہوگا ۔ اگر تین نقاط قوی ہوں تو تینتیس سال کی عمر کے بعد ۔ دو نقاط قوی ہوں تو چالیسویں سال کے بعد حمل دینے کا حکم دو اگر سب نقاط کمزور ہوں تو حمل کبھی نہ ہوگا ۔

۷۸ ۔ محبوب سے کسطرح ملاقات ہوگی ؟ اگر نقطہ ۷ معہ مطلوب کے باقوت ہو اور افراد عناصر آب و خاک رکھتا ہو تو ملاقات ہو ورنہ نہیں ۔

۷۹ ۔ محبوب مجھ سے الفت رکھتا ہے یا نہ ؟ اگر نقطہ ۵ معہ مطلوب کے قوی ہو اور خانہ وتد میں تکرار رکھتا ہو تو دل سے محبت کرتا ہے اگر تکرار مائل میں ہو تو متوسط اگر تکرار زائل میں ہو تو محبت بالکل نہیں رکھتا ۔ خواہ نقطہ زبردست بھی کیوں نہ ہو ۔

۸۰ ۔ کیا قاصد یا خط خوشخبری لائے گا ؟ اگر نقطہ ۵ باقوت ہو اور نقطہ ۷ ضعیف ہو تو قاصد خبر مسرت کی لائے گا ۔ ورنہ نہیں ۔

۸۱ ۔ میں امتحان میں پاس ہونگا یا نہ اور کس درجہ میں ؟ نقاط ۱ ، ۵ یا ۱ ، ۳ کی قوت سے پاس ہونے اگر ضعیف ہوں ، مطابق ضعف کے حکم کرو ۔ نقاط ۱ ، ۵ کے قوی ہونے سے درجہ اول اور ۵ کے قوی ہونے سے درجہ دوم اور ۱ ، ۳ ، ۹ کے قوی ہونے سے درجہ اول ۳ ، ۹ یا ۱ ۳ کے قوی ہونے سے درجہ دوم اور کمزور ہونے سے فیل ہو جائے ۔

۸۲ ۔ مریض بیمار ہے یا نہ ؟ نقطہ ۶ کے ۶ یعنی ۱۳ کو دیکھو اگر اس کا مطلوب حال و ماضی دونوں قوی

ہوں تو فرد بیمار ہے۔ اگر کمزور یا معدوم ہوں تو معمولی ناسازی ہو یا مریض نہ ہووے۔

۸۳۔ مریض کو شفا ہوگی یا نہ؟ نقاط ۱، ۴ معہ مطلوب قوی ہوں تو حکم شفا ہے اور نقطہ ششم قوی ہو تو مرض طویل ہو اور نقاط ۶، ۵، ۸ معہ مطلوب قوی ہوں تو حکم موت کا کیا جاوے۔

۸۴۔ کیا گم شدہ حیوان واپس ہوگا؟ نقاط ۶، ۱۲ کو دیکھو اگر یہ مراکز داخل ثابت میں ہوں تو واپس ملے ورنہ نہیں۔ یہ حکم اس صورت میں ہے جبکہ یہ نقاط مرکز داخل ثابت میں ہوں۔

۸۵۔ راز پوشیدہ آئے گا یا نہیں؟ نقطہ ششم کو دیکھو اگر یہ مرکز داخل یا ثابت میں ہو تو راز پوشیدہ رہے۔ خارج منقلب ہو تو ظاہر ہو جاوے۔

۸۶۔ گریختہ واپس آئے گا یا نہ؟ نقطہ ۶ مرکز داخل ثابت میں ہو یا نقطہ ۲، ۵ مرکز داخل ثابت میں ہو۔ تو گریختہ از خود واپس ہو۔

۸۷۔ گریختہ تلاش کیا جائے تو وہ ملے گا یا نہ؟ نقاط ۶، ۵، ۸، ۱۲ مراکز داخل ثابت میں ہوں تو تلاش سے مل جائے گا۔

۸۸۔ کسی کے اغوا سے فرار ہوا ہے یا از خود؟ نقطہ ۶، ۱۲ مراکز خارج منقلب میں قوی ہوں تو خود چلا گیا ہے۔ داخل ثابت ہوں تو اغوا سے فرار ہوا ہے۔

۸۹۔ گریختہ زندہ ہے یا نہیں؟ نقطہ ۱ معہ مطلوب کے قوی ہو تو زندہ اور نقطہ ۱۲ معہ مطلوبات قوی ہو۔ تو مردہ اور نقاط ۱، ۱۲ معہ مطلوب کے قوی ہو تو بیمار ہوتا ہے۔

۹۰۔ گریختہ شہر میں ہے یا باہر؟ نقاط ۱، ۱ معہ مطلوب کے قوی ہو تو شہر میں موجود ہے اور نقطہ ۱۲ معہ مطلوب کے قوی ہو تو شہر کے باہر ہوتا ہے۔

۱۰۰۔ گریختہ کس طرف ہے اور کتنے فاصلے پر ہے؟ نقطہ ۱ جس عنصر کا ہو اور جو سمت اس عنصر کی ہو۔ اس طرف گریختہ ہوتا ہے اور فاصلہ مطابق اعداد عنصر شکلیہ قائم کرے۔ بیان کیا جائے۔

۱۰۱۔ گریختہ اکیلا ہے یا کسی کے ہمراہ ہے؟ نقطہ ۲ کی جسقدر تکرار ہوگی۔ اسقدر ہمراہی ہونگے ورنہ نہیں۔

۱۰۲۔ کیا فی الواقع مال چوری ہوا ہے یا گم ہوگیا ہے؟ نقطہ ۲، ۶ کو دیکھو اگر مراکز خارج و منقلب میں زائچہ کے اندر ہوں تو مال چوری کیا گیا ہے۔ داخل ثابت میں نہیں۔ علاوہ ازیں اگر نقطہ ۲ قوی ہو کر مرکز داخل یا ثابت میں ہو تو مال کسی جگہ رکھ کر بھول گیا ہے۔

۱۰۳۔ سراغ ملے گا یا نہیں؟ قوت و ضعف نقاط ۱، ۳، ۸ معہ مطلوبات کے دیکھو اگر یہ نقاط قوی ہوں اور نقاط طالع سے ناظر ہو تو اشیائے گم شدہ وغیرہ کا سراغ ملتا ہے ورنہ نہیں۔

۱۰۴ ۔ کیا میری شادی ہوگی ؟ نقاط ۱، ۴، ۷، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۴ کی قوت کو معہ مطلوبات دیکھو اور قوتِ باطنی کا زیادہ لحاظ رکھو۔ اگر قوی مطلق ہوں۔ بہت جلد شادی ہوگی۔ اگر نصف کے قریب ضعیف ہوں تو دیر میں ہوگی اور قطعی کمزور ہوں۔ تو کبھی شادی نہ ہوگی۔

۱۰۵ ۔ عورت کی اصل کیا ہے ؟ نقطہ ۷ جس ستارہ سے منسوب ہو۔ اس کے وقار کے مطابق اس کی اصلیت ہوتی ہے۔

۱۰۶ ۔ اس عورت سے اولاد ہوگی یا نہ ؟ نقاط ۱، ۱۵ قوی ہوں تو اولاد ہوگی۔ اگر قوت مطلوبی ساتھ ہو ورنہ نہیں ہوگی۔

۱۰۷ ۔ حلیہ و عمر کیا ہوگی ؟ نقطہ ۷ جس عنصر کا ہو اور جس مرکز میں انکے امتزاج سے حلیہ و عمر بیان کرو۔ یعنی اگر نقطہ خاک مرکز آتش میں جوان ملے۔ علیٰ ہذا دیگر کیلئے بھی امتزاج پر حکم کرنا چاہیئے۔ اس طرح نقطہ ۱۱ کے امتزاج سے بھی۔

۱۰۸ ۔ کیا میں دوسری عورت کروں ؟ نقطہ ۴ معہ مطلوب کے قوی ہو تو پہلی عورت بہتر ہے۔ اگر نقطہ ۷ معہ مطلوب کے قوی ہو تو دوسری عورت کرنا بہتر ہے۔

۱۰۹ ۔ کیا میں دوسری عورت کو طلاق دوں ؟ نقاط ۴ اگر کمزور ہوں تو پہلی عورت کو اگر نقاط ۷ کمزور ہوں تو دوسری عورت کو طلاق دینا بہتر اور مناسب ہے ؟

۱۱۰ ۔ کیا موجودہ شوہر بہتر ہے ؟ نقطہ ۴ معہ مطلوب کے قوی ہو تو پہلا شوہر بہتر ہے۔ نقطہ ۷ قوی ہونے سے دوسرا خاوند بہتر ہے۔

۱۱۱ ۔ غائب واپس آئے گا یا نہیں ؟ نقطہ ۱۰ معہ مطلوب بمقابلہ نقطہ ۱۶ کے قوی ہو تو وہ بہت جلد آئے گا۔ اگر نقطہ ۱۶ معہ مطلوب کے باقوت ہو تو وہ جلد نہ آئے گا۔ اگر دونوں مساوی ہوں تو عزم روانگی میں تامل ہو۔ علاوہ ازیں اگر نقاط ۱۰، ۱۱ مراکز داخل و ثابت میں ہوں اور ۷، ۸، ۶ مراکز خارج منقلب میں ہو تو غائب واپس آوے ورنہ نہیں۔ اختلاف کی صورت میں حکم درمیانہ۔

۱۱۲ ۔ اگر واپس آئے گا تو کس مدت میں ؟ نقطہ ۷ کو دیکھو تو کوئی میعاد مقرر نہیں ہوسکتی اگر یہ نقطہ مکرر امہات میں ہو تو ایک سال اگر بنات میں ہو تو ایک ماہ، متولدات سے ایک ہفتہ زوائیدات گھنٹہ، واپسی ہوتی ہے۔

۱۱۳ ۔ انجام شراکت میں نفع ہوگا یا نقصان ؟ نقاط ۴، ۸ معہ مطلوب کے قوی ہو تو انجام نفع ورنہ نقصان۔ اگر نقطہ ۴ قوی ہو تو سائل کو نفع ہو اگر نقطہ ۸ قوی ہو تو شریک کو نفع ہو۔

۱۱۴ ۔ دعویٰ کس کے حق میں ڈگری ہوگا ؟ نقطہ اگر مراکز ۲، داخل ثابت میں ہو تو دعوے ڈگری خارج اور منقلب سے نہ ہوے ۔

۱۱۵ ۔ چور کا رنگ کیا ہے ؟ نقطہ مقسم جس خانہ میں ہو اس کے امتزاج سے چور کا رنگ وحلیہ بیان کرو ۔

۱۱۶ ۔ فلاں شخص زندہ رہے گا یا نہ ؟ اگر نقطہ ۴ معہ مطلوب قوی ہو تو زندگی ۔ اگر نقطہ ۵ معہ مطلوب قوی ہو تو فوتیدگی ہے ؟

۱۱۷ ۔ سفر اچھا ہے یا نہ کرنا بہتر ہے ؟ نقاط ۲، ۹ معہ مطلوبات قوی ہوں یا مراکز خارج منقلب میں ہو تو سفر بہتر ہوتا ہے ۔ اگر کمزور ہو یا مرکز داخل ثابت میں ہوں تو منع ہے ۔ اختلاف سے حکم مختلف ہوگا ۔

۱۱۸ ۔ نتیجہ آخر سفر کا کیا ہوگا ؟ نقطہ ۸، ۱، ۹ معہ مطلوبات قوی ہوں تو انجام بہتر ہو ۔ کمزور سے ناقص ۔ نقطہ ۱، ۷، ۹ کے قوی ہونے کا بھی یہی حکم ہے ۔

۱۱۹ ۔ کیا سائل ذریعہ معاش وشغل موجودہ مبارک ہے ؟ نقاط ۱، ۲، ۹ کو دیکھو اگر یہ مطلوبات چاروں قوی ہو تو یا مراکز داخل ثابت میں ہو تو شغل مبارک ہو اگر خارج ومنقلب ہوں یا کمزور ہوں ۔ تو پھر مبارک نہیں ۔

۱۲۰ ۔ یہ حاکم کس عرصہ تک رہے گا اور کیسا رہے گا ؟ نقاط ۱، ۴، ۷، ۹ کو دیکھو اگر یہ معہ مطلوبات چاروں قوی ہوں تو بوجہ نزاع ، نرمی رعایا ورنہ برعکس حکم ہوگا ۔

۱۲۱ ۔ ملازمت کی تلاش میں ہوں ۔ درخواست دی ہوئی ہے ۔ نتیجہ کیا نکلے گا ؟ نقاط ۲، ۱۱، ۱۵ معہ مطلوبات قوی ہوں یا مراکز داخل ثابت میں ہوں تو حکم نیک برآمد ہوگا ۔ اگر کمزور ہوں یا مراکز خارج منقلب میں ہوں تو پھر اول تو جواب نہیں ملتا ۔ اگر ملتا ہے تو ناقص ۔

۱۲۲ کیا مجھے ملازمت ملے گی یا نہ ؟ نقاط ۲، ۶، ۱۰ معہ مطلوب قوی ہو تو ملازمت ملے ورنہ نہیں ۔

۱۲۳ ۔ کیا میں ملازمت میں کامیاب ہونگا ؟ اگر نقاط ۲، ۶، ۱۰ مراکز داخل ثابت میں ہو تو کامیاب ہو اور خارج منقلب سے کامیاب نہ ہو ۔

۱۲۴ ۔ ہمارے بادشاہ کی سلطنت کو ثبات ہے یا نہیں ؟ نقاط ۱، ۱۰، ۱۳ معہ مطلوب قوی ہوں تو ثبات رہے ۔ ورنہ نہیں ۔ اختلاف سے حکم اوسط ۔

۱۲۵ ۔ فلاں شخص سے کچھ امید رکھتا ہوں ۔ کیا وہ برآمد ہوگی ؟ نقاط ۹، ۱۰، ۱۱ معہ مطلوبات قوی ہوں ۔ اور اس میں سے کسی نقطہ یا مطلوب کی تکرار مکرر خانہ ۳، ۴، ۵، ۹، ۱۱، ۱۵ میں ہو ۔ تو مراد حاصل ہو جاوے ۔ ورنہ نہیں ۔

۱۲۶ ۔ میرے دشمن قوی ہیں یا کمزور ؟ نقطہ ۱۲ مکرر وتد میں ہو تو دشمن خاص بہت قوی ہو اور اگر سائل وتد میں مکرر ہو تو دشمن کی طاقت درجہ اول ہو باقی خانوں میں معمولی طاقت ہوا کرتی ہے ۔

۱۲۷ ۔ انجام دشمنی کیا ہوگا ؟ نقاط ۶ ، ۱۲ قوی ہوں تو دشمن قوت پکڑیں ۔ کمزور ہوں تو دفع ہو جائیں اختلاف سے حکم اوسط کا ہوگا ۔ علی ہذا نقاط ۱۳ ، ۱۴ ، ۱۵ ، ۱۶ مراکز خارج و منقلب میں ہوں ۔ بہتر ہو اور داخل ثابت میں ہوں تو ناقص بصورت کمزوری نقاط ترک عداوت کا حکم علاوہ ازیں اگر نقطہ ۱۲ مراکز داخل ثابت میں ہوں تو دشمن عداوت پر قائم رہے ۔ خارج منقلب ترک کرے ۔

۱۲۸ ۔ قیدی کو اپیل پر یا کسی اور طریقے سے رہائی ہوگی یا نہ ؟ اگر نقطہ ۱۲ مرکز داخل و ثابت میں ہو ۔ تو قیدی رہا نہ ہو ۔ خارج و منقلب میں ہو تو رہا ہو جائے ۔ اگر خارج و منقلب دونوں جگہ ہو تو کچھ عرصہ قید میں ہو کر رہا ہو کر دوبارہ قید ہو ئے ۔

۱۲۹ ۔ خرید مبارک ہے یا فروخت ؟ نقاط ۱ ، ۱۲ معہ مطلوب اگر قوی ہو تو خرید میں کافی منافع ہوتا ہے ۔ کمزور سے نقصان ہوتا ہے ۔

۱۳۰ ۔ آج کوئی یا کسقدر سائل بغرض دریافت رمال کے پاس آئیں گے ؟ نقطہ ۲ ، ۷ کو دیکھو اگر نقطہ دوم مرکز داخل یا ثابت میں ہو اور ۷ خارج یا منقلب میں ہوگا تو سائل بروئے سوال رمال کے پاس آویں ۔ ۲ اور جسقدر اعداد عنصر نقطہ کے ہوں ۔ اسی قدر آویں گے ۔ اگر خلاف اس کے ہوں تو نہ آویں گے ۔ اگر نقطہ دوم قوی ہو تو ان سے فائدہ ہو ۔ کمزور سے فائدہ نہیں ہے ۔

— رحیم النجوم —

مصنف حضرت ڈاکٹر عبدالرحیم صاحب قبلہ کی وہ شہرۂ آفاق تصنیف ہے ۔ جس نے نجوم کے سربستہ راز کو نہایت آسان اصول کے ساتھ پیش کیا ہے ۔ ۳۰۰ سے زیادہ آزاد خطوط کی شکل میں آئی ہیں اور خود مصنف نے دعویٰ کیا ہے ۔ کہ کتاب پسند نہ آئے تو قیمت واپس ۔ آجتک کسی مصنف نے ایسا دعوےٰ نہیں کیا ۔ کتاب کی حقیقت دیکھنے سے ظاہر ہوگی ۔ منیجر ادارہ روحانیات رحیمیہ
بہاول پور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرف آخر

اَلْغَیْبُ عِنْدَ اللّٰہ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَاٰلِہِ الْعَظِیْمِ

خدائے قدوس نے اپنے کلام پاک میں ارشاد فرمایا ہے۔ "خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَہُ الْبَیَانَ" یعنی پیدا کیا ہم نے انسان کو اور سکھایا اس کو بیان (قوت تحریر و تقریر عطا کی) جو کچھ میری عقل اور سمجھ میں آیا۔ وہ صفحہ قرطاس میں اچھا ہے یا برا آپ کے پیش نظر ہے۔ قبل ازیں میں کئی کتب تصنیف و تالیف کر چکا ہوں اور یہ دعویٰ نہیں کیا کہ جو کچھ میں نے لکھا ہے وہ حرف آخر ہے۔ مثل مشہور ہے کہ بے عیب ذات خدا ہے۔ اس موقع پر میں ایک خاص مگر پر لطف بحث آپ کے سامنے رکھتا ہوں۔ رمل نجوم، جفر یا کوئی علم ہو۔ جس سوال کا جواب ان علوم میں سے کسی علم سے نکالا جائے۔ اس جواب کی حقیقت اور نوعیت کیا ہے کیا یہ جواب نوشتۂ تقدیر اور علم غیب ہے جس کی صداقت اور حقیقت میں کوئی شبہ اور شک نہیں ہے یعنی ایسا بھی ہوگا۔ جیسا کہ جواب برآمد ہوا ہے یا اس میں شک و شبہ کی گنجائش ہے اور ممکن ہے اس کے خلاف بھی ہو جائے میں اس بارے میں اپنا مذہب و مسلک اور اپنی تحقیق اور اپنا عمل درآمد پیش کرتا ہوں۔ جن اصحاب کو میری تحقیق میرے مذہب و مسلک سے اتفاق ہو وہ میری طرفداری کریں۔ جن کو مجھ سے اختلاف ہو وہ اپنی تحقیق پر عمل کریں۔ لکم دینکم ولی دین۔ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ "یک من علم را دہ من عقل باید" اگرچہ میں نے نہایت بسط و شرح سے آسان اور عام فہم عبارت میں سب طریقہ بیان کر دیا ہے۔ لیکن اب بھی آپ کو دماغ پاشی اور فکر بلیغ کی ضرورت ہے۔ صرف میری تحریر سے کام نہیں چلے گا۔ میں تو ایک رہنما ہوں۔ راستہ چلنا آپ کو ہی ہوگا۔ علاوہ ازیں یہ علوم نعوذ باللہ علم غیب تو نہیں کہ سرمۂ تیر نشانے پر بیٹھ جائے۔ اگر سو سوالوں میں سے دو سو الوں کا جواب ناطق نہ ہو تو قابل اعتراض نہیں نہ تعجب و ندرت ہے۔ آخر ایک انسانی حساب ہے۔ سو فیصد تو احکام خداوندی ہیں۔ انسانی کام ننانوے فیصد بڑی مشکل سے ہوتے ہیں۔ اگر انسان کا علم بھی سو فیصد ہو جائے تو پھر علم خداوندی اور علم انسانی میں تفاوت نہ رہیگا۔ جہالت انسان کی فطرت ہے۔ اِنَّ الْاِنْسَانَ کَانَ ظَلُوْمًا جَہُوْلًا (تحقیق انسان ظالم اور جاہل ہے) جو میرے تجربہ اور تحقیق میں تھا میں نے بیان کر دیا۔ اب آپ کو نفع پہنچانا اور تجربہ کے بعد صحیح ہونا یہ قدرت کے زبردست اختیار میں ہے۔ میں خود گم گشتۂ کوئے جہالت ہوں۔ "من خویشتن گم ام کہ کرا رہبری کنم" غلطیاں ہو جاتی

ہیں۔ میرا تجربہ یہ ہے کہ بعض وقت میں فاش غلطی کر جاتا ہوں۔ اور اپنی غلطی نہیں دیکھتی۔ نگاہوں پر پردہ پڑ جاتا ہے۔ مجھے اقرار ہے کہ میری کتاب میں سقم بھی ہونگے۔ عیب بھی ہونگے۔ کیونکہ کوئی کتاب جامع نہیں ہو سکتی۔ اگر ایک ہی کتاب سے علم آجاتا تو پھر ایک موضوع پر اتنی کتابیں کیوں لکھی جاتیں۔ میں لاکھ کوشش کروں اور مسودہ صحیح لکھوں۔ مگر مسودہ طبع ہونے تک کئی ہاتھوں سے گذرتا ہے اس میں غلطیاں ہونی ضروری اور لازمی ہیں۔ اور بجائے مصنف کے تمام غلطیاں اسکے سر تھوپ دی جاتی ہیں۔ ایک عرب کا قول ہے۔ مَنْ صَنَّفَ فَقَدِ اسْتَهْدَفَ جس نے کوئی کتاب تصنیف کی وہ ہدف ملامت ہو گیا۔ ؎

قبا گر حریر است و گر پرنیاں ۔۔۔ بنا چار خشوش بود درمیاں

مگر میری قوت جس حد تک تھی وہ میں نے لکھ دیا۔ باقی فَضَّلْنَا بَعْضَكُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ۔ جس قدر مجھ سے بیان ہونا تھا میں نے بیان کر دیا۔ باقی آنے والے اپنی راہ اختیار کریں گے۔

خدا کے فضل و کرم سے آپ کو سمجھنے میں کوئی مشکل یا دقت پیش نہیں رہے گی۔ یہ حق بجانب ہے۔ کہ میں نے اپنی تمام قوت اور معلومات اور عمل اس کتاب میں بیان کر دی ہیں۔ لیکن اگر آپ غور کریں گے۔ تو یہ بات پوشیدہ نہ رہے گی کہ ان غوامض اور حقائق کے حل کرنے میں اور دریافت کرنے میں۔ عبدالرشید، عبدالمجید اور محمد سلیم اور الفت رحیم نے میری پوری پوری مدد اور تعاون کیا ہے۔ خدا ان کو خوش رکھے۔ اس کے باوجود بھی مجھے بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ میں اپنی علمی کم مائیگی کا خود معترف ہوں اور کسی طرح وَمَا أُوتِيتُم مِّنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيلًا کے ناقص گروہ سے جدا نہیں ہو سکتا۔ لیکن جو کچھ عمر گرانمایہ کے صرف سے حاصل ہوا وہ ہدیۂ ناظرین ہے اگر سخن پرور اور معارف شناس احباب نے قدر افزائی کی تو بشرط حیات مستعار میں کچھ اس سے بھی زیادہ عروس سخن کی نقاب کشائی کر سکوں۔ یہ کتاب اس وقت بھی کسی کے زیر نظر ہو گی جب عبدالرحیم لحد کی آغوش میں خاک ہو چکا ہو گا اور اس کی ہڈیاں بھی خاکستر ہو چکی ہوں گی اور اس کی روح آپ کی نیک دعاؤں کی محتاج ہو گی۔ اس کتاب کے مطالعہ کرنے والوں سے استدعا عاجزانہ، التماس غریبانہ کرتا ہوں۔ کہ اللہ کے واسطے گنہگار رند کے لئے دعا کر کے خدا غفور الرحیم اس کے گناہوں کو معاف فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

آج مورخہ ۲۳ مئی سنہ ۱۹۷۶ء بمطابق ۲۳ جمادی الاول سنہ ۱۳۹۶ھ ۱۰ جیٹھ سنہ ۲۰۳۳ء بروز اتوار وقت ۵ بجے شام مقام بہاول پور جگہ شاہدرہ یہ کتاب ختم ہوئی۔

وَآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِينَ ؕ

نقطے کی تشریح

ضمیمہ علم



طالع میں جماعت ☰ ہے۔ یہ شکل نحس ممتزج مانع مراد ہے۔ لیکن چونکہ اس شکل کو خانۂ اوّل میں قوت فرح حاصل ہے۔ اس لئے باقوت ہے۔ دلیل ہے۔ کہ سائل فکرمند و پریشان ہے۔ لیکن آئندہ اسکو ثابت قدمی نصیب ہوگی اور حالات بہتر ہوں گے اس دلیل کے ساتھ کہ جماعت کو طالع میں قوت فرح حاصل ہے۔ اور اس کے مستقبل میں ☷ شکل سلطان الکواکب منسوب بہ شمس ہے۔ اور خانۂ چہارم میں جو تیسرا خانے سے دوسرا خانہ ہوتا ہے شکل سعد اکبر ☱ منسوب بہ کوکب مشتری آئی ہے۔ دائرہ سکن کی رو سے شکل ☶ خانہ دہم کی سکن ہے اور نوگھر سفر کر کے خانۂ دوم بیت الاموال میں آتی ہے، نوان خانہ نیک ہے اور شہرت و عشرت سے منسوب ہے۔ مراتب ہشتگانہ کی رُو سے یہ شکل (☶) دوسری شکل ہے۔ اور دوسرا خانہ مال و دولت سے منسوب ہے، مراتب ہشتگانہ کی رُو سے یہ شکل آٹھ مراتب رکھتی ہے۔ (☶، ☶، ☶، ☶) اور آٹھویں خانے میں شکل نعرۃ الداخل ☳ آئی ہے۔ جو اُمید، دولت اور کوکب مشتری سے منسوب ہے۔ اور اُمید بر آنے کی دلیل ہے شکل نعرۃ الداخل خانۂ چہارم میں تکرار رکھتی ہے۔ جو حصول و لاحصول سے متعلق ہے۔

نقطۂ ضمیر نقطۂ آتش کو حرکت دینے پر پہلے تیر ہویں خانے میں جاتا ہے جہاں دائرہ ابدج کی رُو سے پانچویں خانے کی شکل قبض الخارج ☵ موجود ہے۔ یہاں نقطۂ آتش میں ادرعوارت جذب ہوتی ہے۔ اور اگر کوئی عمل اور خوشخبری کا سُراغ ملتا ہے۔ پھر نقطۂ آتش نویں خانے میں شکل نعرۃ الخارج ☵ میں جاتا ہے۔ چونکہ شکل ☵ جاہ و منصب اور عہدے سے منسوب ہے اور نواں خانہ شہرت کا خانہ ہے۔ صاف ظاہر ہے کہ سائل کا ضمیر حصول شہرت اور جاہ و منصب ہے۔ مزید برآں دائرہ عدد کی رُو سے جماعت ☰ کا مطلوب ☵ ہے جو دائرہ مزاج کی رُو سے پانچویں خانے میں وارد پیدا ہوتا ہے۔ (☰ × ☵) = ☵ اور مطلوب کا عکس ☲ پانچویں خانے میں موجود ہے۔ جس کو پانچویں خانے میں قوت فرح حاصل ہے — ☵ دائرہ ابدج کی رُو سے ساتویں خانے کی شکل ہے اور ساتواں خانہ منسوب ہے فریق ثانی اور غائب سے — ان تمام شواہدات کی روشنی میں سائل کا ضمیر روز روشن کی طرح عیاں ہے۔ سائل مستقبل میں بڑا عہدہ حاصل کرے جاہ و

منصب میں اضافہ کرنا اور دولت حاصل کرنا چاہتا ہے۔ فریق ثانی سے جو اس وقت غائب ہے سائل کا ضمیر اسے بتلا دیا گیا۔ جسے اُس نے تسلیم کر لیا۔ یہاں یہ بات واضح کرنا بے محل نہ ہوگا کہ سائل کا ضمیر معلوم کرنے کا ایک اور طریقہ — جو اکثر و بیشتر صحیح ثابت ہوتا ہے — یہ ہے کہ زائچے کے افراد رمل کو ۱۶ پر تقسیم کرنے سے جو باقی رہتا ہے۔ پہلے خانے شمار کرنے پر گنتی جس شکل پر ختم ہوتی ہے وہ شکل ضمیر و طلب سائل ہوتی ہے۔ اور اس خانے کے منسوبات کیمطابق اس کا ضمیر ہوتا ہے۔ زائچہ زیر غور میں افراد کی تعداد ۳۰ ہے ۱۶ سے تقسیم کرنے پر ۱۴ باقی رہتے ہیں۔ چودہویں خانے میں شکل نصرۃ الدخل آئی ہے۔ جو دولت و اُمید سے منسوب ہے اور چودہویں خانے کی شکل عتبۃ الدخل جو منسوب بہ کوکب زہرہ ہے اور دولت سے منسوب ہے، خانۂ روشن پنجم میں گئی ہے، دائرہ عدد کی رُو سے صاحب زائچہ کو عتبۃ الدخل سے ضرب دینے پر (×) شکل حاصل ہوتی ہے۔ جو جاہ و منصب، بلند مرتبے اور دولت سے منسوب ہے۔ شکل مستحصلہ خانۂ مائل وتد میں وہ پردہ پیدا ہونے کے سبب سوال کا تعلق مستقبل سے ہے پس سائل کا ضمیر یہ ہے۔ کہ مستقبل میں اسکو بڑا عہدہ یا جاہ و منصب حاصل ہوگا یا نہیں؟ — بارہواں خانہ بند و دشمنی کا ہے جس میں شکل آبی بیاض مصادق ہے صورت صلح و آتشی کی ہے۔ دلیل ہے کہ جاہ و منصب کے حصول میں دشمنی پیدا ہو لیکن بعد میں دشمنوں سے صلح ہو جائے اور بادشاہ یا حاکم کی عدد سے سائل کو جاہ و منصب مل جائے شکل دوازدہم کو صاحب خانہ سے ضرب دینے پر (×) = شکل سلطان الکواکب حاصل ہوتی ہے جو مزید دلیل اس بات کی ہے۔ کہ حاکم سائل کی دستگیری کرے گا۔

جو براڑانے سے یعنی ۱ × ۱۰ × ۱۱ سے × = = مشکل حاصل ہوتی ہے۔ جو خانۂ روشن پنجم میں موجود ہے۔ اور شکل سعد داخل ہے۔

نقطۂ حکم نقطۂ خاک دست چپ کی طرف حرکت کرتا ہے۔ جو نحس ہے۔ پہلے یہ خانہ چہاردہم مرکزی مخالف باد میں جاتا ہے۔ پھر خانۂ یازدہم آبی مرکز مصادق میں جاتا ہے۔ پھر خانۂ آتشی پنجم مرکز مسالم میں اسکی حرکت منتہی ہوتی ہے۔ جہاں اسکو دوستی اور دشمنی حاصل ہے۔ شکل عتبۃ الداخل جس میں نقطۂ خاک کی حرکت منتہی ہوتی ہے غیر میزانی شکل ہے۔ عرضی حرکت دینے پر بھی نقطہ کسی شکل میزانی میں نہیں جاتا ہے، اسلئے شکل عتبۃ الداخل کو گرفت کیا یہی سائل کا نقطۂ اوّل خاک ہے جو مراتب ہشتگانہ کا ساتواں نقطہ ہے۔ اس کا مطلوب خاک ہے جو مراتب ہشتگانہ کا آٹھواں نقطہ ہے۔ جو مرکز مصادق خانۂ ہفتم میں در پردہ پیدا ہوتا ہے۔ (×) = اور اپنے طالب کو ناظریہ نظر تسدیس ہے۔ یہ نظر نیم دوستی کی ہے۔ اور دلالت کرتی ہے۔ اوّل بہ آسانی اور آخر بہ دشواری۔ مطلوب کا مطلوب یعنی مطلوب المطلوب خاک ہے جو خانۂ یازدہم سے اپنے مطلوب خاک کو ناظریہ نظر تثلیث ہے۔ جو — جیسا کہ اوپر مذکور ہو چکا ہے — خانۂ ہفتم میں در پردہ پیدا ہوتا ہے۔ ان تمام دلائل کی روشنی میں حکم حصول مراد کا ہے۔

خانۂ دہم کی شکل کا گواہ چوتھے خانے میں ہے۔ جسکو خانۂ مذکور میں ہبوط ہے۔ یعنی بلندی سے پستی کی طرف گر جانا، تیرہویں خانے کی شکل ہے اور دائرہ مزاج کی رُو سے دوسرے خانے میں — جو تیرہویں خانے سے چھٹا خانہ ہوتا ہے۔ در پردہ پیدا ہوتی ہے × = =

چونکہ چھٹا خانہ منسوب ہے غم و اندوہ اور نقصان سے اور مذکورہ شکل ☍ آٹھ گھر سفر کر کے خانۂ چہارم میں پہنچ گئی ہے جہاں اسکو ہبوط ہے اور آٹھواں خانہ منسوب ہے۔ حادثہ مرگ، رنج و الم اور صعب ماتم سے۔ اسلئے یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ حصول جاہ و منصب میں سائل کا نہ صرف کثیر روپیہ صرف ہوگا۔ بلکہ اسکو مشکلات کا مقابلہ ہوگا۔ یہ نتیجہ اس لحاظ سے بھی درست ہے کہ تیرہویں خانے میں شکل قبض الخارج ☵ آئی ہے جو اس بات کی دلیل ہے کہ سائل کے ہاتھ سے دولت نکل جائے اور اس کے دشمن زیادہ ہلیف سائل حصول اقتدار کے بعد دولت دوبارہ حاصل کرے گا۔ اس دلیل کی بنا پر کہ خانۂ دہم بادشاہ۔ حکومت و مملکت۔ جاہ و حشمت اور اقتدار سے منسوب ہے۔ جس میں شکل اجتماع ☌ آئی ہے۔ جو عطارد سے منسوب ہے۔ اور خانۂ دہم برج جدی کا ہے۔ جس میں عطارد کو قوت حاصل ہے۔ دائرۂ ابدج کی رُو سے اجتماع ☌ خانہ ششم کی شکل ہے اور پانچ گھر سفر کے خانۂ دہم میں آتی ہے۔ اور پانچواں گھر منسوب ہے۔ ترسیل زر سے — فقی الجد ☍ کا عکس ☍ پانچویں خانے میں در پردہ پیدا ہوتا ہے۔ ☍ × ☍ = ☍ — شکل نقی الجد ☍ تیرہویں خانے کی شکل ہے۔ اور تیرہویں خانہ سے خانۂ پنجم نواں خانہ ہوتا ہے اور نواں خانہ دلیل راہ ہے۔ اور منسوب ہے شہرت سے۔ لہذا حکم یہ ہے کہ سائل صحیح راہ پہ گامزن ہوگا۔ اور کس کو شہرت نصیب ہوگی۔

دائرہ کی رُو سے ☍ خانۂ دہم کی شکل ہے اور جانب اعمات درجۂ اعلیٰ کی طرف خانۂ آتشی، خانۂ نہم میں گئی ہے۔ پھر اپنے گھر سے نو گھر سفر کر کے خانۂ دوم، بیت المال میں گئی ہے، صریح دلیل ہے کہ سائل حصول مقصد کے لئے سفر کرے۔ اسکو مالی منافع حاصل ہو۔ اور اس کے کارکن مالی امور بخوبی انجام دیں۔

☍ شکل چودھویں خانے میں دلیل ہے۔ حصول مطلب کی مذہبہ کے ذریعہ، چونکہ دائرہ سکن کی رُو سے ☍ شکل گیارہویں خانے کی ہے اور دائرہ اسچ کی شکل ☍ (جو صاحب خانہ یازدہم ہے) سے ضرب دینے پر ☍ × ☍ = ☍ شکل حاصل ہوتی ہے جو وزارت سے منسوب ہے۔

خانۂ دوازدہم میں بیاض ☍ اور خانۂ سیزدہم میں قبض الخارج ☍ دلیل ہے۔ کہ سائل کو آخر کار دشمنوں پر فتح حاصل ہوا در وہ اس سے صلح پہ آمادہ ہو جائیں۔ کام کی عاقبت معلوم کرنے کے لئے شکل اوّل کو شکل چہارم سے ضرب دیا ☍ × ☍ جس سے شکل ☍ حاصل ہوئی۔ پھر شکل چہارم اور شکل چہاردہم کو ضرب دیا ☍ × ☍ جس سے شکل ☍ حاصل ہوئی۔ بعد ازاں اشکال ☍، ☍ کی باہمی ضرب سے شکل نصرۃ الداخل ☍ حاصل ہوتی ہے۔ یہ شکل سعد اکبر ہے۔ اور منسوب بہ مشتری ہے، خانہ مرتبک دہم میں جو شکل بادشاہ کے ہے۔ در پردہ پیدا ہوتی ہے، ☍ × ☍ = ☍ اس کا عکس خانۂ دوم اور خانۂ نہم میں موجود ہے، ایک سعد اور ایک نحس ہے۔ شکل کی باہمی ضرب کا نتیجہ ہے، سعادت اسکی قابل اعتبار ہے۔ اور یہ اُمید ہے ضائع نہیں ہونے دیتی ہے۔ دیکھئے اُمید کا نتیجہ ☍ × ☍ = ☍ خانۂ چہاردہم میں جو حصول والد حصول سے منسوب ہے۔

مدت معلوم کرنے کے لئے زائچے کے کل افراد کی تعداد معلوم کی جو ۹۸ ہے۔ ۱۶ سے تقسیم کرنے پر ۲ باقی رہتے ہیں۔ اور خانۂ دوم میں شکل ☍ موجود ہے۔ حسب قاعدہ مدت

ایک سال ہے۔ کیونکہ اگر۔

۱) [illegible] اشکال میں سے کوئی شکل ہو تو مدت دنوں کی ہوگی۔

۲) [illegible] اشکال میں سے کوئی شکل ہو تو مدت ہفتوں کی ہوگی۔

۳) [illegible] اشکال میں سے کوئی شکل ہو تو مدت مہینوں کی ہوگی۔

۴) [illegible] اشکال میں سے کوئی شکل ہو تو مدت ایک سال ہوگی۔

اخبار جنگ مورخہ ۱۰ر جولائی ۱۹۸۱ء میں خبر شائع ہوگئی کہ سائل عہدہ کے لئے بلا مقابلہ منتخب قرار دیا گیا۔

[illegible] × [illegible] = [illegible] شرح ہے۔ جو دائرہ بروج کی رو سے خانۂ پنجم میں در پردہ پیدا ہوتی ہے۔ [illegible] × [illegible] = [illegible]، شکل سعد اکبر ہے اور پانچویں خانۂ لحیان [illegible] کے لئے طرح کا خانہ ہے۔ حسب قاعدہ اگر خانۂ طرح میں نحس شکل آئے یا در پردہ پیدا ہو تو کام کا پھل اچھا ملے۔ اور اگر سعد شکل خانۂ طرح میں آئے یا در پردہ پیدا ہو تو کام کا پھل اچھا نہ ملے۔ چونکہ خانۂ طرح میں شکل سعد [illegible] در پردہ پیدا ہوتی ہے، صریح دلیل ہے کہ کام کا پھل اچھا نہ ملے، خانۂ عاقبت العاقبت میں غصلہ [illegible] کے آنے سے بھی یہی نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ انجام کار اچھا نہ ہو، چنانچہ ایک سال بعد سائل کو عہدے سے علیحدہ ہونا پڑا۔

قرعہ رمل
صحیح وقت کا موجود ہے

روحانی طاقت
کو
ضرور آزمائیں

تکلیف اور مرض کی اسباب اور وجوہات دریافت کریں خواہ کتنا دوری کیوں نہ ہو میری روحانی امداد بہر حال کام کرے گی۔ آپ حاضر ہوں یا غیر حاضر مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ میرا طریق علاج ہر حال میں آپکی مدد کرے گا۔ صحت کو حاصل کرنے اور قوتِ حیات کو قائم رکھنے کے لئے علاج بلا دوا کروائیں۔

طبیبِ روحانی
شاہدرہ بہاولپور